Ested: 2013

ماہنامہ

# قندیل اَدب اِنٹرنیشنل لندن




شمارہ: 63 ماہ/مارچ 2018

QINDEEL-E-ADUB INTERNATIONAL
80 STRATHDONE DRIVE SW170PW LONDON
(M) 0044-7886-304637, 02089449385
www.qindeel-e-adub.com, ranarazzaq52@gmail.com

















# SHARIF

## HALAL MEAT & GROCERIES FRESH FRUITS & VEGETABLES

**Munir Sheikh**

**02088719265, 07426546212**
**07450161511**



**189 MERTON ROAD SW18 5EF**

**LONDON**



# GOODFELLOWS SOLICITORS

12 SELKIRK ROAD, SW17 OES

**SHAHID LATIF**

**DIRECTOR**

SL@GOODFELLOWSSOLICITORS.CO.UK

CONTACT

**07790945945**

**02087676800**

**FAX: 02087676802**



# BSC ELECTRICAL ENGINEERS

Part P Approved Contractor
Certification
Rewire PAT Testing
Replacement Fuse Board
Fault Detection

Contact:

**SAMIULLAH: 07432715797**

E-mail: ssami19693@hotmail.com

Web: bscelectricalengineers.co.uk



# HEATING LTD.




24 7 EMERGENCY SERVICE

**Domestic & Commercial**

**Contact: 07722 222 965**

www.247breakdownsolution.co.uk

# مجلس ادارت



بانی رُکن

خان بشیر احمد رفیق مرحوم



مدیر

رانا عبدالرزاق خاں

## اراکین ادارتی بورڈ

آدم چغتائی، ڈاکٹر منور احمد کنڈے، رضیہ اسمعیل برمنگھم، رند ملک کنیڈا، اسلم ناصر آسٹریلیا، اے حق یو کے ٹائمز، ثقلین مبارک آسٹریلیا، رانا مبارک احمد بحرین، بشیر احمد خان سویڈن، راجہ منیر احمد، ڈاکٹر منصور خوشتر بھارت، منور احمد خورشید۔ امجد مرزا امجد۔ طارق مرزا آسٹریلیا۔ عبدالقدیر کوکب۔

## التماس

ہم سب دوستوں سے التماس کرتے ہیں کہ اپنے ادبی فن پارے، غزل، نظم، افسانہ، مشاعرے کی روئیداد وغیرہ جو بھی اِن پیج میں ارسال کیا جائے گا۔ بلاتفریق اسے معیار کے مطابق شائع کیا جائے گا۔ جو دوست بھیجتے ہیں اُن کی قدر کی جاتی ہے۔ قندیل ادب اکثر مما لک میں لاکھوں قارئین تک جاتا ہے۔ اور ویب سائٹ سے بھی پڑھا جاتا ہے۔ اگر آپ کے پاس ادبی فن پارے کوئی نہیں تو اپنے ریمارکس ہی ارسال کر دیا کریں تاکہ ہم اپنا محاسبہ کرتے رہا کریں۔ شکریہ

رانا عبدالرزاق خاں

پبلشر سویرا اکیڈیمی، لندن

AMJAD MIRZA

mirzaamjad@hotmail.co.uk / 07939 830093

# فہرست مضامین


| عنوان | مصنف | صفحہ |
|---|---|---|
| غزلیات: ڈاکٹر منور احمد کنڈے، ٹیپو ارسلؔ، امجد مرزا امجدؔ، سلیم مرزا، بریڈفورڈ۔ ایم زیڈ کنول (لاہور) اسلم چغتائی (لندن) طفیل عامر، بشارت احمد بشارت، سیمیں برلاس، سہیل احمد لون سرے، نجمہ شاہین کھوسہ، احمد مسعود، (نوٹنگھم) فوزیہ مغل (جرمنی) سمن شاہ (پیرس) مبارک احمد ظفر، بشریٰ سعید (فرینکفرٹ) خالد محمود احمد، حنیف تمنا، اطہر حفیظ فراز، ڈاکٹر منورؔ احمد کنڈے، عاصی کاشمیری، اسحاق ساجد، ساحر شیوی، سید معراج جامی، طاہرہ رُباب (جرمنی) شفیق مراد (جرمنی) پروفیسر عبدالصمد قریشی، چودھری مسعود احمد (جرمنی) طاہر عدیم (جرمنی) فرزانہ نیناں (نوٹنگھم) نور جہاں نوری (لندن) تسلیم الٰہی زلفیؔ (کینیڈا) ریحانہ احمد جاناں، خالد ملک ساحلؔ (ہمبرگ) فرزانہ فرحت (لندن) مظفر احمد مظفرؔ (لندن) سید امجد شاہ (جرمنی) عاصی صحرائی، مبارک صدیقی، سوہن راہی۔ | | 5-13 |
| ننھی کلی زینب کا قتل۔ تقسیم کی لکیر | | 13 |
| جنگل کے بادشاہ سے ایک ملاقات | بلال احمد شمیم | 14 |
| نیو ہیم پاکستانی کمیونٹی فورم کی جانب سے سال مبارک کا پروگرام اور مشاعرہ | امجد مرزا امجد | 16 |
| جستہ جستہ۔ | عاصی صحرائی | 17 |
| حاجی محمد یعقوب اختر انصاری وفات پا گئے | ادارہ | 21 |
| سوچنے کی بات | خالد محمود احمد | 22 |
| ننھی زینب کا قاتل کون ہے؟ | ادارہ | 24 |
| دُنیا میں دو قسم کے لوگ ہوتے ہیں | عاصی صحرائی | 25 |
| جنسی تعلیم کی آڑ میں گھناؤنی سازش! | انصار عباسی | 26 |
| میری وفات | محمد اظہار الحق | 27 |
| اس نظم کو پڑھیے | مبشرہ ناز لندن | 29 |
| پراثر شخصیت | ادارہ | 30 |
| مشہور افسانہ نگار سید سرور ظہیر غزالی آف جرمنی کی کتاب ''بکھرے پتے'' سے چند افسانے | ادارہ | 31 |
| ''سندھ رینجرز کا کھجور'' | ادارہ | 36 |
| قائد اعظم کی زندگی کا ایک خاکہ | ادارہ | 37 |
| جونک | امجد مرزا امجد | 38 |
| ڈاکٹر منور احمد کنڈے کی شاعری کی چودھویں کتاب پر تبصرہ | رانا عبدالرزاق خان | 38 |
| عاصمہ جہانگیر | رانا عبدالرزاق خان | 41 |
| غزل میں سچے جذبوں کا شاعر | طاہر مجید | 42 |


***

**RASHID & RASHID**
Solicitors, Advocates
Immigration Specialists
Commissioners of Oaths

# راشد احمد خان
وکیل (پرنسپل)

Benefit with very competitive rates, tailored advice & service to suit your specific needs, 24 hour response to all online enquiries and our many years of experience
www.rashidandrashid.co.uk

مناسب ریٹس میں آپ کی مخصوص ضروریات کے تحت موزوں مشورہ، 24 گھنٹے آن لائن سروس اور ہمارا سالوں کا تجربہ

- Asylum & Immigration
- New Point Based System
- Settlement Application (ILR)
- European Law
- Nationality & Travel Documents
- Human Rights Applications
- High / Court of Appeals
- Family Matters and Divorce
- Switching Visas
- Over Stayers
- Legacy Cases
- Work Permits
- Visa Extensions
- Judicial Reviews
- Tribunal Appeals
- Student appeals



- اسائلم/سیاسی پناہ اور امیگریشن
- سیٹلمنٹ درخواست (ILR)
- نیشنیلٹی اور سفری دستاویزات
- ہائی/کورٹ آف اپیل
- نیا پوائنٹ بیسڈ امیگریشن سسٹم
- یورپین قانون
- درخواست برائے انسانی حقوق/ہیومن رائٹس
- طلاق و دیگر خاندانی معاملات
- ویزا میں تبدیلی
- اوور سٹیئرز
- وراثتی معاملات/لیگیسی کیس
- ورک پرمٹ
- ویزا توسیع/ایکسٹینشن
- جوڈیشل ریویو
- ٹرائیبونل اپیل
- سٹوڈنٹس اپیل

**FREE CONSULTATION & LEGAL ADVICE**
24 Hours Emergency Numbers

**مفت قانونی مشاورت**
24 گھنٹے ایمرجنسی سروس

# 07878 33 5000 / 07774222062

**RASHID & RASHID LAW FIRM**
211, The Broadway, Southall, UB1 1NB.
Near McDonalds Southall.
Tel: 02085 401 666, Fax 02085 430 534
Email: law786@live.com

190 Merton High Street, Wimbledon
London SW191AX
Tel: 02085 401 666, Fax 02085 430 534
Email: law786@live.com

**راشد اینڈ راشد لاء فرم**
211، دا براڈ وے، ساؤتھ ہال، UB1 1NB نزد میکڈونلڈز ساؤتھ ہال
فون: 02085 401 666، فیکس 02085 430 534
ای میل: law786@live.com

190 میرٹن ہائی سٹریٹ، ویمبلڈن
لندن SW19, 1AX
فون: 02085 401 666، فیکس 02085 430 534
ای میل: law786@live.com

**SOW THE SEEDS OF LOVE**

# غزلیات



"پنجاب دے رنگ"

مرتبہ۔امجد مرزا امجد
mirzaamjad@hotmail.co.uk
(Mob. 07939830093



## ڈاکٹر منور احمد کنڈے



کھیل تماشہ کیوں کریئے
اُس تے دعوٰی کیوں کریئے
لال سیاہی مِٹ نہ سکدی
پتّر ساوا کیوں کریئے
ڈینگی چال اے سِدھی کرنی
بول بھراوا کیوں کریئے
شعر ترا نہ پلّے پیندا
واہ واہ شاوا کیوں کریئے
بے درداں دی دُنیا ساری
درد مٹاوا کیوں کریئے
وِک گئے ڈنگر کھیت منوّرؔ
سبز گناوا کیوں کریئے

## ٹیپو ارسل



چھڈ ایہہ گلاں من جا ہُن وی
کد تک دل نُوں ٹالیں گا
عشق نہ چھڈدا کجھ وی پلّے
ایویں جند ہی گالیں گا
روگ اوّلے جان نہ چھڈن
کد تک روگ ایہہ پالیں گا
رات پئی ہُن سو جا تُو وی
کد تک دیوا بالیں گا

## امجد مرزا امجدؔ

پہلے تے کجھ ہور کہیا سی ہُن کہنا ایں ہور
اگلی پچھلی گل تے بولیں پہلے کریں توں غور
کردا پھرنا ایں لکھ تدبیراں پر چلے نہ تیرا زور
لکھی ہوئی کدی نہ بدلے جِنّا کریں توں غور
لکھاں واعظ مُلاں دے سن لے پڑھ لے ڈھیر کتاباں
بھاویں کجھ لگاواں اس دیاں نفس بڑا مونہہ زور
دن دہاڑے ڈاکے پیندے گلی گلی وِچ خون
کَنج سُنے کوئی آہ کسے دی ہر پاسے کھپ شور
ہر بندے دی اپنی قیمت وِکدا ہر کوئی مول
بے مُل رہیا امجدؔ لوکاں مُل پایا کجھ ہور

## سلیم مرزا، بریڈفورڈ


نکے نکے اِتھے اساں موصوم آئے ساں
دکھاں درداں نیں گھنی ہجوم آئے ساں
اک تے دیس پرائیاں فرکم ڈاہڈے
دُوہا وچ پردیس نیں غم ڈاہڈے
قدم قدم درپیش مجبوریاں نیں
نالے اوکھیاں بہوں مزدوریاں نیں
ٹی وی ریڈیو تے نہ ٹیلفون کوئی
نہ ای شغل تماشہ سکون کوئی
ستوں ست تے کم سن ست راتاں
چنگیاں بھلیاں نی ماری سی مت راتاں
قدم قدم درپیش مجبوریاں نیں
نالے اوکھیاں بہوں مزدوریاں نیں
گُرہ کدہ کوئی رقعہ تے خط اشناں
کول کول ہر بندہ سی بھی گشناں
خورہ مہاڑے کوئی نام سلام ہوسی
مہاڑے بارے کوئی آیا پیغام ہوسی
بھینڑاں بھائیاں نال پیاں اج دوریاں نیں
قدم قدم درپیش مجبوریاں نیں
نالے اوکھیاں بہوں مزدوریاں نیں

## ایم زیڈ کنول (لاہور)



ہنجواں دا اتبار گنوایا
زخماں دا دربار لگایا
تاریاں نُوں بُکّل چُ بھر کے
ساہواں نوں ہمراز بنایا
شمس قمر توں سوز چُرا کے
ہاواں نوں دِلدار بنایا
سجدے، دھوکھے، تسبیح دھوکہ
کیہہ شیطاناں روپ وٹایا
کنولؔ کِھڑا کے چکڑاں دی تھاں
کنڈیاں وِچ گلزار کھڑایا

## اسلم چغتائی، لندن



سُکھ چین اساں گنوایا اندر ولائت دے
ہر اپنا وی ویری ہویا اندر ولائت دے

ہار بیٹھے آں اج ہتھ اپنی اولاد دے
اوہی کپیا جو بویا اندر ولایت دے
کما گئے کرن محنت والے وچ جگ دے
کوٹھا نکمیاں دا اج چویا اندر ولایت دے
مل دی دو ویلے روٹی وہلیاں نوں وی ایتھے
وہلیا واند وی ڈاہ منجی سویا اندر ولایت دے
جنہاں ہتھ دتے چپو بیڑی اپنی دے
اونہاں وچ دریا جا ڈبویا اندر ولایت دے
بن گئے گھر اللہ دے وی کھیڈ سیاست دے
ہر مسیت تے فساد ہویا اندر ولایت دے
کم بالاں دا نہیں کرنی شاعری چغتائی
میرے وانگ دا ایتھے ہر شاعر ہویا اندر ولایت دے

## طفیل عامر



رولا جیا، دل وچ پے گیا اے
لگدا اوہ سب کجھ لے گیا اے
کر ربّ دا شکر ادا بلیا
کوئی چھاویں تیری بہہ گیا اے
جے ڈونگا سوچ کے میں بولاں
ہن بندہ کلا رہ گیا اے
گل اوہدے نال تے دل دی سی
اکھاں وی ساتوں لے گیا اے
گھر ہندے نال وسیبے دے
دل والا کوٹھا ڈھے گیا اے
ماڑے نوں تگڑا اج پینڈا
ککڑاں نوں بلا پے گیا اے
مُڈھ بجھ گیا خون خرابے دا
موڈھے نال موڈھا کھے گیا اے
گل توں نہیں سن سکنی اک وی
عامرؔ تے اج وی سہہ گیا اے



## بشارت احمد بشارتؔ

تیری یاد نوں سینے لا کے رکھاں گے
پیار دے سوہنے لاڈ لڈا کے رکھاں گے
دل چھل کھاندی اپنی سوہنی قسمت دے
پچھے پچھے پیر ٹکا کے رکھاں گے
میرے چنا! تیریاں وچ اُڈیکاں دے
شام سویرے روز سجا کے رکھاں گے
لوکاں دے نال بھریاں پنڈاں شہراں نوں
تیرے باجھوں بُھل بُھلا کے رکھاں گے
ہجر وچھوڑے دتے جیہڑے ہنجو نیں
موتی پلکاں تیک سجا کے رکھاں گے
تیرے رنگ وچ رنگ کے دل دی دنیا نوں
اپنے پیار دی شان ودھا کے رکھاں گے
چاواں وچوں سوہنا چاء بشارت دا
ایہنوں دل دے شہر وسا کے رکھاں گے



## سمیں برلاس

رُخ پہ تازہ گلاب رکھ دینا
جلتی آنکھوں میں خواب رکھ دینا
سر پہ تاروں کی اوڑھنی رکھنا
ہاتھ میں ماہتاب رکھ دینا
ہم مسافر ہیں ریگ زاروں کے
راستے میں سراب رکھ دینا
مے جو مل جائے معرفت کی تمہیں
ہاتھ سے پھر شراب رکھ دینا
زندگی خود سبق پڑھا دے گی
بند کرکے کتاب رکھ دینا
تجھ سے مانگے تو کیوں حساب کریں
جو بھی ہو بے حساب رکھ دینا
کون ہے جو گناہ گار نہیں
سب کا یارب حجاب رکھ دینا
گل نہیں خار ہی سہی سمیںؔ
کچھ تو رہ میں جناب رکھ دینا



## سہیل احمد لون، سرے

دل ہے پتھر نہ آنکھ پتھر کی
یہ ہیں سب سختیاں مقدر کی
کسی طوفاں کا پیشِ خیمہ ہے
مجھ میں یہ خامشی سمندر کی
ٹوٹنے سے جو بچ گیا ہوں میں
یہ عنایت ہے دیدۂ تر کی
ٹوٹ جانا تھا آئینہ اک روز
کیا ضرورت پڑی تھی ٹھوکر کی
ہم سزاوارِ زندگی ٹھہرے
بات پوری ہوئی ستم گر کی
جان دے کر سہیلؔ اس کے لئے
آبرو عشق کی اُجاگر کی



## نجمہ شاہین کھوسہ

ہر گھڑی درد کی شدت سے بلکتی آنکھیں
آتشِ ہجر سے ہر لحظہ پگھلتی آنکھیں
ایک لمحے کی ملاقات ہوئی عمر کا روگ
اُس کی صورت کو ہیں ہر وقت ترستی آنکھیں
دلِ بے تاب میں اب تک وہ مچلتی خواہش
تیری خوشبو سے مسلسل یہ مہکتی آنکھیں
خواب میں ٹھہرا ہوا جھیل کا وہ نیلا منظر

اور اسی جھیل کنارے ہیں بھٹکتی آنکھیں
اب تو وحشت سی ٹپکتی ہے ہر اک منظر سے
سوز و ہجراں کی تپش سے ہیں سلگتی آنکھیں
عشق نیلام ہوا، عام یا ناکام ہوا
رہ گئیں اہلِ وفا کی تو برستی آنکھیں
یہ حقیقت میں ہیں شاہینؔ سنبھلتی آنکھیں



## احمد مسعود، نوٹنگھم

ہم کہ سینے میں داغ رکھتے ہیں
گھر میں روشن چراغ رکھتے ہیں
آئے خوشبو ہماری باتوں سے
دل میں زخموں کا باغ رکھتے ہیں
کو دھبا نہیں ہے دامن پر
دل مگر داغ داغ رکھتے ہیں
آپ سوچیں تباہیاں ہر پل
آپ کیسا دماغ رکھتے ہیں
سوچنے دیجئے ہمیں بھی سر
ہم بھی سر میں دماغ رکھتے ہیں
پوچھئے ہم سے زندگی کیا ہے
ہمیں اس کا سراغ رکھتے ہیں
ان کو نسبت زمین سے کیا مسعودؔ
عرش پر جو دماغ رکھتے ہیں



## فوزیہ مغل (جرمنی)


### ماں

اے ماں بہت آتا ہے ہمیں باتیں بنانا
چلتا ہی نہیں کوئی تیرے آگے بہانہ
آنسو ترے دربارِ الٰہی کو ہلا دیں
ملتا ہے دعاؤں سے تری ہم کو خزانہ
سائے میں جو رہتے ہیں سدا ماں کی دعا کے
کیا ان کا بگاڑے گا، بھلا کوئی زمانہ
جنت تو مری ماں ترے قدموں کے تلے ہے
اب اور بڑا اُس سے ہو کیا کوئی خزانہ
رکھتے ہیں اپنی ماں کو جو ہر دم خوش و خرّم
گاتے ہیں وہی لوگ ہی خوشیوں کا ترانہ
یہ ماں ہی نہیں فوزیہؔ اک ڈھال ہے مری
ہر اک خطا ہو جائے گا دُشمن کا نشان



## سمن شاہ (پیرس)

جنوں پہنے خودی میں گم شبوں کے جلتے آنگن میں
عجب بے چین پھرتی ہے تری خواہش قلندر سی
سجی پوجا کے پھولوں سے جلا کر دیپ چاہت کے
تری راہ تکتی رہتی ہے محبت میری مندر سی
جکڑتی یوں ہیں نظروں سے کہ ہو جاتی ہوں میں بے بس
تری آنکھیں مری توبہ کسی جادو کے منتر سی
جہاں سے بے خبر ہو کر مثالِ بادباں جھوموں
مجھے مدہوش کر دیں یوں تری بانہیں سمندر سی
شفق انمول جذبوں کی نچھاور تجھ پہ کر دوں گی
عطا کر دو مجھے جاناں اگر اک شام سندر سی



## مبارک احمد ظفر

رَت جگا آج رات کرتے ہیں
اِمشب اس سے بات کرتے ہیں
وہ جو تقدیر کو بدل ڈالے
ایسی اک واردات کرتے ہیں
اپنے ہم رُوح کے مسیحا کو
نذرِ دل، جاں سوغات کرتے ہیں
اب تلک ہم سے جو نہ بن پایا
وہ سپرد اس کے ھات کرتے ہیں
چُھو کے مردوں کو زندگی بخشیں
ایسے وہ معجزات کرتے ہیں
وہ تو چوروں، قطب ولی کر دیں
یوں بھی وہ حادثات کرتے ہیں
وہ سکندر ہوا مقدر کا
ہم ظفرؔ پا کے نصرتِ مولیٰ
جربِ دُشمن کو مات کرتے ہیں

## بشریٰ سعید (فرینکفرٹ)

ان سے مدت سے رابطہ نہ ہوا
ہم سے اظہار برملا نہ ہوا
تیری چاہت میں دل دیوانہ ہوا
آج موسم بھی عاشقانہ ہوا
اس کو گھر سے گئے زمانہ ہوا
میرے دل کا مکاں پرانا ہوا
شب ہجر نے نبھائی رسمیں سبھی
دوستی کا بھی حق ادا نہ ہوا
میری سوچوں میں وہ رہا ہر دم
جو بچھڑ کر کبھی جدا نہ ہوا
میرے دلبر گھروندا مٹی کا
میری الفت کا آشیانہ ہوا
دور جا کر بھی میرے پاس رہا
وہ کسی لمحہ بھی جدا نہ ہوا
تیری فرقت بتاتی ہے بشریٰ
اب بھی نفرت کا خاتمہ نہ ہوا

اچھا دوست چاہے جتنی بار روٹھے
اُسے ہر بار منا لینا چاہیے کیونکہ تسبیح
کے دانے چاہے جتنی بار بکھریں چن
لیے جاتے ہیں۔
حضرت علیؑ

## خالد محمود احمد

نال دلیلاں لڑدا کوئی نئیں
لچے بندے پھڑدا کوئی نئیں
کوشش کرکے لکھدا رہ تو
سب دا سورج چڑھدا کوئی نئیں
غلطی ہووے تے سر نیواں
پاگلاں وانگوں اَڑدا کوئی نئیں
لیکھاں لکھیاں مل جاوے گا
ویکھ کسے نوں سڑدا کوئی نئیں
دولت عزت رب دی دین
پر ہر بندہ جردا کوئی نئیں
دشمنوں رَج رَج تیر چلاؤ
رب رَکھیا تے مردا کوئی نئیں
گل تیری وچ وزن ضرور اے
ایویں واہ واہ کردا کوئی نئیں
سوچ سمجھ کے بولیں خالدؔ
پتہ ایتھے شر دا کوئی نئیں
حق دے نال کھلو توں خالدؔ
ووٹ کسے دے گھردا کوئی نئیں



## حنیف تمنا

شہرِ غرضاں میں ہر اِک شخص کا ایمان ہے جھوٹ
گویا اس مُلکِ خدا داد کی پہچان ہے جھوٹ
عام کا شور بجا، خاص کی فریاد ہے جھوٹ
داد و تحسین غلط، نالۂ بے داد ہے جھوٹ
قول ہو فعل ہو نیّت ہو عمل یا وعدہ
بات کوئی بھی ہو ہر بات کی بنیاد ہے جھوٹ
آج ہیں سب ہی محبت کے پیمبر جھوٹے
اور تقدیسِ وطن کے ہیں ثنا گر جھوٹے
حسنِ مکار کے چہرے کی حیا بھی جھوٹی
اور محبوب کی معصوم ادا بھی جھوٹی
عاشقِ زار کی فریادِ جفا بھی جھوٹی
عشقِ عیار کی ہر قسمِ وفا بھی جھوٹی
در پہ ہے سائلِ مُبرم کی صدا بھی جھوٹی
دستِ حاتم میں غرض اُس کی عطا بھی جھوٹی
خِلعتیں جھوٹی ہیں شاہوں کی انا بھی جھوٹی
اور زیبِ تنِ زاہد ہے قبا بھی جھوٹی
جھوٹ کٹیاؤں میں ہے جھوٹ ہے ایوانوں میں
جھوٹ گرداں ہے ہر اِک شخص کی شریانوں میں



## قصور والے

## اطہر حفیظ فراز

ظلم و فسق و فجور کرتے ہیں،
کیسے کیسے اُمور کرتے ہیں
ملک رُسوا ہوا زمانے میں،
قصور والے قصور کرتے ہیں
زلزلے اور عذاب آتے ہیں،
جب وہ حد کو عبور کرتے ہیں
پھولوں کلیوں کو جو مسلتے ہیں،
ان کو گلشن سے دور کرتے ہیں
ان کو عقل و شعور دے مولا!!
کیسے کیسے فتور کرتے ہیں
چاند چھپتا ہے جب اماوس میں،
ہم پہ تارے ظہور کرتے ہیں
اب دعاؤں سے جو بھی ہو گا فراز!!
اس کو بین السطور کرتے ہیں



## ڈاکٹر منورؔ احمد کنڈے

ہر ایک شخص سے پیش آئے احترام کے ساتھ
سلوک ایک ہی رکھا ہے خاص و عام کے ساتھ
بس ایک فکر زمانے کو کھائے جاتی ہے
تمہارا نام نہ جڑ جائے میرے نام کے ساتھ
اداسیوں کی یہ راتیں سیاہ ہوتی ہیں
چراغِ دل بھی جلا لو چراغِ شام کے ساتھ
غروب ہوتے ہی سورج تڑپنے لگتا ہوں
عجیب رشتہ ہے تنہائیوں کا شام کے ساتھ
تغیرات ہیں لازم نظامِ قدرت میں
یہ لوگ کس لئے جیتے ہیں انتظام کے ساتھ !!
بھلا کسی کو وہ کیا راستہ دکھائے گا
وہ جس نے عمر گزاری خیالِ خام کے ساتھ
کرے گا کون منورؔ پھر اس سے شکوے گلے
رکھا ہے کام زمانے میں جس نے کام کے ساتھ



## عاصی کاشمیری

آج آنسو سجا کے لائی ہو
اس حسین و نفیس دامن میں
دینے آئی ہو پھر نوید بہار
بھیج کر خود خزاں کو گلشن میں
آج پھر تم دکھانے آئی ہو
ان دنوں کی حیات کی تصویر
پھر مجھے سونپنے کو آئی ہو
اپنی کل کائنات کی تصویر
اب نہ کھاؤں گا تم سے میں دھوکہ
لاکھ کہہ دو مجھے قرار نہیں
خوب دیکھا ہے میں جا بجا ہے
تم حسینوں کا اعتبار نہیں

## اسحاق ساجد



### یادوں کی بارات

طاری جب ہوتا ہے
تنہائی کا عالم مجھ پر
کوئی نزدیک نہ ہو ایسے میں
میلہ یادوں کا لگا کرتا ہے
اور میں یادوں کے ہمراہ
بہت دور نکل جاتا ہوں
کبھی اس گھر میں
جہاں جنم لیا تھا میں نے
پھر سے مل جاتے ہیں سنگی، ساتھی
باغ کا جھولا جھلاتا ہے مجھے
بھنورے آتے ہیں
مجھے گیت سنانے کے لئے
تتلیاں رنگوں کو رنگین بنادیتی ہیں
کاغذی کشتیاں ندی کا سفرکرتے ہوئے
مجھ کو ساحل پہ کھڑا دیکھ کے
خوش ہوتی ہیں
پھر اچانک ہی کوئی اگلی یاد
مجھ کو ایسی جگہ لے جاتی ہے
جو کہ مقتل ہے مری خوشیوں کا
جہاں آنکھوں کو فقط
اشکوں کی سوغات ملی
جہاں ڈولی تو نہ اُٹھی
اُٹھا جنازہ تمناؤں کا
جہاں تمناؤں کی گردن پہ چھری پھیری گئی
کسی زردار سے مفلس کا ملن نہ ہو سکا
اور پھر یادوں کی اُنگلی تھامے
ساری دنیا کا سفر کرتے ہوئے
پھر سے کمرے میں چلا آتا ہوں

## ساحر شیوی



زندگی میں کچھ نہ کچھ پانے کا شوق
ساری دنیا پر ہے چھا جانے کا شوق

ہے فلک پر بھی ہمیں جانے کا شوق
اورزمیں پر اپنی لوٹ آنے کا شوق

میں کسی کا دل دکھا سکتا نہیں
ہے مجھے تو پھول برسانے کا شوق

بن بلائے بھی اگر مل جائے وقت
آپ کی محفل میں ہے آنے کا شوق

میرے دل میں جاگزیں مدت سے ہے
محفلِ اُردو کو گرمانے کا شوق

اک جھلک دکھلا کے چھپ جاتا ہے وہ
ہے ازل سے اسے شرمانے کا شوق

آزمائش ہے ضروری زیست میں
دل میں کیوں ہو گھبرانے کا شوق

اس کے جینے کی دعا بے سود ہے
مرنا حق پر تو ہے دیوانے کا شوق

میکدہ جاتے تو ہو پر سوچ لو
ہوش اُڑا دے گا یہ پیمانے کا شوق

ایک دن ساحرؔ ڈبو دے گا تمہیں
گہرے پانی میں اُتر جانے کا شوق

## سید معراج جامی



زندگی اب محال ہے یارو
موت ہی اندمال ہے یارو

اس کو سمجھا نہ آج تک کوئی
اس کو پانا محال ہے یارو

دشمنوں میں گزارتا ہوں حیات
یہ تو میرا کمال ہے یارو

میرا چہرہ کمال ہستی ہے
حاصل ماہ و سال ہے یارو

رنج سہنا ہے میری قسمت میں
آپ کو کیوں ملال ہے یارو

صنفِ نازک کو مقصد تخلیق
کس کا نازک خیال ہے یارو

عشق ہے بے نیاز جہد و عمل
حسن بھی اب نڈھال ہے یارو

کیا شکایت کریں زمانے کی
درد ہی لازوال ہے یارو

وقت رُخصت قریب آپہنچا
اب طبیعت بحال ہے یارو

بخت جامیؔ پہ ناز کرتے ہو
کرم ذوالجلال ہے یارو

## طاہرہ رُباب جرمنی




تم یہ سمجھے کہ میں ٹوٹی تو بکھر جاؤں گی
میں ہواؤں کے بھلا ہاتھ کیا آؤں گی

مجھ سے مت پوچھ تو شدت شب تنہائی کی
خود کو آنکھوں سے تمہاری میں بہا لاؤں گی

دستِ قاتل سے میرا اپنا ہی خنجر نکلا
قصہ درد بھلا کیسے اب سناؤں گی

مجھ کو محصورِ روایات کروگے کیسے
میں تو خوشبو ہوں فضاؤں میں جا سماؤں گی

بانگِ مرغاں نے شبِ غم سے چھڑایا ہے رُباب
اب تو سدّرہ کے اُجالوں میں مسکراؤں گی



## شفیق مراد۔جرمنی

راز یہ اشتباہ میں رکھا
دل کو کیسی پناہ میں رکھا
ہم نے اپنے جنوں کی وسعت کو
جب سمیٹا تو آہ میں رکھا
حالتیں دل کی کھل نہیں پائیں
کس نے کس کو ہے چاہ میں رکھا
جب میں بہکا تو میرے ساقی نے
مجھ کو اپنی نگاہ میں رکھا
یونہی بدظن ہوئے وہ ہم سے مرادؔ
یونہی خود کو گناہ میں رکھا



## پروفیسر عبدالصمد قریشی

جو تجھ کو دیکھوں فقط اپنے دھیان میں دیکھوں
میں رات دن یہی منظر گمان میں دیکھوں
جدھر بھی جاؤں نظر آئے تیرا حسن و جمال
تیرا وجود ہی سارے جہان میں دیکھوں
جو تیرے سنگ چلوں لوگ مجھ پہ رشک کریں
میں اپنی شان اسی آن بان میں دیکھوں
کبھی جو بات چلے عشق میں وفاؤں کی
تو اپنا ذکر ہی تیرے بیان میں دیکھوں
یہی جنوں، یہی حسرت، یہی تمنا ہے
جو خود کو دیکھوں تو تیری کمان میں دیکھوں



## چودھری مسعود احمد جرمنی

جلوس رنگ بہاراں کی کوئی بات کرو
بہارِ کوچۂ جاناں کی کوئی بات کرو
تکلفاتِ خرد کا کسے دماغ ہے آج
طریقِ حلقۂ رنداں کی کوئی بات کرو
سوالِ گردشِ ساغر اُٹھاؤ ساقی سے
جوابِ گردشِ دوراں کی کوئی بات کرو
غمِ حیات کے ان دھندلکوں کا ذکر ہی کیا
فروغِ شمع شبستاں کی کوئی بات کرو
حدیث ساغرِ گلفام کے بہانے سے
جمالِ عارضِ تاباں کی کوئی بات کرو
ردائے لالہ و گل ایک پات ہے جس کا
اس اپنی جانِ بہاراں کی کوئی بات کرو
ہم انقلاب زمانہ کی دسترس میں ہیں
خدارا صبحِ بہاراں کی کوئی بات کرو
ہوں جس میں بکھرے ہوئے قافلے بہاروں کے
نہ ایسے خوابِ پریشاں کی کوئی بات کرو
جھلس گیا ہے یہ سورج، پگھل گیا ہے یہ چاند
نگر نگر دِلِ ویراں کی کوئی بات کرو
جہاں پہ جان کی بازی لگا رہے ہیں عوام
وہاں بھی خونِ شہیداں کی کوئی بات کرو
یہ کائنات بھی مسعودؔ حادثہ ہی تو ہے
تو حادثے میں بھی انساں کی کوئی بات کرو




## طاہر عدیم۔جرمنی

چاندنی کا ہے بدن یا ہے بدن میں چاندنی
جب اُترتا ہے اُترتی ہے چمن میں چاندنی
تیرگی جب پاؤں پھیلائے تو پھر سننا اُسے
باندھ کر رکھتا ہے وہ اپنے سخن میں چاندنی
جب بھی لکھتا ہوں، قلم سے پھوٹتی ہے روشنی
گھول دی ہے کس نے دشتِ فکروفن میں چاندنی
یار کی شہرِ بتاں میں اِک نشانی یہ بھی ہے
چاند سا چہرہ ہے اُس کا اور من میں چاندنی
روشنی کے استعارے ہیں کہانی میں سبھی
نام اُس کا ہے کہانی کے متن میں چاندنی
وہ سنورتا جا رہا ہے سامنے طاہر عدیمؔ
اور برستی جا رہی ہے دِل کے بن میں چاندنی



## فرزانہ نیناں۔نوٹنگھم

ترِے چھونے سے صندل ہوگئی ہوں
سلگنے سے مکمل ہوگئی ہوں
ذرا پیاسے لبوں کی اے اداسی
مجھے تو دیکھ چھاگل ہوگئی ہوں
بدن نے اوڑھ لی ہے شال اُس کی
ملائم، نرم، مخمل ہوگئی ہوں
دھنسی جاتی ہے مجھ میں زندگانی
میں اک چشمہ تھی دلدل ہوگئی ہوں
کسی کے عکس میں کھوئی ہوں ایسی
خود آئینے سے اوجھل ہوگئی ہوں
رکھا ہے چاند اونچائی پہ اتنا
تمناؤں سے پاگل ہوگئی ہوں
کرشمہ اک تعلق کا ہے نیناںؔ
کہ میں صحرا سے جل تھل ہوگئی ہوں





## نورجہاں نوری (لندن)

میرے لئے سلام کہ دشنام کچھ بھی ہو
دستِ صبا سے بھیجئے پیغام کچھ بھی ہو
رنگوں میں ایک رنگ محبت کا رنگ ہے
رنگوں کے امتزاج پہ الزام کچھ بھی ہو
خوشبو ہے جلترنگ ہے شعلہ ہے برق ہے
مجھ کو نہیں غرض کہ ترا نام کچھ بھی ہو
میں رہ نوردِ شوق ہوں چلتی ہی جاؤنگی
منزل ملے نہ مل سکے انجام کچھ بھی ہو
زہر اب ڈال کر بھی پلا دے وہ پیار سے
پی لوں گی میں خوشی سے تہہ جام کچھ بھی ہو
افسردہ زندگی ہو کہ آسودہ زندگی
لیتی رہوں گی نام ترا کام کچھ بھی ہو



## تسلیم الٰہی زلفی (کینیڈا)

ہماری سنگ زنی تو فقط بہانا ہے
پرند کو تو بہر طور اُڑ کے جانا ہے
وہ معترف ہے سدا سے مری شرافت کا
کہ فائدہ تو اسے بھی کبھی اٹھانا ہے
اگر پرند کی ہمت کبھی نہیں ٹوٹے
پھر ایک روز تو پنجرے تو ٹوٹ جانا ہے
چھپا ہوا ہے جو مٹھی میں آخری پتھّر
وہ ایک سنگ ابھی میری سمت آنا ہے
جو میری چاہ میں ٹپکا ہے آنکھ سے اُس کی
وہ ایک اشک زمیں سے مجھے اٹھانا ہے
بس ایک بار مرے منہ سے جھوٹ نکلا تھا
ہزار بار یہی سچ مجھے چھپانا ہے
یہ روشنی تو کبھی خود بہ خود نہیں ہوتی
کہیں کسی نہ کسی کو دیا جلانا ہے
یہ کس تلاش میں پھرتے ہو دربدر زلفی
خود اپنے گھر بھی کسی روز تم کو آنا ہے

## ریحانہ احمد جاناں

منکشف جب جمال ہوتا ہے
دل کا بچنا محال ہوتا ہے
شیشۂ دل کمال ہوتا ہے
آپ اپنی مثال ہوتا ہے
حسن بس عشق کا ہے افسانہ
فکر میں ہی جمال ہوتا ہے
رازِ ہستی گو بارہا ہی کھلا
سامنے کیوں سوال ہوتا ہے؟
عمرِ رفتہ کو پھر سے لے آئے
کیا کوئی ایسا سال ہوتا ہے؟
اُس نظر میں تپش ہے اس درجہ
ملتے ہی رنگ لال ہوتا ہے
دل کا مت پوچھ مول تُو مجھ سے
اس کا بکنا محال ہوتا ہے
اپنی اوقات بھول جاتا ہے
جیب میں جس کی مال ہوتا ہے
موج اُٹھتی ہے کیسے پتھر سے
تجھ سے جاناںؔ سوال ہوتا ہے



## خالد ملک ساحلؔ ۔ ہمبرگ

کچھ دل کا تعلّق بھی نبھاؤ کہ چلا میں
کچھ ٹوٹ کے آوازہ لگاؤ کہ چلا میں
درپیش مسافت ہے کسی خواب نگر کی
اک دیپ مرے پاس جلاؤ کہ چلا میں
اِس شہر کے لوگوں پہ بھروسہ نہیں کرنا
گھر بار کو دروازہ لگاؤ کہ چلا میں
تا دل میں تمہارے بھی نہ احساسِ وفا ہو
جی بھر کے مجھے آج ستاؤ کہ چلا میں
بے کیف نگاہوں کا اثر ٹوٹ چلا ہے
چہرے پہ کوئی رنگ لگاؤ کہ چلا میں
اِس شہر مراسم میں تو سنگسار ہوا ہوں
پتھر ہی سر راہ سجاؤ کہ چلا میں
اِس تشنہ لبی کا مجھے اعزاز تو بخشو
اے بادہ کشو جام اُٹھاؤ کہ چلا میں
اس درجہ تغافل کی نہیں تاب جگر میں
تم اور بہانے نہ بناؤ کہ چلا میں
اک خواب ہے وہ خواب تو پورا کرو ساحل
اک شعر مرا مجھ کو سناؤ کہ چلا میں



## فرزانہ فرحت ۔ لندن

اس طرح مجھ پہ کوئی خار نہ جڑ شام کے بعد
مجھ سے نہ روٹھ نہ اس طرح بگڑ شام کے بعد
شام کے بعد مجھے غم کے حوالے نہ کر
مرے سینے پہ نئی میخ نہ جڑ شام کے بعد
تو ہے گر چاند سحر ہوتے ہی ڈھل جائیگا
اس قدر جلد بلندی پہ نہ چڑھ شام کے بعد
شام کے بعد سیہ رات بھی ناگن ہوگی
ایسے آسیب کی جانب تو نہ بڑھ شام کے بعد
مجھ کو ڈھلتے ہوئے سائے سے بھی خوف آتا ہے
چھوڑ کر مجھ کو نہ جا اب نہ بچھڑ شام کے بعد
میری ہستی پہ تو ویرانی سی چھا جائیگی
دل کا یہ شہر بھی جائیگا اجڑ شام کے بعد
تو ہے فرحتؔ کا لگایا ہوا پیارا پودا
اس طرح اس کی زمیں سے نہ اکھڑ شام کے بعد



## مظفر احمد مظفرؔ۔ لندن

بارِ خاطر ہوئی یہ عمرِ گریزاں جاناں!
تجھ کو سمجھا تھا غمِ ہجر کا درماں جاناں!
آ بتاؤں تجھے آشوبِ تمنا کیا ہے؟
کیسے کٹتی ہے یہ تارِ شبِ ہجراں جاناں!
میں نے ہر غم کو غمِ عشق سے تعبیر کیا
غمِ جاں ہو یا بلا سے غمِ دوراں جاناں!
کوئی دیکھے مری آنکھوں سے اسیری کا فسوں
گھر ہوا جاتا ہے اک حلقۂ زنداں جاناں!
دھجیاں تھیں وہ مرے خواب نگر کی ہر سُو
تو نے سمجھا جنہیں اوراق پریشاں جاناں!
خودکشی ہے یا یہ اظہارِ غمِ فُرقت ہے؟
خود سے ہونے لگا ہوں دست و گریباں جاناں!
عمر بھر غنچۂ ہستی نہ شگفتہ دیکھا
''ہم نے جیسے بھی بسر کی ترا احساں جاناں''
کنجِ غربت میں مظفرؔ نے غنیمت سمجھا
جس قدر بھی ہو ہوا بے سر و ساماں جاناں!




## سید امجد شاہ جرمنی

تیری خاطر جیا تو تنہا تھا
یعنی ذکرو دعا میں رہتا تھا
بعد مرنے زندگانی ہے
پہلے ہوتی تو کتنا اچھا تھا
وہ ہے میرا تو آہی جائے گا
خط میں اپنے پتہ تو لکھا تھا
جس نے فتنہ کہا تھا انساں کو
وہ فرشتہ بھی کتنا اچھا تھا
اک قدم چل کے کر گیا امجدؔ
پاؤں گھائل بے سہارا تھا



## عاصی صحرائی

صلیبی جنگوں کی کشتی بھی غرق آب ہوئی
جو عظمت یہود تھی وہ بھی خراب ہوئی
فقط اسلام کو ہم نے زرّیں محسوس کیا
قلب و جاں میں وہی تو انتساب ہوئی
ہزار شُکر کہ سچے مسلماں ہم ہی تھے
یہ خوشی مہدی سے ہم کو مگر پایاب ہوئی
یہی تو اک حوالہ ہے سچے مہدی کا
اُس کی کہی ہوئی ہر بات کامیاب ہوئی
کہاں سے ڈھونڈھ کے لائے گا عاصیؔ خوشی ایسی
جو اسکے صدق و صفا کا بھی ایک باب ہوئی



## کمال یہ ہے۔ مبارک صدیقی

خزاں کی رُت میں گلاب لہجہ بنا کے رکھنا کمال یہ ہے
ہوا کی زد پہ دیا جلانا، جلا کے رکھنا کمال یہ ہے
ذرا سی لغزش پہ توڑ دیتے ہیں سب تعلق زمانے والے
سو ایسے ویسوں سے بھی تعلق بنا کے رکھنا کمال یہ ہے
کسی کو دینا یہ مشورہ کہ وہ دکھ بچھڑنے کا بھول جائے
اور ایسے لمحے میں اپنے آنسو چھپا کے رکھنا کمال یہ ہے
خیال اپنا، مزاج اپنا، پسند اپنی، کمال کیا ہے؟
جو یار چاہے وہ حال اپنا بنا کے رکھنا کمال یہ ہے
کسی کی رہ سے خدا کی خاطر، اُٹھا کے کانٹے، ہٹا کے پتھر
پھر اس کے آگے نگاہ اپنی جھکا کے رکھنا کمال یہ ہے
وہ جس کو دیکھے تو دکھ کا لشکر بھی لڑکھڑائے، شکست کھائے
لبوں پہ اپنے وہ مسکراہٹ سجا کے رکھنا کمال یہ ہے
ہزار طاقت، سو دلیلیں ہوں پھر بھی لہجے میں عاجزی سے
ادب کی لذت، دعا کی خوشبو بسا کے رکھنا کمال یہ ہے



## سوہن راہی

میری آنکھوں سے وہ منظر بھی سارے کاٹ دے گا
میری سانسوں کے بہتے تیز دھارے کاٹ دے گا
میری آنکھوں میں جس نے روشنی کے عکس لکھے
میری آنکھوں کے وہ سارے ستارے کاٹ دے گا
چمن میں کالی آندھی اوڑھ کے اُترے گا اب وہ
وہ خوابیدہ بہاروں کے سہارے کاٹ دے گا
وہ ہر اک لہر میں بن کے بھنور نوچے گا مجھ کو
میری کشتی سے وابستہ کنارے کاٹ دے گا
دھواں جو اُڑ رہا ہے میرے آسماں میں
اچانک میرے سورج، چاند، تارے کاٹ دے گا
وہ آئے گا مرے خوابوں کی مشعل بجھانے
وہ میری روشنی کے استعارے کاٹ دے گا
یہ انساں کٹ کے ہریالیاں جنگل کے تن سے
ہمارے سر سے اب سائے ہمارے کاٹ دے گا
بہارِ نو کے پرچم اب اُٹھا پائیں نہ شاہد
کہ راہیؔ اب وہ بازو بھی ہمارے کاٹ دے گا

# ننھی کلی زینب کا قتل



زندگی میں پہلی مرتبہ الفاظ نہی مل رہے ...کہ کس طرح اس واقعے کی مذمت کروں بس جی چاھتا ہے کہ کسی طرح مجرمان کا پتہ لگ جائے اور میں خود اپنے ہاتھوں سے انہیں جہنم واصل کروں...عوام وخواص اور اربابِ اقتدار کی بے حسی ہے کہ معاشرہ اس نہج تک آ پہنچا۔ پاکستان میں کیا کوئی ایک بھی انسان اور مسلمان ہے۔؟ مجھے شک ہے۔...عذابِ الٰہی کے سوا کوئی حل نہیں...زمین پر انصاف ختم ہو جائے تو آسمان سے انصاف اُترتا ہے عذاب کی صورت...ایک چھوٹے سے شہر میں جنسی ہوس کی وبا ایسی پھیلی ہے کہ ہر کوئی شیطان بن چکا ہے۔600 بچوں اور بچیوں کی وڈیوز بنا کر 50 روپے میں فروخت کر دی جاتی رہی ہے۔حتیٰ کہ ڈنمارک کی پولیس نے سرگودھا میں آ کر ایسے بہت سے ملزمان کو پکڑا۔بہت سے شہروں میں ایسی پورن وڈیوز بنا بنا کر بیچی جا رہی ہیں اور متاثرین کو بلیک میل کیا جاتا ہے۔ملزمان پکڑے جاتے ہیں لیکن پولیس اہلکار رشوتیں لے کر چھوڑ دیتے ہیں۔تمام لوکل،صوبائی اور قومی سیاستدان خاموش ہیں اور اپنے ووٹوں کے لالچ میں ملزمان کی پشت پناہی کرتے ہیں اور پولیس ان کا ساتھ دیتی ہے۔اتنا کچھ ہو رہا ہے پھر بھی حیرت ہے کہ عوام خود کچھ کیوں نہیں کرتی جب کہ ان کے بچوں کو داغدار کیا جا رہا ہے اور ان کا مستقبل برباد کیا جا رہا ہے۔ اور نفسیاتی مسائل بھی پیدا ہو رہے ہیں۔۔حکومت کے لئے اب وقت ہے کہ اس سلسلے میں سخت قوانین بنا کر مجرمان کو سرِ عام پھانسی دی جائے جیسا کہ ایران میں ایسے لوگوں کو سرِ عام پھانسی دی جاتی ہے اور وہاں ان واقعات میں بہت کمی واقع ہوئی ہے۔ایک بے ایمان اور نااہل شخص کو قوانین میں ترمیم کر کے پارٹی کا سربراہ تو بنا دیا جاتا ہے لیکن قوم کے مستقبل کے معماروں کی زندگیاں خراب اور انہیں قتل کرنے والوں کو چھوڑ دیا جاتا ہے اس لیئے کہ ایسے لوگ ہی انہیں بدمعاشی کے ساتھ اسمبلی کے ممبران بناتے ہیں۔ایک لمحہ فکریہ ہے قوم کے لئے۔

# تقسیم کی لکیر۔ رتن سنگھ

بات پرانی ہے۔مُلک کی قسم کے فوراً بعد کی۔تب ہم شرنارتھیوں کے لیے گاڑے گئے تنبوؤں میں رہتے تھے۔ایک دِن دو بچے آپس میں لڑ پڑے۔ایک بچہ، دوسرے کو تھپڑ مارے تو دوسرا موقع ملنے پر ٹانگ دے مارے۔ماں نے بہتیرا منع کیا۔لیکن بچوں کی لڑائی گھمسان بنتی گئی۔دونوں کو گتھم گتھا ہوئے دیکھ کر ماں نے بڑی مشکل سے انھیں الگ کیا۔ماں کے ہاتھوں میں جکڑے بھی دونوں بھائی ایک دوسرے کی طرف تیوریاں چڑھا کر دیکھ رہے تھے۔ماں نے عاجز آ کر دونوں کی پہلے تو اچھی طرح مرمت کی۔ پھر باپو کے آنے پر پٹوانے کا ڈراوا بھی دیا۔پھر اُس نے تنبو کے بیچ و بیچ ایک لکیر کھینچی۔ایک کو ایک طرف بٹھایا، دوسرے کو دوسری طرف۔ساتھ ہی سختی سے تنبیہہ کی کہ اگر کسی نے لکیر کو پار کیا تو اُس کی ایسی مرمت کروں گی کہ نانی یاد آ جائے گی۔

مجبور ہو کر دونوں بچے لکیر کے آر پار بیٹھے ایک دوسرے کی طرف گہری نظروں سے دیکھ رہے تھے کہ اتنے میں باپو آ گیا۔''یہ لکیر کیوں کھینچی ہے؟'' اُس نے پوچھا۔تھوری دیر پہلے آتے تو دیکھتے اپنے لاڈلوں کو۔ایسا مارا ماری ہو رہی تھی...کہ...مہابھارت انھوں نے ہی جیتنی ہے۔انہی کو ایک دوسرے سے الگ رکھنے کے لیے میں نے یہ لکیر کھینچی ہے۔باپو نے جلدی سے لکیر کو مٹایا۔''ان لکیروں نے ہی تو ہمیں گھر سے گھر کیا ہے۔تقسیم کی لکیر نہ پڑتی تو آج ہم اپنے گھر میں ہوتے اپنے گاؤں میں۔'' پھر اُس نے دونوں بچوں کو اپنی بانہوں میں بھر کر کہا:''نہیں بیٹا نہیں۔بھائی لڑا نہیں کرتے۔'' یہ کہتے ہوئے اُس نے بچوں کو کہا:

''میں نے لکیر مٹائی تو ہے،لیکن آپ اِسے اپنے ہاتھوں سے پوری طرح مٹاؤ۔'' لکیر مٹتے ہی ہر طرف شانتی پھیل گئی۔

اُس پل کا سندیشہ ایک عام آدمی کے دل کا سندیشہ،اُس تنبو میں ہی گم ہو کر رہ گیا۔دنیا تک نہیں پہنچا۔اگر پہنچ جاتا تو ساری دھرتی پر سُکھ اور شانتی پھیل جاتی۔

***

# جنگل کے بادشاہ سے ایک ملاقات

(بلال احمد شمیم)


ہمارے دل میں ایک بار یہ خواہش پیدا ہوئی کہ جنگل کے بادشاہ یعنی شیر کا انٹرویو دیا جائے۔ چنانچہ ہم نے اس کے لئے انسان کی لکھی ہوئی جغرافیہ کی ایک کتاب اُٹھائی اور دیکھا کہ کہاں کہاں جنگل واقع ہیں۔ کافی غور و فکر کے بعد ہم نے اپنے ہی ملک کے ایک جنگل کا انتخاب کیا اور وہاں کے بادشاہ کے پرائیویٹ سیکرٹری یعنی خاص نویس جو ایک نوخیز لومڑی تھی سے رابطہ کیا اور مدعا کہہ ڈالا۔ مِس لومڑی نے پہلے تو انکار کر دیا اور کہا کہ ہم انسانوں کو ملاقات کی اجازت نہیں دے سکتے۔ اگر جانور بن کر آنا ہے تو آ جاؤ۔ ہم نے عرض کیا 'میم صاحب ہم میں اور آپ میں اب زیادہ فرق نہیں رہ گیا۔ انسان اور حیوان تقریباً ایک ہی ڈگر پر گامزن ہیں۔ ہمیں اپنا ہی سمجھئے، اس پر مس لومڑی قدرے نرم پڑ گئیں اور ہمیں ملاقات کا وقت دے دیا۔ ہم مقررہ تاریخ کو مقررہ وقت پر جنگل پہنچ گئے۔ جنگل کی سرحد پر شیر کے نمائندوں نے ہمارا استقبال کیا اور بادشاہ کے محل میں لے گئے۔ محل کیا تھا بس ایک غار تھی۔ غار کے دروازے پر ہاتھی جھول رہے تھے۔ مِس لومڑی ہمیں شیر کی خدمت میں لے گئیں۔ داخل ہوتے ہی ہم نے یہ شعر پڑھا:

شیروں کو آزادی ہے آزادی کے پابند رہیں
جس کو چاہیں چیریں پھاڑیں کھائیں پیئیں آنند رہیں

یہ شعر سنتے ہی بادشاہ شیر کا سینہ پھول گیا اور بڑے پرتپاک انداز میں ہمارا استقبال کرنے کیلئے اپنے راجگدی سے اُٹھ کھڑے ہوئے اور آگے بڑھ کر ہمیں معانقہ کا شرف بخشا جس کا ثبوت ہماری پیٹھ پر اب بھی ثبت ہے۔ حال احوال پوچھنے کے بعد انٹرویو شروع ہوا۔ اس سے پہلے شیر نے ہم نے ہم سے کہا کہ آپ نے جو شعر پڑھا تھا وہ بڑا ہی موزوں ہے۔ میں تو آپ کو انسان سمجھتا تھا لیکن آپ تو ہماری برادری کے ہی معلوم ہوتے ہیں۔ جاتے وقت یہ شعر میری سیکرٹری کو نوٹ کروا دینا ہم اپنے لیٹر پیڈ پر Slogan کے طور پر اسے لکھوائیں گے۔

انٹرویو (س: سوال، ج: جواب)

سوال: شیر صاحب آپ کو جنگل کا بادشاہ کس نے بنایا؟ میراث میں آئی ہے یہ مسند ارشاد یا بزورِ بازو عنان حکومت سنبھالی ہے؟



جواب: بہت خوب بئی سوال بھی کرتے ہو اور جواب بھی ساتھ ہی دیتے ہو۔ میرا مطلب سمجھ گئے نا۔ عقلمند کو اشارہ ہی کافی ہوتا ہے۔

سوال: کیا اس بادشاہی میں آپ کا کوئی مدمقابل نہیں ہے؟ میری مراد چیتا تیندوا وغیرہ؟

جواب: اچھا سوال کیا تم نے۔ تم نے سنا ہوگا 'دُہن سگ بہ لُقمہ دوختہ بہ' (کتے کا منہ روٹی ڈال کر سی دینا چاہئے)۔ بس ہم نے بھی ایسا ہی کر دیا۔

سوال: اس کے باوجود اگر کوئی دعویدار سر اٹھائے تو؟

جواب: 'بمرگش بگیر تا بہ تپ راضی شود' (موت کی دھمکی دے تا کہ تپ پر راضی ہو جائے)

سوال: عوام کی بہبودی کیلئے آپ کیا کرتے ہیں؟

جواب: 'تہی دستان قسمت راچہ سود از رہبر کامل' (بدقسمت لوگوں کو کسی سے بھی فیض نہیں پہنچ سکتا) اس لئے اُن کی بھلائی کا ہم سوچتے ہی نہیں۔

سوال: آپ کی حکومت میں جمہورت ہے یا آپ بھی خودکوزہ، خودکوزہ گر دگلِ کوزہ والی پالیسی اپناتے ہیں؟

جواب: بھئی تمہارے سوال میں ہی جواب بھی پنہاں ہتا ہے۔ سوال کا دوسرا حصہ ہی مجھ پر چسپاں ہوتا ہے۔ رموز عاشقاں عاشق بداند (ہم پیشہ ہی بات کو خوب سمجھتے ہیں) تمہارے انسانوں میں بھی Bed rock پالیسی یہی ہے۔ جمہوریت تو بس ایک دکھاوا ہے۔ کیوں ٹھیک کہا نا میں نے۔

سوال: پھر بھی آپ کو ملک و قوم کی بہبودی کے کاموں میں عوام کی رائے لینی چاہئے۔ کیا آپ ایسا کرتے ہیں؟

جواب: رموزِ مملکت خویش خسرواں (ملک کی بہتری کے راز بادشاہ کی سمجھتے ہیں) عوام کیا خاک رائے دے گی۔

(میں نے سوچا شیر تو بات بات میں بارسی ضرب المثل کا بے دریغ استعمال کر رہا ہے۔ اپنی حالت یہ ہے کہ 'زبان یار من ترکی و من ترکی نمی دانم')

سوال: آپ کی حکومت میں کیا جانوروں کی مؤنث ذات کو بھی اقتدار میں حصہ دیا جاتا ہے؟

جواب: سخن شناس نہ ای دلبرا خطا اینجاست (اے محبوب غلطی تو یہ ہے کہ تو سخن شناس نہیں) زنان پردہ نشیں مصلحت چناں دانند (پردے میں بیٹھنے والی عورتیں مصلحت کس طرح سمجھ سکتی ہیں)

سوال: عوام کو کس طرح آپ نے قابو میں رکھا ہے؟

جواب: گر نہ بودے چوبِ تر فرمان نہ بروئے گاؤ خر (اگر گیلی لکڑی نہ ہو تو گائے اور گدھا حکم نہیں مانتے) جواب آپ کو مل گیا ہوگا۔ یہ جواب سن کر میں نے سوچا: گربہ مسکین اگر پرداشتے تخم گنجشک از جہاں برداشتے یعنی اگر مسکین بلی کے پر ہوتے تو وہ دُنیا سے چڑیوں کا بیج ختم کر دیتی۔

سوال: آپ نے فرمایا تھا کہ آپ نے اپنے دشمنوں کو یا تو روٹی دیکر چپ کرا دیا ہے یا بزورِ شمشیر خاموش کر دیا ہے۔ کیا ابھی بھی کسی سے خطرہ ہے؟

جواب: ہر بیشہ گماں مبر کہ خالی است شاید کہ پلنگ خفتہ باشد

(ہر جنگل کو خالی مت سمجھو شاید اس میں چیتا سو رہا ہو) اس لئے میں ہمیشہ ہوشیار رہتا ہوں)

سوال: آپ کے جانوروں میں معاف کیجئے آپ کی عوام میں بہت سی برائیاں پائی جاتی ہیں انہیں دور کرنے کی کوشش کیوں نہیں کرتے؟

جواب: اول یہ کہ محتسب رادروں خانہ چہ کار (کسی کو دوسرے کے معاملات میں دخل دینے کا حق حاصل نہیں) دوم یہ کہ ہر عیب کہ سلطان بہ پسند د ہنر است (حاکم بُری بات بھی پسند کرے تو لوگ اُسی کی تقلید کرتے ہیں)

سوال: اپنی بادشاہی کو برقرار رکھنے کیلئے آپ کیا طرزِ عمل اختیار کرتے ہیں؟

جواب: ہر کہ شمشیر زند سکہ بنامش خوانند (جس کے ہاتھ میں تلوار ہوتی ہے اُسی کا سکہ چلتا ہے) یہ کہاوت تو سنی ہوئی ہے تمہارے لئے بس یہی جواب کافی ہے۔

سوال: آپ کی لیاقت، قابلیت، صلاحیت یا بادشاہی کے دعوے پر کوئی شک کرے تو کیا کریں گے؟

جواب: ہر کہ شک آرد کافر گردد (جو شک کرے وہ کافر اُسے جنگل بدر کر دیتے ہیں)

سوال: جب آپ اپنی شکم پروری کے لئے کسی جانور کو تہ دنداں کرتے ہیں تو آپ کے ساتھی بھی اگر شامل ہو جائیں تو بُرا نہیں لگتا؟

جواب: کھاتے وقت تو یہی کہہ سکتے ہیں: گوشتِ خرد ندانِ سگ۔

سوال: کیا آپ کے علاقے میں کوئی دوسرا شیر بھی ہے؟

جواب: دو بادشاہ در اقلیمے نہ گنجند۔

سوال: آپ کا کیا مذہب ہے؟

جواب: بادشاہوں کا مذہب نہیں ہوتا۔ بس یہی مذہب ہے ہمارا با مسلماں اللہ اللہ بابرہمن رام رام یعنی صلح کل انٹرویو ختم ہوا اور ہم نے بادشاہ شیر کا شکریہ ادا کیا اور اجازت حاصل کی۔ مِس لومڑی کا بھی شکریہ ادا کیا اور واپس چلے آئے۔ جاتے جاتے ہم نے بادشاہ کو ایک اور شعر سنایا۔

انسان بھی کچھ شیر ہیں باقی بھیڑوں کی آبادی ہے
بھیڑیں سب پابند ہیں لیکن شیروں کو آزادی ہے

بادشاہ شیر نے اس شعر کو بھی نوٹ کروانے کو کہا اور سیکرٹری کو ہدایت کی کہ نئے سال کے جنگل کیلنڈر پر یہ شعر لکھا جائے اور انسانوں کو بطور تحفہ کیلنڈر بھجوائے جائیں۔

***

## نصیحت

ڈاکٹر ایم۔ اے۔ حق (رانچی، انڈیا)

''ٹکٹ؟''

''نو سالہ پرویز نے پچاس کا نوٹ کنڈکٹر کی جانب بڑھا دیا۔ کرائے کے دس روپے کاٹ کر اُس نے غلطی سے ۹۰ روپے واپس کر دئے۔

پہلے تو وہ کچھ ٹھٹکا پھر بڑی خاموشی سے اُس نے رقم اپنی جیب میں رکھ لی۔ دِل ہی دِل میں خوش ہو رہا تھا کہ وہ نانی کے گھر پہنچ کر خوب موج مستی کرے گا۔ اپنے کزن برادرز کے ساتھ فلمیں دیکھے گا۔ اُس کی نانی جامن بڑے شوق سے کھاتی تھی۔ بس سے اُتر کر اُس نے ایک کیلو جامن لیے

''ارے۔۔۔۔یہ کیا ہوا؟ میرا پرس؟'' پیسے دینے کے لئے پاکٹ میں ہاتھ ڈالتے ہی بے اختیار اُس کے مُنہ سے نکل پڑا


اُس کے پرس میں اُس وقت کل ایک سو نوے روپے تھے۔

# نیوہیم پاکستانی کمیونٹی فورم کی جانب سے سال مبارک کا پروگرام اور مشاعرہ



رپورٹ
وفوٹو
امجد مرزا امجد

نیوہیم پاکستانی کمیونٹی فورم کے روح رواں صدر اور بانی معروف پنجابی کے شاعر جناب چوہدری محبوب احمد محبوب ایک طویل مدت سے ہر ماہ کی تیسری سوموار کو دو بجے کیتھرین کمیونٹی سینٹر، کیتھرین روڈ فاریسٹ گیٹ ایسٹ لندن میں نہایت دلچسپ اور خوبصورت پروگرام کا انعقاد کرتے ہیں۔ اس بار بھی انہوں نے 15 جنوری 2018 کو نئے سال کی خوشی میں نہایت خوبصورت پروگرام منعقد کیا جس میں نیوہیم کی کونسلر وورنیکا بھی تشریف لائی اور تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے آج کے پروگرام کو سراہا اور ہمیشہ اپنے تعاون کا یقین دلایا۔ چوہدری محبوب صاحب نے تلاوت قرآن پاک سے پروگرام کی ابتدا کی جس کے بعد معروف گلوکار شیخ یوسف صاحب نے اپنی مدبھری آواز میں نعت شریف پیش کی، جس کے بعد انہوں نے غزل اور دوگانے بھی سنا کر داد وصول کی۔ نظامت امجد مرزا نے ادا کی۔ مشاعرے کی ابتدا میں امجد مرزا نے پنجابی اور اردو میں غزلیں سنائیں۔ محمد جہانگیر نے نعت اور پنجابی کا مذاحیہ کلام سنا کر داد وصول کی۔ چوہدری محبوب احمد محبوب، پروفیسر شاہد اقبال، کاشف بھٹی، اسلم رشید، زاہد اسلم اور نجمہ شاہین نے بھی اپنا اپنا کلام سنایا۔ پہلی بار تشریف لائے ہوئے منور احمد عرف مون نے بڑے خوبصورت ترنم میں ابن انشاء کی غزل سنا کر خوب داد وصول کی۔ اختتام پر چوہدری محبوب صاحب نے تمام مہمانوں کے لئے گرم گرم نان اور نہایت مزیدار گوشت قورمے کا اہتمام کیا ہوا تھا جو سب نے مل کر سیر ہو کر کھایا۔ سی 44 کے ٹیوی کے کیمرہ مین اور رپورٹر نے اس خبر کو ٹیوی پر بھی نشر کیا۔۔ چوہدری صاحب نے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور فروری کی تیسری سوموار کو مشاعرے کا اعلان کیا۔


































# جستہ جستہ ٹھونگیں



میں نے فخر سے بابا جی کو کہا کہ میرے پاس اچھا بنک بیلنس ہے دو گاڑیاں ہیں بچے انگریزی سکول میں پڑھتے ہیں۔عزت مرتبہ ذہنی سکون الغرض دنیا کی ہر آسائش میسر ہے۔بابا نے ایک نظر بھر کر مجھے دیکھا اور بولا معلوم ہے یہ کرم اس لئے ہوا کہ تو نے اللہ کے بندوں کو ٹھونگیں مارنا چھوڑ دیں۔میں نے وضاحت چاہی۔بابا گویا ہوا۔بابا اشفاق احمد کہتے ہیں۔میری اماں نے ایک اصیل ککڑ پال رکھا تھا۔اماں کو اس مرغے سے خصوصی محبت تھی۔اماں اپنی بک (مٹھی) بھر کے مرغے کی چونچ کے عین نیچے رکھ دیا کرتی تھی اور ککڑ چونچ جھکاتا اور جھٹ پٹ دو منٹ میں پیٹ بھر کے مستیوں میں لگ جاتا۔میں روز یہ ماجرا دیکھا کرتا۔اور سوچتا کہ یہ ککڑ کتنا خوش نصیب ہے۔کتنے آرام سے بنا محنت کئے اس کو اماں دانے ڈال دیتی ہے۔ایک روز میں صحن میں بیٹھا پڑھ رہا تھا حسب معمول اماں آئی اور دانوں کی بک بھری کہ مرغے کو رزق دے اماں نے جیسے ہی مٹھی آگے کی مرغے نے اماں کے ہاتھ پر ٹھونگ (چونچ) ماردی اماں نے تکلیف سے ہاتھ کو جھٹکا تو دانے پورے صحن میں بکھر گئے۔اماں ہاتھ سہلاتی اندر چلی گئی اور ککڑ (مرغا) جو ایک جگہ کھڑا ہو کر آرام سے پیٹ بھرا کرتا تھا اب وہ پورے صحن میں بھاگتا پھر رہا تھا۔کبھی دائیں جاتا کبھی بائیں کبھی شمال کبھی جنوب۔سارا دن مرغا بھاگ بھاگ کے دانے چگتا رہا۔تھک بھی گیا اور اس کا پیٹ بھی نہیں بھرا۔بابا دین مُحمد نے کچھ توقف کے بعد پوچھا بتاو مرغے کے ساتھ ایسا کیوں ہوا؟ میں نے فٹ سے جواب دیا نہ مرغا اماں کے ہاتھ پر ٹھونگ مارتا نہ ذلیل ہوتا۔بابا بولا بلکل ٹھیک۔افتخار افی یاد رکھنا اگر اللہ کے بندوں کو حسد گمان تکبر تجسس غیبت اور احساس برتری کی ٹھونگیں مارو گے تو اللہ تمھارا رزق مشکل کر دے گا۔اور اس اصیل ککڑ کی طرح مارے مارے پھرو گے۔تو نے اللہ کے بندوں کو ٹھونگیں مارنا چھوڑیں رب نے تیرا رزق آسان کر دیا۔بابا عجیب سی ترنگ میں بولا "پیسہ عزت شہرت آسودگی حاصل کرنے اور دکھوں سے نجات کا آسان راستہ سن لے۔اللہ کے بندوں سے محبت کرنے والا ان کی تعریف کرنے والا ان سے مسکرا کے بات کرنے والا اور دوسروں کو معاف کرنے والا کبھی مفلس نہیں رہتا۔آزما کر دیکھ لو۔اب بندوں کی محبت کے ساتھ ساتھ شکر کے آنسو بھی اپنی منزل میں شامل کر کے امر ہوجائے گا۔یہ کہہ کر بابا برق رفتاری سے مین گیٹ سے باہر نکل گیا اور میں سر جھکائے زار و قطار رو رہا تھا اور دل ہی دل میں رب العزت کا شکر ادا کر رہا تھا۔کہ بابا نے مجھے کامیابی کا راز بتا دیا تھا۔اللہ ہمیں آسانیاں عطا فرمائے اور آسانیاں تقسیم کرنے کا شرف بخشے آمین۔

## میری دوسری شادی ہوجائے گی سوچا نہ تھا

معذرت دوستوں کو اطلاع نہ کر سکا اور آناً فاناً نکاح ہوا اور رخصتی ہوئی، حیرت یہ ہے کہ بیگم نے خوشدلی سے اپنی سوتن کو بہن بنایا، بچے تو ماں کہہ کر لپٹ گئے، والدہ بھی شاد ہیں۔میری نئی بیوی بے انتہا خوش اخلاق ثابت ہوئیں اور انہوں نے بھی سارے گھر کے افراد کو اپنا سمجھا۔ہماری پہلی ملاقات پہلی بیگم کے ساتھ ہی ایک شاپنگ سینٹر کے کیفے ٹیریا میں ہوئی تھی،اور کب بات شادی تک پہنچ گئی پتہ بھی نہ لگا اور اسی وقت ہماری پہلی بیگم نے ان کو ہمارے لیے پسند کیا۔پہلی بیگم نے انتہائی ضد کر کے ہمیں ہنی مون پر بھیجنے کی تیاری کر رکھی ہے، بضد ہیں کہ آپ دونوں ہنی مون پر جائیں جیسے آپ مجھے لے کر گئے تھے،اس کے لیے انہوں نے فرمایا ہے کہ اگر رقم کم پڑے تو وہ دینے کو تیار ہیں ان کی پچھلے دنوں ہی تین لاکھ کی کمیٹی نکلی ہے۔میں کافی دیر تک یہ سوچتا رہا آخر وہ کون سے گھرانے ہوتے ہوں گے جہاں دوسری شادی کی وجہ سے جھگڑے ہوتے ہوں گے ایک جنگ کا سا ماحول بنتا ہوگا،اپنے گھر کو دیکھتا ہوں تو جنت لگتا ہے۔آج صبح بیگم نے ناشتہ حجلہ عروسی میں پیش کیا اور اپنی ساتھی کو (سوتن لکھنے میں مجھے کوفت ہورہی ہے) اپنے ہاتھوں سے نوالے بنا کر کھلائے،اور چھیڑنے کے انداز سے کن انکھیوں سے بھی ہم دونوں کو دیکھتی رہیں،ایک بات تو بھول ہی گیا کہ گیزر بند ہونے کی وجہ سے گرم پانی کی دو بالٹیاں بھی بھری تھیں،رات زبردستی گیارہ بجے ہم دونوں کو کمرے میں دھکیل کر بچوں کو شور شرابے سے روک کر کمرہ بند کر دیا،شکریہ بیگم ایسی بیویاں قسمت والوں کو ملتی ہیں۔کل رات شاید ہم ہنی مون پر ترکی نکل جائیں،بیگم نے یقین دہانی کروائی ہے کہ میری غیر موجودگی میں وہ بچوں کی فیس،بجلی کا بل، راشن اور گھر کے بیشتر کام اور ذمہ داریوں کے علاوہ انجام دے دیں گی۔آپ سب اپنے گھر میں بھی یہ ماحول بنائیں اور محبت سے رشتوں کو قائم رکھیں،اور اپنی بیوی کو اعتماد میں لیں، یہ دیکھیں کہ دوسری بیوی ایک دن بعد ہی کہہ رہی ہے تیسری میں آپ کے لیے خود تلاش کروں گی، مجھ پر تو جیسے حیاء کی ایک سرخی سی آگئی اور میں شرما سا گیا، عجیب

شرمیلی طبیعت پائی ہے میں نے۔بس جی دعاؤں میں یاد رکھیں۔(صہیب جمال کے باؤلے کے خواب'' نامی ناول سے اقتباس)

## کیا ٹھیک کیا غلط

1977 میں جنرل ضیا نے مارشل لگایا، وہ ٹھیک تھا۔1999 میں مشرف نے جو مارشل لا لگایا، وہ غلط تھا۔ 1988 میں جنرل ضیاء نے جونیجو حکومت برخاست کی، وہ ٹھیک تھی۔1998 میں جنرل مشرف نے جو حکومت برخاست کی، وہ غلط تھا۔1990 میں غلام اسحاق نے بینظیر حکومت کے خلاف 58 ٹو بی استعمال کی، وہ ٹھیک تھی۔1993 میں غلام اسحاق نے نواز شریف کے خلاف جو 58 ٹو بی استعمال کی، وہ غلط تھا۔1994 میں بینظیر کے خلاف جو تحریک نجات چلائی گئی، وہ ٹھیک تھی۔1998 اور 2014 میں جو نواز حکومت کے خلاف احتجاج کیا گیا، وہ غلط تھا۔ 1993 میں جسٹس نسیم حسن شاہ نے نواز شریف کی حکومت بحال کی، وہ ٹھیک تھا، 2017 میں سپریم کورٹ نے نواز شریف کو برطرف کیا، وہ غلط تھا۔ 2017 میں شہباز شریف نے جسٹس قیوم کو کال کر کے مطلوبہ فیصلہ کرنے کا جو حکم دیا، وہ ٹھیک تھا۔

2017 میں سپریم کورٹ رجسٹرار نے جو ایف آئی اے کو کال کر کے جے آئی ٹی کے ممبران کے نام مانگے، وہ غلط تھا۔2011 میں زرداری حکومت کے خلاف وزیر اعلیٰ پنجاب کی جو احتجاجی مہم تھی، وہ ٹھیک تھی، 2016 میں وزیر اعلی خیبر پختون نے مرکزی حکومت کے خلاف جو جلوس نکالا، وہ غلط تھا۔1996 میں اپوزیشن لیڈر بینظیر کو اس کے کم سن بچوں کے ساتھ اڈیالہ جیل میں غیر مردوں کے سامنے گھنٹوں انتظار کروانا ٹھیک تھا، 2017 میں مریم نواز کو باعزت طریقے سے جے آئی ٹی میں طلب کیا جانا غلط تھا۔سن 2000 میں رات کے اندھیرے میں اپنی پارٹی کے کارکنان کو بتائے بغیر مشرف کے ساتھ معاہدہ کر کے جدہ بھاگ جانا ٹھیک تھا، 2007 میں بینظیر کا مشرف کے ساتھ این آر او کر کے پاکستان آنا غلط تھا۔2012 میں سپریم کورٹ کی طرف سے وزیر اعظم گیلانی کو نااہل قرار دینا ٹھیک تھا، 2017 میں سپریم کورٹ کا وزیر اعظم نواز شریف کو نااہل قرار دینا غلط تھا۔1990 کے الیکشن میں آئی ایس آئی سے کروڑوں روپے لے کر الیکشن میں دھاندلی کر کے جیتنا ٹھیک تھا، 2014 میں عمران خان کا ریٹائرڈ آئی ایس آئی چیف سے ٹیلیفون پر بات کرنا غلط تھا۔2016 میں اپنی بیٹی کے ذریعے ڈان لیکس کروا کر فوج کو بدنام کروانا ٹھیک تھا، 2011 میں زرداری کا میموگیٹ کے زریعے فوج کے خلاف خط لکھنا غلط تھا۔مشرف دور میں اس کی ساری کی ساری ٹیم غلط تھی۔2013 میں حکومت بنانے کے بعد مشرف کی آدھی ٹیم کو وزارتیں دینا ٹھیک تھا۔نواز شریف نے پچھلے دنوں ایک بیان میں کہا تھا کہ وہ ایک نظریئے کا نام ہے۔ابھی جو کچھ آپ نے اوپر پڑھا ہے، وہ نواز شریف کے نظریئے کی ایک جھلک ہی تو ہے۔ان لوگوں کی دماغی صحت کا اندازہ خود ہی لگا لیں جو اس قسم کا نظریہ رکھنے والے نواز شریف کو اپنا لیڈر مانتے ہیں۔

## ایک بادشاہ کے دربار میں

ایک اجنبی،نوکری کی طلب لئے حاضر ہوا،قابلیت پوچھی گئی، کہا، سیاسی ہوں۔(عربی میں سیاسی،افہام و تفہیم سے مسئلہ حل کرنے والے معاملہ فہم کو کہتے ہیں)بادشاہ کے پاس سیاست دانوں کی بھر مار تھی،اسے خاص گھوڑوں کے اصطبل کا انچارج بنالیا۔جو حال ہی میں فوت ہو چکا تھا۔چند دن بعد،بادشاہ نے اس سے اپنے سب سے مہنگے اور عزیز گھوڑے کے متعلق دریافت کیا،اس نے کہا نسلی نہیں ہے بادشاہ کو تعجب ہوا، اس نے جنگل سے سائیس کو بلاکر دریافت کیا،اس نے بتایا،گھوڑا نسلی ہے لیکن اس کی پیدائش پر اس کی ماں مرگئی تھی، یہ ایک گائے کا دودھ پی کر اس کے ساتھ پلا ہے۔مسئول کو بلایا گیا،تم کو کیسے پتا چلا،اصلی نہیں ہے؟؟؟

اس نے کہا، جب یہ گھاس کھاتا ہے تو گائیوں کی طرح سر نیچے کر کے جبکہ نسلی گھوڑا گھاس منہ میں لیکر سر اٹھا لیتا ہے۔بادشاہ اس کی فراست سے بہت متاثر ہوا،مسئول کے گھر اناج،گھی،بھنے دنبے،اور پرندوں کا اعلیٰ گوشت بطور انعام بھجوایا۔اس کے ساتھ ساتھ اسے ملکہ کے محل میں تعینات کر دیا، چند دنوں بعد،بادشاہ نے مصاحب سے بیگم کے بارے رائے مانگی،اس نے کہا۔طور واطوار تو ملکہ جیسے ہیں لیکن شہزادی نہیں ہے، بادشاہ کے پیروں تلے سے زمین نکل گئی، حواس بحال کئے،ساس کو بلا بھیجا،معاملہ اس کے گوش گذار کیا۔اس نے کہا، حقیقت یہ ہے تمہارے باپ نے،میرے خاوند سے ہماری بیٹی کی پیدائش پر ہی رشتہ مانگ لیا تھا،لیکن ہماری بیٹی 6 ماہ ہی میں فوت ہوگئی تھی، چنانچہ ہم نے تمہاری بادشاہت سے قریبی تعلقات قائم کرنے کے لئے کسی کی بچی کو اپنی بیٹی بنالیا۔بادشاہ نے مصاحب سے دریافت کیا،تم کو کیسے علم ہوا،؟اس نے کہا،اس کا خادموں کے ساتھ سلوک جاہلوں سے بدتر ہے۔بادشاہ اس کی فراست سے خاصا متاثر ہوا،بہت سا اناج،بھیڑ بکریاں بطور انعام دیں۔ساتھ ہی اسے اپنے دربار میں متعین کر دیا۔کچھ وقت گزرا،''مصاحب کو بلایا،''اپنے بارے دریافت کیا،مصاحب نے کہا، جان کی امان، بادشاہ نے وعدہ کیا،اس نے کہا:''نہ تو تم

بادشاہ زادے ہو نہ تمہارا چلن بادشاہوں والا ہے بادشاہ کو تاؤ آیا، مگر جان کی امان دے چکا تھا، سیدھا والدہ کے محل پہنچا، والدہ نے کہا یہ سچ ہے تم ایک چرواہے کے بیٹے ہو، ہماری اولاد نہیں تھی تو تمہیں لے کر پالا۔ بادشاہ نے مصاحب کو بلایا پوچھا، بتا،" تجھے کیسے علم ہوا؟ اس نے کہا، بادشاہ جب کسی کو انعام واکرام دیا کرتے ہیں تو ہیرے موتی، جواہرات کی شکل میں دیتے ہیں... لیکن آپ بھیڑ، بکریاں، کھانے پینے کی چیزیں عنایت کرتے ہیں" یہ اسلوب بادشاہ زادے کا نہیں کسی چرواہے کے بیٹے کا ہی ہوسکتا ہے، عادتیں نسلوں کا پتہ دیتی ہیں۔

عادات، اخلاق اور طرز عمل
خون اور نسل دونوں کی پہچان کرا دیتے ہیں

## اہل پاکستان کو اطلاع دی جاتی ہے

جلد ہی ٹوپی ڈرامے شروع ہونے والے ہیں کام درج ذیل ہیں! عرصہ سے بند سیوریج، اب صحیح ہو جائے گی۔ ٹوٹی پھوٹی سڑکیں دوبارہ تعمیر کی جائیں گی۔ ہر ہفتے علاقے کا ذمہ دار کونسلر یا ایم این اے خود علاقے کا دورہ کرے گا۔ لوگوں کے مسائل پوچھے گا۔ ان کے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھائے گا۔ اپنے سگے بہن بھائیوں، ماں باپ کی طرح ان سے پیش آئے گا۔ محلے کے بچوں کو اپنی گود میں اُٹھائے گا۔ بیماروں کی عیادت بذات خود ایم این اے یا ایم پی اے خود کرے گا۔ کسی کے گھر فوتگی ہو جائے تو جنازہ میں پہلی صف میں شریک ہوگا۔ اگر آپکے محلے میں صاف پانی میسر نہیں تو اب صاف وشفاف پانی میسر ہوگا۔ آپ کسی مسئلے کے لیے کونسلر کے پاس جائیں گے تو کھڑا ہو کر استقبال کرے گا۔ دو دن کے اندر آپکا کام ہو جائے گا۔ ہسپتالوں میں عیادتی ڈرامے شروع ہو جائیں گے۔ علاقوں میں دورہ جاتی ڈرامے شروع ہونگے۔ اگر یہ سب کام پچھلے چار سال کے عرصے میں بھی ہوتے رہے ہیں۔ تو ان کاموں کو خدمت خلق سمجھ لیجئے۔ اگر یہ کام صرف ابھی ہو رہے ہیں تو انھیں ٹوپی ڈرامے کا نام دیجئے. خدا کے واسطے اپنے ملک کو مزید برباد نہ ہونے دیجئے۔ ترقی یافتہ منصوبوں کے لالی پاپ منہ میں لے کر چپ نہیں رہیے۔ بلکہ جب فارغ ہوں۔ تب ایک بار پچھلے چار سال پر نظر دوڑا لیجئے۔ اگر آپکی حالت صرف الیکشن کے قریب ہی بدلتی ہے۔ تو اس بار اپنی حالت کو مستقل طور پر بہتر بدلاؤ کے لیے اپنے نمائندے بدلیے۔

## ایک ایسی حقیقت کہ جان کر آپ بھی فخر محسوس کریں گے۔ فحاشی

میرے سامنے ریپ کے حوالے سے ٹاپ 10 ملکوں کی فہرست موجود ہے جس میں دسویں نمبر پر ملک ایتھوپیا ہے جہاں کی ساٹھ فیصد خواتین کو سیکسوئیل وائلنس کا سامنا کرنا پڑا اور ہر سترہ میں سے ایک خاتون ریپ کا شکار ہوئی.. یاد رہے کہ یہ کوئی مسلمان ملک نہیں بلکہ ایک عیسائی ملک ہے... ریپ کے حوالے سے ہی نوواں بڑا ملک سری لنکا ہے... یہ بھی مسلم ملک نہیں.. خواتین سے بدسلوکی اور بے حرمتی کے حوالے سے فہرست میں آٹھواں بڑا ملک کینیڈا ہے جہاں 2,516,918 ریپ کیسز دو ہزار ایک سے اب تک رجسٹرڈ ہوئے ہیں اور مزے کی بات یہ کہ وہاں کے سرکاری محکموں کا یہ ماننا کہ یہ رجسٹرڈ کیسز ٹوٹل کا چھ فیصد بھی نہیں... یاد رہے کینیڈا بھی مسلم ملک نہیں بلکہ ایک لبرل اور آزادی پسند ملک ہے... ساتواں نمبر فحاشی وعریانی جسے یار لوگ آزادی اور حقوق بھی کہتے ہیں میں سرفہرست ملک فرانس کا ہے... کیا آپ جانتے ہیں کہ 1980 سے پہلے تک تو یہاں ریپ کوئی جرم سمجھا ہی نہیں جاتا تھا.. اس کے سدِ باب کا کوئی قانون سرے سے ہی موجود نہیں تھا... عورت پر جنسی اور جسمانی تشدد پہ قانون بنایا ہی 1992 کے بعد گیا.. فرانس جیسے لبرل ملک میں سالانہ 75000 ریپ کیسز رجسٹرڈ کئے جاتے ہیں.. چھٹے پر ٹیکنالوجی کے بادشاہ جرمنی کا نمبر آتا ہے جہاں اب تک 6505468 کیسز رجسٹرڈ ہو چکے ہیں یاد رہے ان میں سے 240000 سے زیادہ متاثرہ خواتین خودکشی وتشدد سے اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھی ہیں... ٹیکنالوجی میں تیزی سے ترقی کرتے اس ملک میں انسانیت اتنی ہی تیزی سے ختم ہوتی جا رہی ہے... پانچواں نمبر انگلینڈ کا ہے جہاں ہر 16 سے 56 سال کی عمر کی ہر پانچ میں سے ایک عورت کو جنسی تشدد کا سامنا کرنا پڑتا ہے... سالانہ چار لاکھ خواتین انگلینڈ میں اپنا وقار کھو بیٹھتی ہیں۔ چوتھے نمبر پر مشہور ملک ریپستان مطلب ہندوستان آتا ہے جہاں ہر بائیس منٹ بعد ریپ کا ایک کیس رجسٹرڈ کیا جاتا ہے... یاد رہے اعداد وشمار کے ماہرین کے نزدیک یہ تعداد اصل تعداد کا دس فیصد بھی نہیں کیوں کہ پسماندگی کی وجہ سے نوے فیصد خواتین رپورٹ درج نہیں کرواتیں۔ تیسرے نمبر پہ سویڈن آتا ہے جہاں ہر چار میں سے ایک عورت ریپ اور ہر دو میں سے ایک عورت سیکسوئیل ہراسمنٹ کا شکار ہوتی ہے..... دوسرے نمبر پہ ساؤتھ افریقہ آتا ہے جہاں بلحاظ آبادی سالانہ 65000 سے زائد کیسز رجسٹرڈ کئے جاتے ہیں... ساؤتھ افریقہ بیبی اینڈ چائلڈ ریپ اور ہراسمنٹ کے حوالے سے بھی دنیا میں بدنام ترین ملک جانا جاتا ہے.... اور آخر میں پہلے نمبر پہ ہے مہذب ترین ملک امریکہ مہذب اور روشن

خیال ملک ہونے کی وجہ سے یہاں کے کیسز بھی کافی عجیب وغریب واقع ہوئے ہیں... یہاں ہر چھ میں سے ایک عورت تو ریپ کا لازمی شکار ہوئی ہے۔ پر ہر 33 میں سے ایک مرد بھی عورتوں کے ہاتھوں ریپ کا شکار ہوا ہے۔ 3.19 فیصد عورتیں اور 8.3 فیصد امریکی مرد زندگی میں کم از کم ایک دفعہ ریپ کا لازمی شکار ہوئے۔ اوپر موجود تمام اعداد و شمار ایک ویب سائیٹ سے لئے گئے باقی ویبسائیٹ بھی دیکھیں ان میں بھی ٹاپ ٹین کنٹریز یہی ہیں بس ترتیب آگے پیچھے ہے... ان سب ملکوں میں آپکو کسی مسلم ملک کا نام نظر نہیں آئے گا... اگر آپ تیزاب گردی کے حوالے سے سرچ کریں تو بھی یہی ملک آپ کو سب سے زیادہ متاثرہ نظر آئیں گے... جی یہی وہ ممالک جنہیں ہمارا میڈیا جنت بریں ثابت کرنا چاہتا ہے... جن کی ہمارے ہاں موجود لبرل باندر مثالیں دیتے ہیں...

افسوس کہ ہزاروں مختاراں مائیوں اور ملالاؤں پہ مشتمل امریکہ اور دوسرے ان ممالک میں کوئی این جی اوز نہیں یہاں کسی شرمین عبید چنائی کو گھاس نہیں ڈالی جاتی.. یہاں کی کوئی این جی او اس بدترین کام پہ اپنے سسٹم پہ نوحہ کناں نظر نہیں آتی... اور مزے کی بات یہ کہ ان ممالک میں کسی ملا مدرسے کا ہولڈ نہیں... عورتوں کے حقوق نہیں دبائے جاتے ہاں عورتوں کے ریپ وہ بخوشی کر دیتے ہیں... چند سال پہلے کہیں پڑھا تھا کہ آزادی نسواں درحقیقت عورت تک پہنچنے کی کوشش کا نام ہے... ابھی جب اعداد شمار دیکھے تو اس بات پہ یقین ہوا کہ واقعی ہی آزادی کے نام پہ اس مہذب معاشرے نے عورت کو ٹشو پیپر کی طرح استعمال کیا.. اس سے گھر چھینا، تقدس چھینا، عزت چھینی، برابری کے نام پر مشقت کرائی گئی، برینڈ بنا کر بیچا گیا... بازاروں میں نیلام کیا گیا.. عورت کی آزادی کے نام پر جنس و پیسے کے ان پیاسوں نے اسے خوب بیوقوف بنایا۔ بارہ سے تیرہ سال کی بچیاں بھی ان ہوس کے پجاریوں سے محفوظ نا رہ سکیں... سال میں ایک کیس پاکستان سے لیکر رونا پیٹنا کرنے والی یہ منحوس مائیاں کیا بارہ بارہ سال کی ان امریکی بچیوں کے بارے میں جانتی بھی ہیں جو کہ کم عمری میں ہی مائیں بن گئیں؟ میرے خیال میں عورت کی آزادی کے نام پر جنس کا کاروبار چلانے والے صحافیوں، اور کوٹھے چلانے والی ان سوکالڈ لبرل نائیکاؤں کو ڈرموں میں ڈال کر امریکہ و یورپ کی ان جعلی جنتوں میں بھیج دینا چاہیئے... کہ حقوق تو فی الحال وہاں کی مظلوم عورتوں کو چاہیئے... یہاں تو عورتیں محفوظ ہیں.....

***

## آرمی نامہ (انور مقصود)

اُردو کے پہلے عوامی شاعر تھے نظیرؔ اکبرآبادی.... جن کی وجہ سے مجھے ڈان گروپ سے نکال دیا گیا۔ میں حریت اخبار کا میگزین ایڈیٹر تھا، نظیر اکبر آبادی کی برسی کے دن میں نے ان کا آدمی نامہ لکھ کر کاتب کو دے دیا۔ آدمی نامہ، ''د'' کو میں نے ذرا سا سیدھا لکھ دیا، کاتب سمجھا کہ ''ر'' ہے، اس نے آرمی نامہ لکھ کر مضمون چھاپ دیا۔ ضیاء الحق کی حکومت تھی۔

دنیا میں پادشہ ہے سو ہے وہ بھی آرمی
اور مفلس و گدا ہے سو ہے وہ بھی آرمی
زردار بے نوا ہے سو ہے وہ بھی آرمی
نعمت جو کھا رہا ہے سو ہے وہ بھی آرمی
ٹکڑے چبا رہا ہے سو ہے وہ بھی آرمی
مسجد بھی آرمی نے بنائی ہے یاں میاں
بنتے ہیں آرمی ہی امام اور خطبہ خواں
پڑھتے ہیں آرمی ہی قرآن اور نماز یاں
اور آرمی ہی ان کی چراتے ہیں جوتیاں
جو اُن کو تاڑتا ہے سو ہے وہ بھی آرمی
فرعون نے کیا تھا جو دعویٰ خدائی کا
شداد بھی بہشت بنا کر ہوا خدا
نمرود بھی خدا ہی کہاتا تھا برملا
یہ بات ہے سمجھنے کی آگے کہوں میں کیا
یاں تک جو ہو چکا ہے سو ہے وہ بھی آرمی
اشراف اور کمینے سے لے شاہ تا وزیر
یہ آرمی ہی کرتے ہیں سب کار دل پذیر
یاں آرمی مرید ہے اور آرمی ہی پیر
اچھا بھی آرمی ہی کہاتا ہے اے نظیرؔ
اور سب میں جو برا ہے سو ہے وہ بھی آرمی


حریت کے مالک تھے محمود ہارون، انٹیریئر منسٹر.... جنرل مجیب الرحمان

انفارمیشن کے وزیر تھے.... میرے بڑے بھائی انفارمیشن کے سندھ کے سیکریٹری تھے۔حمید ہارون میرے پاس آئے اور بولے تمہارے میگزین میں کیا چھپ گیا؟ میں نے کہا کاتب کی غلطی۔کاتب کو بلایا تو معلوم ہوا کہ وہ رات ہی میں بیوی بچوں کے ساتھ میر پور خاص چلے گئے۔میں نے جنرل مجیب کو فون کیا اور کہا سر کتابت کی غلطی ہے، ہماری آرمی میں کوئی غلطی نہیں ہے۔انہوں نے غصے سے فون بند کر دیا۔دو دن یہ ہنگامہ چلتا رہا۔پھر جنرل ضیاء کو اطلاع کر دی گئی کہ مجھے ملازمت سے الگ کر دیا گیا ہے۔کاتب کی کوئی غلطی نہیں تھی، میں نے جان بوجھ کر د کی جگہ رکھ دیا تھا۔ ***

# حاجی محمد یعقوب اختر انصاری

## (حال مقیم سعودی عرب)

## بقضائے الٰہی وفات پا گئے




بہت دکھ اور تکلیف کے ساتھ تمام دوستوں کو اطلاع دی جاتی ہے کہ جدہ میں مقیم حاجی محمد یعقوب اختر انصاری بقضائے الٰہی وفات پا گئے ۔آپ ایک خوبصورت اور خوب سیرت انسان تھے۔آپکی گفتگو میں سحر تھا۔اردو زبان و بیان پر قادر تھے اور کسی بھی موضوع پر جب رطب اللسان ہوتے تو مضمون کو انتہائی عمدگی کے ساتھ اور مناسب و موضوع الفاظ کے ساتھ بیان کرتے۔دینی علوم کے ساتھ ساتھ دنیاوی علوم سے بھی بہرامند تھے۔مذہب، حالات حاضرہ، ملکی سیاسی صورتحال غرض کوئی بھی موضوع ہو جب بھی گفتگو کا موقع ملتا انکی سیر حاصل اور بامعنی گفتگو اپنے حصار میں لے لیتی۔اپنی زندگی کے تجربات و مشاہدات نے انکی شخصیت کو عقلمندی و دانائی کا زیور عطا کیا ہوا تھا۔2009 میں جب میں نے شریف اکیڈمی جرمنی کی بنیاد رکھی۔تو ان سے میرا رابطہ ہوا۔جب میں نے انہیں اکیڈمی کے اغراض و مقاصد سے آگاہ کیا تو انہوں نے میرے جذبے اور شوق کو سراہتے ہوئے نہ صرف دعائیہ کلمات سے نوازا بلکہ میرا ساتھ دینے کا بھی وعدہ کیا۔اکیڈمی کا پہلا ممبرشپ فارم بھی آپ نے اپنے پُر کر کے ارسال کیا۔چنانچہ انہیں اکیڈمی کی مشاورتی کونسل میں شامل کیا گیا۔ہمیشہ اپنے قیمتی مشوروں سے نوازتے اور میری کاوشوں کو سراہتے۔اکیڈمی کے عالمی کنونشن پر اپنا پیغام ارسال کرتے جو دعاوں کے ساتھ مزیّن ہوتا۔2009 میں ہی جب سپین کے ایک ریڈیو ''پاکسلونہ ریڈیو'' سے اہلِ قلم مشاعرہ شروع کیا تو اس میں اکثر شرکت کرتے اور یہ مشاعرہ جو ہر ہفتے مسلسل دو سال تک پیش کیا گیا ہر مشاعرہ باقاعدگی سے سنتے اور اکثر و بیشتر فون کر کے شعراء کی حوصلہ افزائی فرماتے۔گزشتہ سال جب یہ مشاعرہ ریڈیو فضا نوٹنگھم انگلینڈ سے شروع کیا گیا تو اسکے پہلے پروگرام میں بطور خاص آپ کو شریک کیا گیا۔جس میں آپ نے پروگرام شروع کرنے پر دعاوں کے ساتھ مبارکباد دی۔آپ نے ایک SMS گروپ بنایا ہوا تھا جسمیں تمام دوستوں شامل کیا گیا اور اس کے ذریعے آپ ہر جمعہ کو جمعہ کی مبارکباد دعاوں کے ساتھ ارسال کرتے۔

انکی جدائی تمام چاہنے والوں کے لئے ایک ناقابل تلافی نقصان ہے۔دل خون کے انسو رو رہا ہے اور آنکھ پُرنم ہے۔موت کی حقیقت سے انکار نہیں لیکن انکی وفات کا دکھ بھی فطری ہے۔اللہ تعالی کی رضا کے سامنے انسان بے بس ہے۔اور اسی کی رضا پر راضی ہونے کے علاوہ کوئی چارہ نہیں۔اللہ تعالی انہیں چادر رحمت سے ڈھانپ لے اور جنت النعیم میں اعلی درجات عطا کرے اور انکے جملہ لواحقین اور تمام دوست احباب کو صبر عطا کرے۔شریف اکیڈمی کے جملہ ممبران اس سانحہ پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہیں۔اور انکی مغفرت کے لئے دعا گو ہیں

------------خاکسار شفیق مراد--

## ارمؔ بتول قادری۔جرمنی

اندھیرے اور بھی گہرے ہوئے ہیں پل کے چلمن میں
میری سانسوں کو باندھا جا رہا ہے کیسے بندھن میں
نہ پتھر ہیں مری آنکھیں نہ بنجر میری سوچیں ہیں
مجھے تپتا ہوا تھر کیوں بنا رکھا ہے ساون میں
جو ٹہنی پھولتی پھلتی ہے ٹھنڈی چھاؤں دیتی ہے
اسے ہی کاٹ کر کیوں رکھ دیا جاتا ہے ایندھن میں
سہولت نِت نئی لاتا ہے بدلے وقت جب پہلو
وہ اِک میں ہوں کہ گِھر جاتی ہوں انہونی سی الجھن میں
یہ بہلاوئے یہ دکھلاوئے سبھی بنتے ہیں پچھتاوے
نہ کانٹے جس میں ہوں چھاؤں نہیں دیکھی وہ جیون میں
میں شرمندہ ہوں اپنے آپ سے ایسے کہ جیسے اِک
شجر رو دے خزاں کا دیکھ کر پانی کے درپن میں
ارمؔ میری انا کی کیوں نہیں پہچان تک کوئی
مری اپنی گلی اپنے محلے اپنے آنگن میں



# سوچنے کی بات

(طالب دعا
خالد محمود احمد)

جب ہم احادیث کا مطالعہ کرتے ہیں تو ہمیں پتہ چلتا ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی رُخصتی کے وقت عمر 9 یا گیارہ سال تھی اور ہم اس بات کو صحیح تسلیم کر لیتے ہیں اور یہی وہ الزام ہے جو مخالفین اسلام نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر لگا کر نہ جانے کیا کیا گھٹیا الزام لگا جاتے ہیں۔ جب کہ قرآن کریم کا اس بارے میں ارشاد ہے کہ بالغ عورتوں سے نکاح کرو تو پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم اس قرآنی حکم کے خلاف نعوذ باللہ کیسے جا سکتے ہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ کی عمر کے بارے کچھ روایات اور بھی ہیں آئیں ان کا جائزہ لیتے ہیں۔ حضرت عائشہ کی عمر اور حضرت اسماء کی عمر کی نسبت عبدالرحمن ابن ابی الذناد۔ حضرت اسماء، حضرت عائشہ سے دس سال بڑی تھیں۔ (سیار العلم النبالہ، الذہابی، جلد 2، ص 289 عربی۔ موسستہ الرسالہ، بیروت، 1992) بقول ابن کثیر: حضرت اسماء اپنی بہن حضرت عائشہ سے 10 سال بڑی تھیں۔ (البدایہ والنہایہ، ابن کثیر، جلد 8، ص 371، دار الفکر العربی الجزاہ، 1933) بحوالہ ابن کثیر: حضرت اسماء نے اپنے بیٹے کو 73ھ میں مرتے ہوئے دیکھا۔ اور پھر 5 دن، یا 10 دن یا 20 دن یا کچھ دن یا 100 دن بعد (دنوں کی تعداد مورّخ یا محدث پر منحصر ہے) انکی وفات 100 برس کی عمر میں ہوئی۔ (البدیاہ والنہایہ، ابن کثیر، جلد 8، ص 372، دار الفکر العربی، الجزاہ، 1933) بحوالہ ابن حجار الاثقلینی: حضرت اسماء- 100 سو برس زندہ رہیں اور 73ھ یا 74ھ میں وفات پائی۔ (تقریب التہذیب، ابن حجار الاثقلینی، ص 654، عربی۔ باب فی النساء، الحرف الیف، لکھنو) تمام مؤرخین اس بات پر متفق ہیں کہ حضرت اسماء کی وفات- سو برس کی عمر میں 73ھ یا 74ھ میں ہوئی۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ ہجرت کے وقت، 27 یا 28 برس کی تھیں۔ جس کے حساب سے حضرت عائشہ کی عمر ہجرت کے وقت 17 یا 18 سال اور رسول اللہ کے گھر 19 یا 20 سال کی عمر سے رہنا شروع کیا۔ حجار، ابن کثیر، اور عبدالرحمن کی درج روایات کے مطابق، حساب کرنے سے، حضرت عائشہ کی عمر، شادی کے وقت 19 یا 20 سال بنتی ہے۔ ممکن ہے کہ کتابت کی غلطی کی وجہ سے بھی کسی کتاب میں 19 کی جگہ 9 سال کتابت ہو گیا اور پھر اس کتاب کی تقلید ہوتی رہی۔ حدیث کے بارے میں ایک معیار یہ بھی ہے کہ جو حدیث قرآن کریم کی مخالف ہو چاہے کتنی بھی مستند ہو اس کو صحیح نہ مانا جائے۔ آج کے دور میں جب ہم ملاں کے کرتوت دیکھیں تو جنت کا نقشہ کھینچتے وقت اس کی حرکات اور ایکشن ایسے ہوتے ہیں کہ ستر ستر حوریں بلکہ بعض تفاسیر میں تو ایک ہزار تک حوریں ایک ایک جنتی کے حصے میں آئیں گی اور اس کے ساتھ نوجوان خادم تواضع کے لئے الگ اور پھر سونے پہ سہاگہ کہ ان کے لباس بھی ایسے کہ ستر سوٹ پہن کر بھی جسم اندر تک صاف نظر آ رہا ہوگا۔ سادہ مسلمان جنت اور حوروں کے تصور میں آپے سے باہر ہو کر یہ حوریں یہاں دنیا میں ہی تلاش کرنا شروع کر دیتے ہیں اور ایسی خباثتیں جنم لینا شروع کر دیتی ہیں کہ آج کے واقعہ کی طرح کتنی ہی معصوم کلیاں اپنی کھیلنے کودنے کی ہی عمر میں نوچ نوچ کر قتل کر دی جاتی ہیں اور اگر اسے لگام نہ ڈالی گئی تو پتہ نہیں اور کتنی زینبیں اس درندگی کا نشانہ بنیں گی۔

## ایٹمی حملہ کے بعد کیسے بچا جائے؟

آج کے دور میں انسان کو جس سب سے خوفناک غیر فطری آفت کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ وہ ہے ایک ایٹمی حملہ اگر آپ کے شہر پر ایٹم بم گرا دیا جائے۔ تو بھی آپ زندہ بچ سکتے ہیں۔ کیسے؟ جانیئے اس تحریر میں، ایٹمی حملے کا خطرہ کہاں ہے؟ دنیا میں اس وقت 20000 کے قریب ایٹمی ہتھیار موجود ہیں۔ جن ممالک میں ایٹمی حملے کا خطر سب سے زیادہ ہے وہ یہ ہیں۔ جنوبی کوریا، شمالی کوریا، پاکستان، بھارت، اسرائیل، ایران، اس کے علاوہ روس و امریکہ بھی ایٹمی جنگ کا نشانہ بن سکتے ہیں۔ دارالحکومت، اہم فوجی چھاونیاں، اہم شہر اور زیادہ آبادی والے علاقے ایٹمی حملوں کا اولین نشانہ ہیں" حالات پر نظر رکھیں۔ ایٹمی حملہ جنگ میں ہمیشہ آخری آپشن ہوتا ہے۔ اپنے ملک اور بین الاقوامی معاملات سے خود کو باخبر رکھیں اور کسی جنگ کی صورت میں پیشگی تدابیر تیار رکھیں۔

**پناہ گاہ:** آپ ایٹمی حملے اور اس کے اثرات سے صرف اس صورت میں ہی بچ سکتے ہیں اگر آپ کے پاس ایک مظبوط اور محفوظ پناہ گاہ موجود ہو۔بہترین پناہ گاہ زمین سے کم از کم 10 فٹ نیچے تہہ خانے کی صورت میں ہوگی۔زمین پر بھی پناہ گاہ بنائی جاسکتی ہے تاہم وہ تابکاری کو مکمل طور پر نہیں روک سکے گی،زمین پر بنائی جانے والی پناہ گاہ عمارتی پتھروں سے بنائی جانی چاہیے اگر عام اینٹیں اور کنکریٹ کا استعمال کرنا ہو تو پھر اینٹوں کی ایک کے بجائے کم از کم 5 پرتیں لگائی جائیں۔

**سامان:** اپنی پناہ گاہ میں اتنا سامان ہمہ وقت سٹور رکھیں جو 2,3 ہفتوں کے لیے کافی ہو،سامان کی تفصیل:

1۔ٹن پیک کھانا جس میں گوشت کا کوئی آئیٹم شامل نا ہو بلکہ سبزیاں، پھل اور بینز وغیرہ ہوں تاکہ فوڈ پوائزننگ کی اضافی مصیبت سے بچا جاسکے۔۲۔ڈسٹلڈ یا منرل واٹر کی بوتلیں ۳۔پانی کا ایک بڑا ٹینک جو نہانے وغیرہ کے کام آئے گا۔۴۔ایک ریڈیو (آپ کا موبائل تابکاری کے پہلے جھٹکے کے بعد ناکارہ ہوجائے گا) ۵۔کپڑوں کا ایک اضافی جوڑا۔۶۔کتابیں،جو کئی دن زیر زمین گزارنے میں معاون ثابت ہونگی۔۷۔فرسٹ ایڈ کٹ۔۸۔ادویات جن میں بخار،سر درد،جسم درد کی گولیاں،سلیپنگ پلز ۹۔بیٹریز یا بجلی کا متبادل انتظام۔ٹارچ۔

پوٹاشیم آئیوڈائیڈ کی گولیاں۔(دھماکے کے اول دن استعمال کریں) پینسلین پوٹاشیم۔سیفیٹک اینٹی۔سپٹک سپرے۔اگر ایٹمی حملہ ہوجائے؟ کسی بھی حادثے یا حملے کی صورت میں زندہ بچ جانے کا پہلا اصول اپنے ہوش وحواس کو قابو اور دماغ کو حاضر رکھنا ہے۔ایٹمی حملہ ہونے ایک ایک سیکنڈ کے اندر اندر آپ کو ایک زوردار دھماکہ سنائی دے گا اور فورا مشروم کی شکل کا ایک کئی میل اونچا دھویں کا طوفان نظر آئے گا۔فورا سمجھ جایئے کہ یہ ایٹمی حملہ ہے۔اب بچنے کی جدوجہد شروع کیجئے:

ایٹمی تباہی کے تین مراحل ہیں،ابتدائی دھماکہ۔فال آوٹ،تابکار طوفان،اگر تو ایٹمی وار ہیڈ آپ کی لوکیشن کے ڈیڑھ میل کے اندر اندر گرایا گیا ہے تو فورا کلمہ پڑھ لیں اور بیٹھے ہیں تو کھڑے ہوجائیں اگلے تین سیکنڈز کے اندر اندر آپ کا وجود بھاپ بن کے اڑ جائے گا۔اگر ایٹمی حملے کے لوکیشن سے ڈیڑھ میل دور ہے تو آپ بچ سکتے ہیں۔پہلا دھماکہ سنائی دینے کے بعد آپ کے پاس زیادہ سے زیادہ 5 سیکنڈز ہیں۔ دھماکے کی مخالف سمت میں کسی بھی ٹھوس چیز،دیوار یا کسی گہری جگہ پہنچیں،زمین پر الٹا لیٹ جائیں،اپنے دونوں ہاتھ سر پر رکھتے ہوئے کانوں کو ڈھانپ لیں اور ٹانگیں کراس کرلیں،اسی دوران آپ کو ایک اور زوردار دھماکہ سنائی دے گا جو کے پہلے دھماکے سے سوگنا زیادہ طاقتور ہوگا اور شدید زلزلہ پیدا کرے گا۔مبارک ہو! آپ ابتدائی دھماکے سے بچ نکلے۔دھماکہ سنائے دینے کے دو سے تین سیکنڈ اٹھ کھڑے ہوں اور اپنی پناہ گاہ کیطرف بھاگیں۔

**فال آوٹ۔** پہلے دھماکے میں نا صرف سینکڑوں عمارات دھواں بن کے اُڑ گئیں جو جن کا ملبہ اب بارش کی صورت میں برسے گا اور ساتھ ہی تابکاری سے بھرے الفا پارٹیکلز۔کی بارش بھی شروع ہوجائے گی۔دھماکے کی طرف ہرگز مت مڑ کے دیکھیں اور فال آوٹ میں گرتی چیزوں سے بچنے کی کوشش کریں۔اگر آپ صحیح سلامت پناہ گاہ تک پہنچ گئے تو مبارک ہو! آپ فال آوٹ سے بچ نکلے۔پناہ گاہ میں داخل ہوتے ہی ایک لمحہ ضائع کیے بغیر اپنا سارا لباس اتار دیں کیونکہ فال آوٹ کے دوران یہ بڑی مقدار میں الفا پارٹیکلز چوس چکا ہوگا۔اس کے بعد اگر آپ زخمی ہیں تو خود ابتدائی طبی امداد لیں اگر صحیح سلامت ہیں تو غسل کرلیں تاکہ فال آوٹ کے بچے کھچے اثرات سے ہر ممکن حد تک بچا جاسکے۔اب زمین پر ہر طرف تابکاری کا طوفان ہے اور آپ کو پناہ گاہ میں کئی دن تک رہنا ہے۔

یاد رکھیں: ا۔کم سے کم کھائیں۔۲۔جتنا ممکن ہو سکے سو کر وقت گزاریں ۳۔ریڈیو سنتے رہیں اور باہر کے حالات سے باخبر رہیں۔ئ۔اپنی ہمت بحال رکھیں۔۵۔اگلے چند دن میں آپ ریڈیوا یکٹو سکنس کا شکار ہوسکتے ہیں جس میں آپ کو تیز بخار،گھٹن،الٹیاں ہوسکتی ہیں۔اپنے پاس موجود ادویات کو استعمال کریں۔دھماکے کے زیادہ سے زیادہ 5 دنوں بعد امدادی ٹیمیں اور فوجی دستے آپ کے علاقے میں پہنچ جائیں گے۔ریڈیو سنتے رہیں جب آپ کو یقین ہوجائے کے آپ کے علاقے میں امدادی سرگرمیاں شروع ہو چکی ہیں تو باہر نکل کر قریب ترین امدادی کارکن سے فوری رابطہ کریں تاکہ آپ کو تابکاری کے علاقے سے فوری طور پر نکالا جاسکے۔اگر تو کوئی امدادی ٹیم آپ تک نا پہنچ سکے تو بیس دن بعد پناہ گاہ سے نکلیں۔اب تک تابکاری کا طوفان تھم چکا ہوگا۔زندگی کی طرف سفر...پناہ گاہ سے نکلتے ہی ممکن آپ کو پہلا احساس یہی ہو کہ لاکھوں میں سے صرف آپ ہی زندہ بچے ہیں۔اب جس قدر جلدی ممکن ہو علاقہ چھوڑ دیں۔

***



# ننھی زینب کا قاتل کون ہے؟

تہلکہ خیز انکشاف: ننھی زینب کا قاتل کون ہے؟ ایک ہی سال میں 12 بچوں اور بچیوں کا قتل، اصل وجہ کیا ہے؟ نامور اور معتبر صحافی نے دلائل اور ثبوت پیش کرتے ہوئے حکمرانوں اور انتظامیہ کی مشکل حل کر دیا لاہور (ویب ڈیسک) سب سے پہلے تو یہ بات جان لیں کہ زینب قتل کیس گھناؤنے انڈر ورلڈ چائلڈ پورن بزنس سے جڑا ہے۔قصور انڈر ورلڈ پورن ہب کا مرکز بن چکا ہے، بطور قوم ہم ننگے ہو چکے ہیں، چائلڈ پورن کی اقسام میں سب سے گھٹیا ترین صنعت پیڈو فیلیا پورن کی ہے قصور اسکینڈل کے بعد سے ہی زینب سمیت بارہ بچوں اور بچیوں کی لاشیں ملی ہیں۔نامور کالم نگار ثنا اللہ خان احسن اپنے ایک شاندار تحقیقی مضمون میں لکھتے ہیں۔

سانحہ قصور جس میں 300 بچوں سے جنسی زیادتی کر کے ویڈیوز بنائی جاتی تھیں وہ کیس حکومت نے دبا دیا تھا۔وہ قصہ بین الاقوامی سطح پر پھیلے ہوئے چائلڈ پورن بزنس سے جڑا ہوا تھا اور یہ کروڑوں روپے کی مارکیٹ ہے۔ پورن انڈسٹری (گندی فلموں کی صنعت) کی کئی اقسام ہیں جن میں سب سے گھناؤنی صنعت چائلڈ پورن کی ہے۔اور چائلڈ پورن کی اقسام میں سے مزید سب سے گھٹیا ترین صنعت پیڈو فیلیا پورن کی ہے۔پیڈو فیلیک پورن میں بالغ مردوں اور بوڑھوں کو دو سے چودہ سالہ بچوں کے ساتھ جنسی تشدد کرتے دکھایا جاتا ہے۔ یورپی ممالک کے کئی پارلیمینٹیرینز ہیں جن پر پیڈو فیلیا یعنی بچوں سے جنسی عوامل میں ملوث رہنے کے الزامات لگ چکے ہیں اور کئی ایسے ہیں جن کو سزا بھی ہو چکی ہے۔وہ لوگ اپنی جنسی تسکین کیلئے ایسی ویڈیوز ہزاروں ڈالرز میں خریدتے ہیں۔ ان ویڈیوز کا کاروبار ڈارک ویب پر کیا جاتا ہے اور ادائیگی کے طریقے ایسے ہیں کہ پتہ نہیں چلتا کہ خریدار کون ہے اور بیچنے والا کون۔صرف یہی نہیں بلکہ وہاں پر جبری زنا کی ویڈیوز بھی فروخت ہوتی ہیں۔کیوں کہ مغرب میں بیٹھے امیروں کی بڑی تعداد ایسی ویڈیوز کے گاہکوں کی ہے۔جب قصور میں 300 بچوں کو جنسی درندگی کا نشانہ بنایا گیا تھا اس وقت بچوں نے مجرم بھی شناخت کر لیے تھے۔وہ گرفتار ہوئے تھے مگر پولیس نے پھر چھوڑ دیے۔اس کی وجہ بھی سن لیں۔

مقامی بااثر سیاستدان بچوں کے ساتھ بدفعلی کی ویڈیوز بنا کر مہنگے داموں بیچنے کے کاروبار میں ملوث تھے۔یہ سارا کام ان کی زیرِ نگرانی چل رہا تھا۔یہ بات بھی قابل غور ہے کہ اس اسکینڈل کے بعد سے ہی زینب سمیت بارہ بچے اور بچیوں کی لاشیں ملنا شروع ہوئی ہیں۔یعنی اب یہ شیطان مزید کوئی رسک نہیں لینا چاہتے اس لئے اپنا کام کرنے کے بعد بچوں کو قتل کر دیتے ہیں۔بطورِ قوم ہم ننگے ہو چکے ہیں اور اب بھی مقامی سیاست دان ہی ملوث نکلیں گے۔اگر قصور اسکینڈل کیس کی گہرائی سے تفتیش کی جاتی تو اس معاملے کہ تہہ تک پہنچا جا سکتا تھا اور اس کے بعد زینب سمیت جو بارہ بچے بچیاں اغوا اور قتل ہوئے ایسا نہ ہوتا۔

یہاں میں اپنے محترم دوست محمد اقبال قریشی کی ایک پوسٹ کا کچھ حصہ کاپی کر رہا ہوں تا کہ آپ بھی جان سکیں۔ڈارک ویب کو ٹریس کرنا بے شک مشکل ہے لیکن قصور جیسے علاقے میں انٹرنیٹ صارفین کا پتا لگانا کوئی ایسا مشکل کام نہیں، سارا ریکارڈ ڈیٹا بیس میں موجود ہے، اگر میں کہوں کہ ڈاؤن لوڈ اور اپ لوڈ کی گئی ایک ایک میگابٹ کا ریکارڈ تو غلط نہ ہوگا۔پولیس متعلقہ محکمے کی مدد سے سارا ریکارڈ نکلوا سکتی ہے، سی سی ٹی وی فوٹیج کے گرد و نواح میں جتنے صارفین ہیں، ان کی اغوا کے دن سے لاش ملنے کی ڈیٹ تک اگر صرف اپ لوڈ سپیڈ اور اپ لوڈ کیا گیا ڈیٹا ریکارڈ ہی نکلوا جائے تو کیس کو حل سمجھیے۔پھر یہ عمل رات کو ہی کیا گیا اور خاصی دیر تک جاری رہا، جب تک واردات ہوتی رہی، انٹرنیٹ خوب استعمال ہوا، ڈیٹا ڈاؤن لوڈ سے زیادہ اپلوڈ کیا گیا کہ یہی اس جرم کی سب سے بڑی ڈیمانڈ تھی۔ جب جرم ہو چکا تو یہ عمل رُک گیا کیوں کہ لائیو اسٹریمنگ کی اب ضرورت نہ تھی۔اب چند دنوں میں کون سے صارف نے انٹرنیٹ کا ایسا بے تحاشا استعمال کیا ہوگا، یہی سراغ لگا لیں تو کیس حل سمجھیں، یاد رکھیے، وی پی این استعمال کیا جائے تو بھی اپ لوڈ اور ڈاؤن لوڈ پیرا میٹرز کم از کم پی ٹی سی ایل والوں سے چھپے ہوئے نہیں رہتے کیوں کہ وہ اسی کی بنیاد پر بلنگ انفارمیشن ترتیب دیتے ہیں۔مزید یہ کہ ایسے کام سست رفتار کنکشن پر تو کبھی نہیں کیے جاتے، پھر اس گروہ کے ہیڈ کوارٹر میں ایک سے زائد کنکشن بھی ہوں گے اور کچھ تو چوبیس گھنٹے فعال رہتے ہوں گے۔اس نقطہ نگاہ سے تفتیش کا دائرہ مزید سکڑ جاتا ہے۔

اب آتے قتل کے بعد کی چند روزہ رپورٹ کی طرف۔قصور میں جن لوگوں نے یہ


واردات کی، قوی امکان یہی ہے کہ انھوں نے رقم پاکستان منتقل کروائی۔ آن لائن ٹرانزکشن کی تفصیلات، وغیرہ کا ان دنوں کا یا چند روز بعد کا ریکارڈ اس ضمن میں خاصا معاون ثابت ہوسکتا ہے، قصور میں فعال منی ایکسچینج دفاتر سے بیرون ممالک سے آنے والی بھاری رقوم کو ٹریس کر کے بھی کچھ نہ کچھ کلیو مل سکتا ہے۔ اگر یہ گینگ اس قسم کی وارداتوں میں ایک عرصہ سے ملوث ہے تو یقیناً قصور کی فارن کرنسی انڈسٹری بھی بہت اچھی جارہی ہوگی۔ گروہ کے تمام ارکان تو اپنی رقوم بیرون ملک نہیں رکھتے ہوں گے، کچھ نہ کچھ بلکہ ایک بڑا حصہ قصور یا لاہور کے بینکوں میں ہی محفوظ کیا جاتا رہا ہوگا، بھاری منتقلی کا ریکارڈ وہ ابھی ان دنوں میں کارآمد کلیو ہوگا۔ اگر قصور میں ہونے والے جنسی اسکینڈل کیس کے مجرموں کو سزائیں دی جاتیں تو یقیناً ''یہ مزید وارداتیں نہ ہوتیں۔ خدا کرے کہ ہماری انٹیلیجنس ایجنسیاں اس زاویئے سے بھی تحققیات کر رہی ہوں۔ آج ایک نئی فوٹیج بھی آئی ہے جس میں زینب کو اغوا کرنے والے شخص کو زینب کی گلی میں چلتے پھرتے دکھایا گیا ہے۔ یہ فوٹیج انتہائی عمدہ اور واضح ہے۔ وہ شخص مستقل گلی میں اس طرح ٹہل رہا ہے جیسے کسی کا انتظار کر رہا ہو۔ اس فوٹیج میں اس کے چہرہ اور لباس انتہائی واضح ہے۔ وقت بھی شام کا ہے اور لگتا یہی ہے کہ اس شخص نے زینب کو اس کے گھر سے نکلتے ہی اغوا کیا ہے۔ جس وقت وہ سپارہ پڑھنے جانے کے لئے گھر سے نکلی تھی۔ اب اس شخص کی شناخت کم از کم کوئی مسئلہ نہیں رہی۔

دوسری ایک بات یہ بھی قابل غور ہے کہ وہ زینب کے گھر سے نکلنے سے پہلے ہی کیوں گلی میں ٹہل رہا تھا؟ کیا اس کو پہلے سے زینب کے نکلنے کا پتہ تھا؟ وہ مستقل موبائل فون پر ٹیکسٹنگ بھی کر رہا تھا۔ یعنی قاتل نے ریکی بھی کی ہے، یعنی اپنے شکار کو اُٹھانے سے پہلے وہ اس کا پیچھا کرتا رہا، معمولات کو نوٹ کرتا رہا اور اس دوران کسی ایک موقع کا فائدہ اُٹھا کر کسی آدم خور درندے کی طرح اسے اُچک کر لے گیا۔ اس کا یہ بھی مطلب ہے کہ یہ لوگ جو کوئی بھی ہیں، ایک منظم مافیا کی طرز پر سائنسی انداز میں ہر واردات کر رہے ہیں، ان کا یہی ایک کام نہ ہوگا، یہ اُجرتی قاتلوں، بین الاقوامی دہشت گردوں اور ایسے ہی دوسرے جرائم پیشہ نیٹ ورکس تک بھی پولیس کو رسائی دے سکیں گے۔ اگر پولیس چاہے تو! تو جیوفنسنگ سے بھی کچھ نہ کچھ مدد ضرور مل سکتی ہے۔ صرف شام پانچ بجے سے چھ بجے تک اس گلی میں استعمال ہونے والے موبائل فونز کے ڈیٹا کو حاصل کر کے اس شخص کے فون کو ٹریس کیا جاسکتا ہے۔ اگر اس قسم کا کام کرنے والے ہمارے ملک میں یہ سب کر رہے ہیں تو پہلی فرصت میں تمام تر ذرائع کو بروئے کار لا کر فوری طور پر ان تمام شیطانوں کو اس گھناؤنے جرم پر سزائے موت دینی چاہئے۔ اس سلسلے میں قصور جنسی اسکینڈل کے رہا اور ضمانت یافتہ تمام افراد کو گرفتار کر کے ان سے بھی تفتیش کرنی چاہئے سارے ڈانڈے یہیں سے ملیں گے۔ آجکل دنیا بھر میں پھیلے جنسی شیطانوں اور نفسیاتی مریضوں کے لئے ڈارک ویب پر باقاعدہ اس طرح کا تشدد اور جنسی فعل کی لائیو اسٹریمنگ کی جاتی ہے۔ اس دنیا میں ایسے درندے بھی ہیں جو یہ سب کچھ لائیو دیکھ کر لطف اندوز ہوتے ہیں اور ان کا یہ شوق ایک نشے کی صورت اختیار کر چکا ہے۔ ایک انگریزی فلم ہاسٹل 1 اور ہاسٹل 2 میں یہی سب کچھ دکھایا گیا ہے۔ یہ لاکھوں ڈالر کا بزنس ہے اور رقم فوری آپ کے اکاؤنٹ میں ٹرانسفر ہوجاتی ہے۔ قصور میں جنسی اسکینڈل سے لے کر زینب تک جو کچھ ہوا اس سے اس شک وشبے میں کوئی گنجائش ہی نہیں رہتی کہ یہ سب انڈر ورلڈ پورن کے لئے کیا جارہا ہے۔ میں سخت حیران ہوں سخت پریشان اور شرمندہ ہوں کہ اس ملک میں ایسے شیطان بھی وجود ہیں جو پیسے کے لئے ایسا گھناؤنا اور غلیظ ترین شرمناک کام انجام دیتے ہیں کہ شیطان بھی شرما جائے۔ اپنی ہی معصوم کمسن بچیوں کو اس طرح وحشت و بربریت کا نشانہ بنا کر لائیو دکھاتے ہیں۔ حکومت کو ہر حال میں ان افراد کو کیفر کردار تک پہنچانا ہوگا۔ (ش س م

***

## دنیا میں دو قسم کے لوگ ہوتے ہیں۔ عاصی صحرائی

ایک تو اللہ کی، رسول کی بات کو اس لیے مانتے ہیں کہ ان کی سمجھ میں آ گئی ہے اور قرین عقل ہے اور دوسری قسم ان لوگوں کی ہے جو اللہ کی، رسول کی، والدین کی، استاد کی بات محض اس لیے مان لیتے ہیں کہ بس ان کا کہنا ہی کافی ہے۔ ہماری نظر میں دوسری قسم کے لوگ نہ صرف اس دنیا میں بلکہ آخرت میں بھی آگے بڑھنے والے ہیں۔ آخرت میں اس لیے کہ انہوں نے اپنی عظمت کی نفی کی اور دنیا میں اس لیے کہ جن کی مان کر انہوں نے عمل کیا وہ بھلا پھر ان کو کہاں ''گرنے'' دیں گے۔ اگر خود سہارا نہ بن سکے تو ان کی دعائیں سہارا بنیں گی اور دعا یقیناً سب سے بڑا سہارا ہے کہ جہاں سب سہارے ساتھ چھوڑ جاتے ہیں وہاں کسی کی دی ہوئی دعا آگے بڑھ کر تھام لیتی ہے۔ تو ہے کوئی دعا لینے والا۔۔۔۔!



انصار عباسی

# جنسی تعلیم کی آڑ میں گھناؤنی سازش!

پاکستان کے ایک نامی گرامی اسلامی سکالر نے مجھے فون کیا اور میرا ڈاکٹر سلیم بشیر سے تعارف کروایا جنہوں نے مجھے فون پر بتایا کہ ایک سوچے سمجھے منصوبہ کے تحت ہمارے تعلیمی نصاب میں جنسی تعلیم کو متعارف کروایا جا رہا ہے جس کے لیے اقوام متحدہ کے مختلف اداروں کے توسط سے یہاں تیزی سے کام جاری ہے۔اس کام میں کچھ NGOs کافی سرگرم ہیں جبکہ حکومت پنجاب نے بھی اس سلسلہ میں ایک پالیسی جاری کر دی ہے جبکہ کراچی کے سرکاری اسکولوں میں بھی یہ تعلیم بچوں کو دی جا رہی ہے۔ڈاکٹر صاحب سے میں نے گزارش کی کہ برائے مہربانی مجھے کوئی دستاویزی ثبوت بھیجیں تاکہ میں دیکھ سکوں کہ کس حد تک اُن کے خدشات درست ہیں۔جب مجھے ان کی دستاویزات موصول ہوئیں تو انہیں پڑھ کر محسوس ہوا کہ واقعی دال میں تو بہت کچھ کالا ہے۔اخباری تراشوں سے معلوم ہوا کہ پاکستانی معاشرہ کو فری سیکس سوسائٹی بنانے کا کام تو کب کا شروع بھی ہو چکا۔

ایک خبر کے مطابق Life Skilled Based Education کے نام پر سندھ ٹکسٹ بک بورڈ کے منظور شدہ نصاب میں چھٹی سے دسویں تک کے بچوں اور بچیوں کو یہ پڑھایا جا رہا ہے کہ ان کا کسی سے بھی (جاننے والا یا کوئی اجنبی) جنسی تعلق کس نوعیت کا ہونا چاہیے۔ان معصوم بچوں کو یہ پڑھایا جا رہا ہے: During sex with an affected person or someone you don't know a condom should be used, ایک اور خبر کے مطابق کچھ عرصہ قبل لاہور ہائی کورٹ نے Bargad نامی ایک NGO کو طلب کیا کیوں کہ اس تنظیم کی طرف سے گجرانوالہ کے سرکاری اسکولوں میں حکومتی منظوری کے بعد تقسیم کی گئی جنسی کورس کی کتابوں میں بچیوں کو تعلیم دی جا رہی تھی کہ لڑکیوں کو لڑکوں کے ساتھ کیسے دوستی کرنی چاہیے۔ڈاکٹر صاحب کی طرف سے مہیا کیے گئے مواد سے معلوم ہوا کہ Sexual and Reproductive Health and Rights (SRHR) کے نام سے اقوام متحدہ نے جنسی حقوق کی تعریف کرتے ہوئے جن حقوق کی بات کی اُن حقوق میں جنسی جوڑے چننے میں آزادی کا حق، جنسی طور پر متحرک ہونے یا نہ ہونے کا حق، باہمی رضامندی سے جنسی تعلق رکھنے کا حق اور جنسیت کے حوالے سے معلومات کو پڑھانے، حاصل کرنے اور جاننے کا حق وغیرہ شامل ہیں۔اقوام متحدہ نے SRHR کی تعریف اور وضاحت جس کتابچے میں کی، اس کے سرورق پر دو ہم جنس پرست لڑکوں کی تصویر آویزاں ہے۔حکومت پنجاب کی جانب سے جاری کی گئی 2017-Adolescent Strategy and Strategic Plan 2013 میں ویسے تو کوشش کی گئی کہ متنازعہ موضوعات کو پالیسی میں نہ لکھا جائے مگر اس پالیسی میں SRHR کا واضح ذکر موجود ہے جس کے لیے NGOs کے لازمی کردار کا ذکر ہے۔ڈاکٹر سلیم کے مطابق پاکستان میں بہت سی NGO's اس ایجنڈے پر کارفرما ہیں اور 2009 سے مسلسل مختلف نجی اسکولوں میں وقتاً فوقتاً مختلف کتب میں اسکو پڑھانے کی کوششیں جاری ہیں۔ڈاکٹر صاحب کے مطابق حال میں ایک NGO نے اس ایجنڈے کو اور بھی گھناؤنا رنگ اسوقت دیا جب انھوں نے مختلف مکاتبِ فکر کے علماء کرام کو دھوکے سے اپنے ساتھ ملا لیا۔ان علماء سے فقہی نوعیت کے چند سوال پوچھ کر کتابچے مرتب کیے گئے جن میں جنسی و تولیدی حقوق کے متعلق سرے سے کچھ پوچھا ہی نہیں گیا مگر ان کتابچوں کو دکھا کر یہ ثابت کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے کہ تمام مکاتبِ فکر کے علماء اس ایجنڈے پر ان کے ساتھ متفق ہیں۔ڈاکٹر صاحب کے مطابق یہ ساری سازش ایک ریڈیو پروگرام میں بے نقاب ہوئی


http //:radiomines.pk/audio/mulaqaat-with -dr-ghalib -ata-dr- saleem-raghib- naeemi- umer- aftab-2/

ڈاکٹر صاحب مجھے اس سارے معاملہ میں بہت مخلص اور فکرمند نظر آئے۔ اُن کا کہنا تھا کہ کسی بھی نظریاتی ریاست کی حکومت کی تین بنیادی ترجیحات ہوا کرتی ہیں، نمبر 1 اپنے نظریئے کو عوام پر نافذ کرنا۔نمبر 2 اپنے نظریئے کو اندرونی اور بیرونی خطرات سے بچانا، نمبر 3 اپنے نظریئے کو ساری دنیا میں پھیلانا اور منوانا۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے جب مدینہ میں اسلامی نظریاتی ریاست قائم کی تو وہاں اسلامی عقیدے کی بنیاد پر شریعت کو نافذ کیا گیا، اندرونی خطرات سے نمٹنے کیلئے حدُود اللہ کے عدالتی نظام کو نافذ کیا گیا، بیرونی خطرات سے نمٹنے کے لئے جہاد اور اُمت کو نظریاتی طور پر مضبوط کیا گیا نیز پھیلاؤ کیلئے دوسری ریاستوں کے حکمرانوں کو وفود اور خطوط بھیجے، تبلیغ اور اقدامی جہاد کے احکام کو اپنایا گیا۔اُن کا کہنا تھا کہ بدقسمتی سے آج مسلمانوں کے حکمران اور حکومتیں اپنی ترجیحات بدل چکی ہیں، مگر کفر آج انہی تین ترجیحات کو اپناتے ہوئے ہر روز اسلام اور امّتِ

مسلمہ کے لئے نئے نئے چیلنجز پیدا کرتا رہتا ہے۔ کفر آج عیسائیت اور صہیونیت کی روایتی یلغار سے ہٹ کر ایک سرمایہ دارانہ عقیدے پر کھڑا ہے جس کی بنیاد خدا سے زندگی کے تمام نظاموں میں آزادی ہے۔ ان آزادیوں کو ایک خوبصورت نام ''بنیادی انسانی حقوق'' کے نام سے متعارف کروایا جاتا ہے۔ یہاں یہ سمجھ لینا ضروری ہے کہ انسان کے حقوق و فرائض کا تعیُن اسلام میں تو اللہ رب العزت کرتے ہیں، مگر ان ''بنیادی انسانی حقوق'' کا تعین اپنے عزائم اور مقاصد کو مدِنظر رکھ کر اپنے نظریئے کے پھیلاؤ کے لئے سرمایہ دارانہ نظریئے کے حاملوں نے خود کیا، ان حقوق میں عقیدے کی آزادی...... اظہارِ رائے کی آزادی...... ملکیت کی آزادی...... اور شخصی آزادی خاص اہمیت کی حامل ہیں۔ آج سیکولر ریاستوں میں بالخصوص امریکہ اور یورپ جیسی سرمایہ دارانہ ریاستوں میں عقیدے کی آزادی کے نام پر اسلام کی مرتد کی سزا کو ظالمانہ قرار دیا گیا، نیز عقیدے کی اہمیت کو ایک کھلونے سے زیادہ نہیں سمجھا جاتا، جبکہ ملکیت کی آزادی کے نام پر تمام وسائل کو پرائیویٹائز کرنے کیساتھ ساتھ ترقی پذیر ممالک کے وسائل پر قبضہ کر کے لوگوں کو سرمایہ دار کی معاشی من مانیوں کی بھینٹ چڑھا دیا جاتا ہے، اظہارِ رائے کی آزادی ہمیشہ انبیائے کرامؑ اور مذاہب کے مذاق اُڑانے کے لئے بیدریغ استعمال کی جاتی ہے اور ساتھ ہی شخصی آزادی کے نام پر مادر پدر آزاد معاشرہ جس کو Free Sex Society بھی کہا جاتا ہے، قائم کر دیا جاتا ہے۔

ڈاکٹر صاحب کا کہنا ہے کہ کوئی بھی ذی شعور آدمی یہ بات با آسانی سمجھ سکتا ہے کہ ایسے حقوق کے نتیجے میں پاکستان بھی ایک فری سیکس سوسائٹی بن جائیگا، اس کام کے راستے میں ممکنہ رکاوٹوں کو پہلے ہی حکومت NGO's اور بین الاقوامی دباؤ میں آ کر ختم کر چکی ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے تجویز دی کہ ایک ایسا تعلیمی نظام جو ایک خاص نظریئے کے پرچار کے طور پر لایا جا رہا ہو اس سے بچاؤ کے لئے ہمیں اپنے (اسلامی) نظریاتی تعلیمی نظام کے نفاذ کو یقینی بنانا چاہیے جس کے ذریعے جدید سائنسی علوم کیساتھ ساتھ شریعت کی تعلیم، محرم اور غیر محرم کے احکام، پردے کے احکام، اسلام کے فحاشی اور بدکاری سے برأت اور کراہت کے احکام کا پرچار نیز ایسی تعلیم جو ایک بچے کو حقیقی اسلامی شخصیت بنائے، جسکا اسلام کا شعور صرف اخلاقیات اور عبادات کی حد تک ہی نہیں بلکہ سیاسی، معاشی، معاشرتی، عدالتی اور خارجہ پالیسیوں میں بھی اسلام کے نفاذ اور دنیا میں اسلامی نظریے کی بالادستی کو یقینی بنائے۔ اس کے لیے حکومتوں اور حکمرانوں کا کردار بہت اہم ہے۔ (بشکریہ روزنامہ جنگ)

***



# میری وفات

ٹرینڈسیٹر شاعر، کالم نگار جناب محمد اظہار الحق صاحب کا جھنجھوڑ دینے والا آرٹیکل۔

## تلخ نوائی

سرما کی ایک یخ زدہ ٹھٹھرتی شام تھی جب میری وفات ہوئی۔ اس دن صبح سے بارش ہو رہی تھی۔ بیوی صبح ڈاکٹر کے پاس لے کر گئی۔ ڈاکٹر نے دوائیں تبدیل کیں مگر خلافِ معمول خاموش رہا۔ مجھ سے کوئی بات کی نہ میری بیوی سے۔ بس خالی خالی آنکھوں سے ہم دونوں کو دیکھتا رہا۔ دوپہر تک حالت اور بگڑ گئی۔ جو بیٹا پاکستان میں تھا۔ وہ ایک تربیتی کورس کے سلسلے میں بیرون ملک تھا۔ چھوٹی بیٹی اور اس کا میاں دونوں یونیسف کے سروے کے لیے کراچی ڈیوٹی پر تھے۔ لاہور والی بیٹی کو بھی میں نے فون نہ کرنے دیا کہ اس کا میاں بے حد مصروف ہے اور بچوں کی وجہ سے خود اس کا آنا بھی مشکل ہے۔ رہے دو لڑکے جو بیرون ملک ہیں انہیں پریشان کرنے کی کوئی تُک نہ تھی! یوں صرف میں اور بیوی ہی گھر پر تھے اور ایک ملازم! جو شام ڈھلے اپنے گھر چلا جاتا تھا۔ عصر ڈھلنے لگی تو مجھے محسوس ہوا کہ نقاہت کے مارے بات کرنا مشکل ہو رہا ہے۔ میں نے اپنی پرانی ڈائری نکالی بیوی کو پاس بٹھا کر رقوم کی تفصیل بتانے لگا جو میں نے وصول کرنا تھیں اور دوسروں کو ادا کرنا تھیں۔ بیوی نے ہلکا سا احتجاج کیا۔ یہ تو آپ کی پرانی عادت ہے۔

ذرا بھی کچھ ہو تو ڈائری نکال کر بیٹھ جاتے ہیں۔ مگر اس کے احتجاج میں پہلے والا یقین نہیں تھا۔ پھر سورج غروب ہو گیا۔ تاریکی اور سردی دونوں بڑھنے لگیں۔ بیوی میرے لیے سُوپ بنانے کچن میں گئی۔ اس کی غیر حاضری میں مَیں نے چند اکھڑی اکھڑی سانسیں لیں اور غروب ہو گیا۔ مجھے محسوس ہو رہا تھا کہ میں آہستہ آہستہ اپنے جسم سے باہر نکل رہا ہوں۔ پھر جیسے میں ہوا میں تیرنے لگا اور چھت کے قریب جا پہنچا۔ بیوی سُوپ لے کر آئی تو میں دیکھ رہا تھا۔ ایک لمحے کے لیے اس پر سکتہ طاری ہوا اور پھر دھاڑیں مار کر رونے لگی۔ میں نے بولنے کی کوشش کی یہ عجیب بات تھی کہ میں سب کچھ دیکھ رہا تھا مگر بول نہیں سکتا تھا۔ لاہور والی بیٹی رات کے پچھلے پہر پہنچ گئی۔ کراچی سے بھی چھوٹی بیٹی اور میاں صبح کی پہلی فلائیٹ سے پہنچ گئے۔ بیٹے تینوں بیرون ملک تھے وہ جلد سے جلد بھی آتے تو دو دن لگ جانے تھے۔ دوسرے دن عصر

کے بعد میری تدفین کردی گئی۔شاعر ادیب صحافی سول سرونٹ سب کی نمائندگی اچھی خاصی تھی۔گاؤں سے بھی تقریباً سبھی آ گئے تھے۔ننھیال والے گاؤں سے ماموں زاد بھائی بھی تینوں موجود تھے۔لحد میں میرے اوپر جو سلیں رکھی گئی تھیں مٹی ان سے گزر کر اندر آ گئی تھی۔ بائیں پاؤں کا انگوٹھا جو آرتھرائٹس کا شکار تھا مٹی کے بوجھ سے درد کر رہا تھا۔ پھر ایک عجیب کیفیت طاری ہوگئی۔شاید فرشتے آن پہنچے تھے۔اسی کیفیت میں سوال جواب کا سیشن ہوا۔یہ کیفیت ختم ہوئی۔محسوس ہو رہا تھا کہ چند لمحے ہی گزرے ہیں مگر فرشتوں نے بتایا کہ پانچ برس ہو چکے ہیں۔ پھر فرشتوں نے ایک عجیب پیشکش کی۔ہم تمھیں کچھ عرصہ کے لیے واپس بھیج رہے ہیں۔تم وہاں دنیا میں کسی کو نظر نہیں آؤ گے گھوم پھر کر اپنے پیاروں کو دیکھو لو پھر اگر تم نے کہا تو تمھیں دوبارہ نارمل زندگی دے دیں گے۔ ورنہ واپس آ جانا۔میں نے یہ پیشکش غنیمت سمجھی اور فوراً ہاں کردی۔ یہ الگ بات کہ فیصلہ پہلے ہی ہو چکا تھا۔ پھر ایک مدہوشی کی حالت چھا گئی۔آنکھ کھلی تو میں اپنی گلی میں تھا۔


آہستہ آہستہ قدم اٹھاتا اپنے گھر کی جانب چلا۔راستے میں کرنل صاحب کو دیکھا۔گھر سے باہر کھڑے تھے۔اتنے زیادہ بوڑھے لگ رہے تھے۔خواجہ صاحب بیگم کے ساتھ واک کرنے نکل رہے تھے۔اپنے مکان کے گیٹ پر پہنچ کر میں ٹھٹھک گیا۔میرے نام کی تختی غائب تھی۔ پورچ میں گاڑی بھی نہیں کھڑی تھی۔وفات سے چند ہفتے پہلے تازہ ترین ماڈل کی خریدی تھی۔اس کا سن روف بھی تھا اور چمڑے کی اوریجنل سیٹیں تھیں دھچکا سا لگا۔گاڑی کہاں ہو سکتی ہے؟ بچوں کے پاس تو اپنی اپنی گاڑیاں موجود تھیں۔تو پھر میری بیوی جواب بیوہ تھی کیا گاڑی کے بغیر تھی؟ دروازہ کھلا تھا۔میں سب سے پہلے سیڑھیاں چڑھ کر اوپر اپنی لائبریری میں گیا۔یہ کیا؟ کتابیں تھیں نہ الماریاں! رائٹنگ ٹیبل اس کے ساتھ والی مہنگی کرسی صوفہ، اعلیٰ مرکزی ملازمت کے دوران جو شیلڈیں اور یادگاریں مجھے ملی تھیں اور الماریوں کے اوپر سجا کر رکھی ہوئی تھیں۔ بے شمار فوٹو البم کچھ بھی تو وہاں نہ تھا۔مجھے فارسی کی قیمتی ایران سے چھپی ہوئی کتابیں یاد آئیں دادا جان کے چھوڑے ہوئے قیمتی قلمی نسخے گلستان سعدی کا نادر نسخہ جو سونے کے پانی سے لکھا ہوا تھا اور دھوپ میں اور چھاؤں میں الگ الگ رنگ کی لکھائی دکھاتا تھا دادا جان اور والد صاحب کی ذاتی ڈائریاں سب غائب تھیں۔کمرہ یوں لگتا تھا گودام کے طور پر استعمال ہو رہا تھا سامنے والی پوری دیوار پر جو تصویر پندرہ ہزار روپے سے لگوائی تھی جگہ جگہ سے پھٹ چکی تھی۔فاؤنٹین پینوں کا بڑا ذخیرہ تھا میرے پاس پارکر شیفر کراس وہ بھی دراز میں نہیں تھا۔میں پژمردہ ہو کر لائبریری سے باہر نکل آیا۔بالائی منزل کا یہ وسیع وعریض لاؤنج بھائیں بھائیں کر رہا تھا۔یہ کیا؟ اچانک مجھے یاد آیا۔میں نے چکوال سے رنگین پایوں والے سُوت سے بُنے ہوئے چار پلنگ منگوا کر اس لاؤنج میں رکھے تھے شاعر برادری کو یہ بہت پسند آئے تھے۔وہ غائب تھے۔نیچے گراؤنڈ فلور پر آیا بیوی اکیلی کچن میں کچھ کر رہی تھی۔میں نے اسے دیکھا۔پانچ برسوں میں اتنی تبدیل ہوگئی تھی! میری آنکھوں میں آنسو آ گئے۔کیسے پوچھوں کہ گھٹنوں کے درد کا کیا حال ہے؟ ایڑیوں میں بھی درد محسوس ہوتا تھا۔دوائیں باقاعدگی سے میسر آ رہی تھیں یا نہیں؟ میں اس کے لیے باقاعدگی سے پھل لاتا تھا۔نہ جانے بچے کیا سلوک کر رہے ہیں۔مگر میں تو بول نہ سکتا تھا۔نہ ہی وہ مجھے دیکھ سکتی تھی۔اتنے میں فون کی گھنٹی بجی بیوی بہت دیر باتیں کرتی رہی۔جو کچھ اس طویل گفتگو سے میں سمجھا یہ تھا کہ بچے اس مکان کو فروخت کرنا چاہتے تھے۔ماں نے مخالفت کی کہ وہ کہاں رہے گی۔بچے مصر تھے کہ ہمارے پاس رہیں گی! بیوی کو میری نصیحت یاد تھی کہ ڈیرہ اپنا ہی اچھا ہوتا ہے مگر وہ بچوں کی ضد کے سامنے ہتھیار ڈال رہی تھی۔گاڑی کا معلوم ہوا کہ بیچی جا چکی تھی۔ بیوی نے خود ہی بیچنے کے لیے کہا تھا کہ اسے ایک چھوٹی آلٹو ہی کافی ہوگی۔اتنے میں ملازم لاؤنج میں داخل ہوا۔یہ نوجوان اب ادھیڑ عمر لگ رہا تھا۔میں اس کا لباس دیکھ کر ٹھٹھک گیا۔اس نے میری قیمتی برانڈڈ قمیض جو ہانگ کانگ سے خریدی تھی پہنی ہوئی تھی۔نیچے وہ پتلون تھی جس کا فیبرک میں نے اٹلی سے لیا تھا! اچھا تو میرے بیش بہا ملبوسات ملازموں میں تقسیم ہو چکے تھے! میں ایک سال لوگوں کی نگاہوں سے غائب رہ کر سب کو دیکھتا رہا۔ایک ایک بیٹے بیٹی کے گھر جا کر ان کی باتیں سنیں۔کبھی کبھار ہی ابا مرحوم کا یعنی میرا ذکر آتا۔وہ بھی سرسری سا۔ہاں! زینب میری نواسی اکثر نانا ابو کا تذکرہ کرتی۔ایک دن ماں سے کہہ رہی تھی۔اماں یہ بانس کی میز کرسی نانا ابو لائے تھے جب میں چھوٹی سی تھی۔اسے پھینکنا نہیں ماں نے جواب میں کہا جلدی سے کپڑے بدل کر کھانا کھاؤ پھر مجھے میری سہیلی کے گھر ڈراپ کرو۔

میں شاعروں ادیبوں کے اجتماعات اور نشستوں میں گیا۔کہیں اپنا ذکر نہ سنا۔وہ جو بات بات پر مجھے جدید غزل کا ٹرینڈ سیٹر کہا کرتے تھے جیسے بھول ہی تو چکے تھے۔اب ان کے ملازموں نے میری کتابیں ڈسپلے سے ہٹا دی

تھیں۔ایک چکر میں نے قبرستان کا لگایا۔میری قبر کا برا حال تھا گھاس اگی تھی۔کتبہ پرندوں کی بیٹ سے اٹا تھا۔ساتھ والی قبروں کی حالت بھی زیادہ بہتر نہ تھی۔ایک سال کے جائزے کے بعد میں اس نتیجے پر پہنچا کہ میری موت سے دنیا کو کوئی فرق نہیں پڑا تھا۔رمق بھر بھی نہیں! بیوی یاد کر لیتی تھی تاہم بچے پوتے نواسے پوتیاں سب بھول چکی تھیں۔

ادبی حلقوں کے لیے میں اب تاریخ کا حصہ بن چکا تھا۔جن بڑے بڑے محکموں اور اداروں کا میں سربراہ رہا تھا وہاں ناموں والے پرانے بورڈ تک ہٹ چکے تھے اور نئے بورڈ بھی مسلسل بھرتے جا رہے تھے۔دنیا رواں دواں تھی۔کہیں بھی میری ضرورت نہ تھی۔گھر میں نہ باہر! پھر تہذیبی معاشرتی اور اقتصادی تبدیلیاں تیزی سے آ رہی تھیں اور آئے جا رہی تھیں ہوائی جہازوں کی رفتار چار گنا بڑھ چکی تھی۔دنیا کا سارا نظام سمٹ کر موبائل فون کے اندر آ چکا تھا۔میں ان جدید ترین موبائلوں کا استعمال ہی نہ جانتا تھا۔

فرض کیجئے میں فرشتوں سے التماس کر کے دوبارہ دنیا میں نارمل زندگی گزارنے آ بھی جاتا تو کہیں خوش آمدید نہ کہا جاتا! بچے پریشان ہو جاتے ان کی زندگیوں کے اپنے منصوبے اور پروگرام تھے جن میں اب میری گنجائش کہیں نہ تھی! ہوسکتا ہے بیوی بھی کہہ دے کہ تم نے واپس آ کر میرے مسائل میں اضافہ کر دیا ہے۔مکان بک چکا میں ایک تو کسی بچے کے پاس رہ لیتی دو کو اب وہ کہاں سنبھالتے پھریں گے! دوست تھوڑے یہ اب باقی بچے تھے۔وہ بھی اب بیمار اور چل چلاؤ کے مراحل کا سامنا کر رہے تھے! میں واپس آتا تو دنیا میں مکمل طور پر اَن فِٹ ہوتا۔ نئے لباس میں پیوند کی طرح۔جدید بستی میں پرانے مقبرے کی مانند! میں نے فرشتے سے رابطہ کیا اور اپنی آخری چوائس بتا دی۔میں واپس قبر میں جانا چاہتا ہوں! فرشتہ مسکرایا۔اس کا کمنٹ بہت مختصر تھا۔''ہر انسان یہی سمجھتا ہے کہ اس کے بعد جو خلا پیدا ہوگا۔کبھی بھرا نہیں جاسکے گا مگر وہ یہ نہیں جانتا کہ خلا تو پیدا ہی نہیں ہوتا!***




## اس نظم کو پڑھیئے۔ (مبشرہ ناز لندن)

شہرِ دِل کی ویران راتیں　　رُت پُرانی اجے نہ بدلی
پھٹ پرانے پنگر پئے　　تے چیتے دی مکّار لومڑی
یار دے ویہڑے جا ڈُھکّی　　یار دے ویہڑے
سمے دے بُڈھے بوڑھ دے تھلے　　دُکھاں والے ساوے پتّر
ٹھنڈی دُھپ دی لو پئے سیکن　　اَج وی سَپّ تے سیڑھی کھیڈن

اس نظم کو پڑھتے پڑھتے۔! میری آنکھیں خوابوں کی اُنگلی پکڑ کر آج پھر چل دیں اُس نگر کو جہاں ریشمی نرگیں لمس میں لپٹی محبت پڑی تھی،کہیں خوابوں میں نقرئی ہنسی تھی تو کہیں اِک غمگین آنسو پڑا اِسسک رہا تھا آنکھوں کے شہرِ دل کی یہ ویران مگر حسین راتیں۔! جن سے میری زندگی سجی تھی میرے خوابوں کو ورغلانے لگی تھیں۔! یہ نافرمان آنکھیں میری ایک نہ سُنتیں۔! چُپکے سے خوابوں کے پیچھے چل پڑتیں اور پھر...! اور پھر تو جشن کا عالم ہوتا۔! ڈائری میں پڑے پرانے محبت نامے کھول کر پڑھنے لگتیں۔! ایسے میں اُن کے لبوں پر ستارے رقص کرنے لگتے۔اور پھر جنگ کا سوچ کر۔؟ خوابوں کے پلّوُ بھگونے لگتیں دل ہی دل میں دعائیں پڑھ کر پھونکنے لگتیں۔! بہت ستاتی ہیں مجھے یہ آنکھیں۔پل میں میرا ہاتھ کھینچ کر پائیں باغ میں ہارسنگھار کے پیڑ پر ڈلی پینگ پر جھولا جھولنے لگتیں۔ پیانو پر ( A kiss to build a dream on) کی دُھن بجاتا پیٹر کھڑکی سے مجھے دیکھتا۔! آنکھوں میں اِک خواب کھلکھلا کر ہنستا۔! دُھن بجتے بجتے ایک اور منظر میں تبدیل ہو گئی۔ بہت رنگ سجے تھے۔آنکھوں کا کاجل اٹھکیلیاں کر رہا تھا۔ پیٹر کی باہوں میں رقصاں جیسے ہوا کے دوش پر تتلی اُڑ رہی ہو۔میں آنے والے کل کے خوابوں کے حسین گھیرے میں مدہوش تھرک رہی تھی۔! خواب آنکھوں میں چوڑیوں کی طرح کھنک رہے تھے۔! ایک دم بجلی سی چمکی۔؟ اِک کوندا سا لپکا اور آنکھیں مرنے لگیں۔خواب سہم کر بیٹھ گئے۔اِن آنکھوں کو بھی چین نہیں آج پھر پیٹر کا آخری خط کھول کر پڑھنے لگیں۔گلاب کا اِک سوکھا پھول چند محبت نامے۔اور میرے لیئے لکھی گئیں میری لمبی زندگی کی دعائیں۔؟ میرے خوابوں کو زندہ درگور کرنے لگیں۔! کیتلی کی سیٹی کی تیز آواز پر پیٹر کی آخری تصویر کا منظر بنتے بنتے۔! آنکھیں خوابوں کی اُنگلی چھڑا کر سسکتی ہوئی شہرِ دل کی ان ویران گلیوں سے باہر کی طرف بھاگیں۔! خوابوں نے ٹھنڈا سانس بھرا...! اور کیتلی کو دعا دیتے ہوئے۔؟ آنکھوں کی پرانی والی الماری میں چُھپ کر جا بیٹھے۔نہ جانے کتنی دیر روتے رہے!***

# پر اثر شخصیت

بڑا انسان وہ ہے جس کی محفل میں کوئی خود کو چھوٹا محسوس نہ کرے۔ ہر چیز اپنے ہونے کا ثبوت دیتی ہے ایک چھوٹا سا ذرہ آنکھ پھوڑ کر اپنے ہونے کا ثبوت دے سکتا ہے۔ جس طرح ہر چیز اپنے ہونے کا اظہار کرتی ہے اس طرح انسان بھی اپنی شخصیت سے اپنے ہونے کا اظہار کرتا ہے۔ بندے کی شخصیت سے پتا چلتا ہے کہ وہ کس طرح کا انسان ہے۔ جب کسی شخص سے واسطہ پڑتا ہے تو اس کی بات چیت، انداز و اطوار سے پتا چلتا ہے کہ وہ کس قسم کا انسان ہے۔ بہت سے لوگ اچھا ہونے کے باوجود بھی اپنے آپ کو اچھے انداز میں پیش نہیں کر پاتے جبکہ بہت سے لوگ اتنے اچھے نہیں ہوتے لیکن انہیں اپنے آپ کو پیش کرنا آتا ہے جس کی وجہ سے وہ اچھے بن جاتے ہیں۔ اپنے آپ کو اچھے انداز میں پیش کرنا ایک آرٹ ہے جن کو یہ آرٹ آتا ہے ان کی پوزیشن دوسروں سے بہتر ہوتی ہے۔ جان سی میکسویل اپنی کتاب Five Level of Leadership میں لکھتا ہے کہ قیادت کی پانچ اقسام ہیں۔ ان میں سب سے بہترین لیول متاثر کن قیادت ہے۔ متاثر کن قیادت کا مطلب لوگ قائد سے متاثر ہوں۔ اگر شخصیت متاثر کن ہو تو پھر لوگ پیچھے بھی آتے ہیں اور پیروی بھی کرتے ہیں۔ متاثر کن قیادت پر اثر شخصیت سے بنتی ہے۔ انسان کی شخصیت کا سب سے اہم پہلو اس کی سوچ ہوتی ہے۔ اگر سوچ مثبت ہو تو شخصیت بھی مثبت ہوتی ہے اگر سوچ منفی ہو تو شخصیت بھی منفی ہوتی ہے۔ اگر سوچ کا بیج نہ ہو تو بہترین انسان ہونے کے باوجود بندہ صفر ہوتا ہے۔ شخصیت سوچ سے ہے بودھا کہتا ہے تم وہی ہو جو تمہاری سوچیں ہیں۔ حضرت واصف علی واصفؒ فرماتے ہیں۔ جو تمہارا خیال ہے وہی تمہارا حال ہے۔ دنیا کی تاریخ جتنے بڑے نام ہیں وہ کسی سوچ کا نام ہیں۔ سقراط زہر کا پیالہ پیتا ہے اور مسکرا کر کہتا ہے میں تو مر رہا ہوں لیکن میری سوچ نہیں مر رہی۔ جس کو یہ یقین ہوتا ہے کہ میں مر رہا ہوں میری سوچ نہیں مر رہی وہ زندہ ہو جاتا ہے۔ سوچ نسلوں میں جاتی ہے۔ سوچ ایک سے دوسرے میں منتقل ہوتی ہے۔ افکار تازہ سے نمو ہوتی ہے اگر افکار تازہ نہ ہوں تو زندگی جوہڑ کی مانند ہو جاتی ہے جہاں پانی عرصہ دراز تک رکا رہنے کی وجہ سے بدبودار ہو جاتا ہے۔ پر اثر شخصیت کو اپنی ذات پر یقین ہوتا ہے۔ خود پر اعتماد ایک ایسی چیز ہے کہ بودھا کہتا ہے۔ جس نے خود پر اعتماد کیا زمانہ اس کے سامنے سرنگوں ہو جاتا ہے۔ جو شخص یقین کے ساتھ قدم اٹھاتا ہے منزلیں اس کا استقبال کرتی ہیں۔ ولیم جیمز کہتا ہے۔ ہماری زندگی میں یقین کا بہت زیادہ کردار ہے کیونکہ یقین سے نتائج بنتے ہیں۔ بندے کو ہر چیز پر یقین ہوتا ہے لیکن اسے خود پر یقین نہیں ہوتا۔ اسے یہ یقین نہیں ہوتا کہ اللہ تعالیٰ نے محنت کا صلہ دینا ہے۔ اندر ایسی چیز ضرور ہونی چاہیے جو یہ یقین پیدا کرے کہ آپ جو کر رہے ہیں وہ ٹھیک ہے۔ انسان کا یقین تب پختہ ہوتا ہے جب وہ کیسے متاثر ہوتا ہے اور اس جیسا بننے کی کوشش کرتا ہے۔ پر اثر شخصیت فیصلہ ساز ہوتی ہے۔ لمحہ موجود میں بندہ جس حال میں ہوتا ہے وہ ماضی کے فیصلوں کی وجہ سے ہوتا ہے اگر فیصلے درست ہوں تو بندہ مطمئن اور خوش ہوتا ہے اور اگر فیصلے غلط ہوں تو بندہ پریشان ہوتا ہے۔ ماضی کے غلط فیصلوں کی وجہ سے اگر بندہ نقصان اٹھا رہا ہے تو اسے دیکھنا چاہیے کہ اس کے فیصلے شعوری تھے، لاشعوری تھے یا کسی کی ہاں میں ہاں ملائی تھی۔

بڑے لوگ ایسے ہوتے ہیں جن کے پاس قوت فیصلہ نہیں ہوتی جس کی وجہ سے انہیں زندگی میں بار بار ناکامیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ لوگوں کی ستر ستر سال عمر ہو جاتی ہے لیکن ان کے پاس قوت فیصلہ نہیں ہوتی۔ صحیح فیصلے نہ کر سکنے کی وجہ سے وہ زندگی بھر اپنے آپ کو کوستے رہتے ہیں۔ ایک دفعہ چند شیروں کو جنگل سے اٹھا کر پنجروں میں ڈال دیا گیا اور وہیں پر ان کی افزائش کا سامان بھی کیا گیا۔ بچے پیدا ہو کر جب جوان ہوئے تو انہیں جنگل میں چھوڑ دیا۔ ایک دو دن بعد ان کا پتا لگایا تو معلوم ہوا کہ ان کو جنگلی کتوں نے کھا لیا۔ تحقیق کی گئی تو معلوم ہوا کہ جنگلے کی قید نے ان سے شکار کی صلاحیت چھین لی۔ آج یہی حرکتیں ہم اپنے بچوں کے ساتھ کرتے ہیں جس گھر میں چار بہنیں اور ایک بھائی ہوتا ہے وہ بھائی بھی بہن بن جاتا ہے۔ لاڈ پیار کی وجہ سے اس کی قوت فیصلہ کمزور ہو جاتی ہے۔ جب اس کے فیصلہ کرنے کا وقت آتا ہے تو وہ فیصلہ کبھی بہنوں کی طرف، کبھی والد کی طرف اور کبھی والدہ کی طرف دیکھتا ہے۔ اس کی قوت فیصلہ کمزور ہونے کی وجہ سے وہ پر اثر شخصیت نہیں بن پاتی۔ انداز، طور طریقے بندے کی شخصیت کو پر اثر بناتے ہیں۔ زندگی کے ہر شعبے کے طریقے ہیں ان میں کھانا پینا بہت اہم ہے۔ ہمارے مذہب میں سیدھے ہاتھ سے کھانا کھانے کی تلقین کی گئی ہے۔ ہمارے دماغ کے دو حصے ہیں ایک دایاں اور ایک بایاں۔ دایاں حصہ مثبت ہوتا ہے جبکہ بایاں حصہ منفی۔ آج کی جدید تحقیق یہ کہتی ہے کہ ہمارے دماغ کا مثبت حصہ تب زیادہ حرکت کرتا ہے جب سیدھے ہاتھ سے کھانا کھایا جائے۔ سیدھے ہاتھ سے کھانا کھانے سے دماغ کی مثبت توانائی غذا پر اثر انداز ہوتی ہے جو جسم کے لیے فائدہ مند ہے۔ اب آہستہ آہستہ بائیں ہاتھ سے کھانا کھانا فیشن بنتا جا رہا ہے جو غیر مہذب بھی ہے اور

صحت کے لیے نقصان دہ بھی۔ سیدھے ہاتھ سے کھانا کھانے اور تہذیب سے کھانے سے شخصیت پر اثر لگتی ہے۔ آج پارٹیوں میں لوگ اپنی پلیٹوں کو مکمل بھر لیتے ہیں اور انتہائی بدتہذیبی سے کھاتے ہیں جس کی وجہ سے ان کی شخصیت سے اچھا تاثر بھی نہیں بن پاتا اور کھانا ضائع ہوجاتا ہے۔ تہذیب یہ ہے کہ پہلے وہ چیزیں جن میں کھانا ڈالنا ہے ان کو پورا کیا جائے پھر طبیعت کے مطابق مناسب کھانا ڈالا جائے۔ کھانا کھاتے وقت ہوسکے تو نیپکین ہو اگر وہ نہ ہو تو ٹشو رکھ لینے چاہئیں تاکہ کپڑے خراب نہ ہوں۔ اگر چھوٹی چھوٹی چیزوں کو سامنے رکھ لیا جائے تو شخصیت کا پراثر انداز میں سامنے آتی ہے۔ مہذب اور صاف ستھرا لباس پراثر شخصیت کی علامت ہے۔

آج ہمارے ہاں عجیب وغریب لباس کو فیشن کا نام دیا جاتا ہے وہ کیا کسی نے کہا کہ اگر کم کپڑے پہننا فیشن ہے تو دنیا میں سب سے زیادہ فیشن ایبل جانور ہیں۔ جس طرح کا پروفیشن ہو اس طرح کا لباس ہونا چاہیے اگر پروفیشن کے مطابق لباس ہے تو لوگ اچھا محسوس کرتے ہیں۔ شخصیت کا دیکھنے والا پہلو سب سے پہلے سامنے آتا ہے۔ لوگ بات بعد میں کرتے ہیں جبکہ لباس کو دیکھ کر اندازہ پہلے لگاتے ہیں کہ بندہ کس طرح کا ہے۔ جس طرح ہر دکان میں شو کیس ہوتا ہے اور اس میں سب سے اچھی چیز کو رکھا جاتا ہے۔ یہ اس لئے ہوتا ہے کہ اپنا دی بیسٹ دکھایا جائے یہ لباس کے ذریعے بھی ممکن ہے۔ ہمارے ہاں شخصی بہتری پر کام نہ ہونے کے برابر ہے۔ ہمارے تعلیمی ادارے بچوں کی گرومنگ نہیں کر رہے۔ بچوں کو انٹرویو دینا نہیں آتا، لباس کیسا ہونا چاہیے۔ اس کا نہیں پتا، گفتگو کیسے کرنی ہے اس کا نہیں پتا۔ بچوں کی اکثریت کو سوال کرنے کی تمیز نہیں ہے وہ سوال کرتے ہوئے ایسے لگتے ہیں جیسے لڑ رہے ہوں۔ سوال کرنے کا، بات کرنے کا، اپنی رائے کیا ظہار کا ایک انداز ہوتا ہے۔ گورے نے شخصی بہتری پر بہت کام کیا ہے۔ اس حوالے ڈیل کارنیگی کا نام بہت اہم ہے۔ اس کی کتابوں کا ساٹھ سے زائد زبانوں میں ترجمہ ہو چکا ہے۔ ہمارے ہاں ایسا کام نہ ہونے کے برابر ہے اس پر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ شخصیت کی بہتری کے لیے امین اصلاحی صاحب کی کتاب آداب زندگی بہت اچھی کتاب ہے۔ پروفیسر جاوید ارشد صاحب نے آداب زندگی کے حوالے سے بہت اچھی کتاب لکھی ہے۔ اختر عباس صاحب نے بچوں کے متعلق بہت اچھی کتابیں لکھی ہیں۔ ان کتابوں سے استفادہ حاصل کر کے شخصیت میں بہتری لائی جاسکتی ہے۔

***



## مشہور افسانہ نگار سید سرور ظہیر غزالی
## آف جرمنی کی کتاب
## ''بکھرے پتے'' سے چند افسانے

### پچاسویں سالگرہ

سارے ملک میں پچاسویں سالگرہ کی تیاری جاری تھی۔ سرکاری تقریبات جلسے اور جلوسوں کی تیاری...بس ایک دن ہی باقی تھا۔ ایسے میں جیل میں بھی جشن آزادی کی پچاسویں سالگرہ منانے کی تیاری جاری تھی۔ ''سر!'' سپرنٹنڈنٹ کے سامنے فائل رکھتے ہوئے قاصد بولا۔ ''سر اس قیدی کے پھانسی کے حکم پر دستخط فرما دیں۔''

''ہوں!'' سپرنٹنڈنٹ نے سوچتے ہوئے پوچھا۔ ''اس کا نمبر کیا ہے؟'' ''سر پچاس!'' قاصد بولا۔ ''اُف تو پھر تو تمہیں پتہ ہے اس کو سزا اسی دن ہوگی نا...!'' ''یس سر سارے انتظام ہو چکے ہیں'' اور اشارہ پا کر قاصد دروازے سے نکل گیا!!!

### عادی چور

''سر! آپ یقین کریں میں نے کوئی چوری نہیں کی۔ اور اب میں با عزت زندگی گذارنا چاہتا ہوں۔ تھانیدار کے سامنے کھڑے شخص نے گھگھیاتے ہوئے کہا۔ ''تم بھی یقین کرو میں نے تمہیں چوری کے الزام میں نہیں گرفتار کیا ہے بلکہ میں نے تمہیں تمہارے علاقے کے تھانیدار کی شکایت پر طلب کیا ہے'' تھانیدار بولا۔ ''لل...لیکن سر میں نے وہاں بھی...'' ''ہاں ہاں'' تھانیدار نے اس کی بات کاٹتے ہوئے کہا۔ ''مجھے معلوم ہے تم نے وہاں بھی چوری نہیں کی ہے۔ لیکن تمہارے متعلق شکایت یہ ہے کہ تم ماضی میں عادی چور رہے ہو جبکہ اب تم اپنے علاقے سے بھاگ کر یہاں چھپے ہوئے ہو۔ کیا تمہیں اب کام نہیں کرنا''۔ ''جج...جی سر وہ۔'' ملزم حیران ہو کر تھانیدار کا منہ تک رہا تھا۔

### کنڈکٹر

''بابو صاحب ٹکٹ لے لو...'' کنڈکٹر کی آواز پر میں نے پلٹ کر دیکھا اور بڑے آرام سے جواب دیا۔ ''ہو چکا''۔ ''ہو چکا۔'' میرے جواب کو کنڈکٹر نے منہ چڑانے کے انداز میں دھرایا۔ ''کہاں ہو چکا ابھی تو تم سوار ہوئے ہو اور ٹکٹ بھی ہو گیا، اتنی جلدی'' کنڈکٹر بولتا رہا۔ بات بڑھ گئی۔ کنڈکٹر

اصرار اور میں تکرار کرتا رہا۔ اسنے ٹکٹ دکھانے کا کہا تو میں نے بڑی صفائی سے یہ کہہ دیا کہ تمہاری بس میں انسان خود کو تو سنبھال نہیں سکتا بھلا ٹکٹ کون سنبھالے گا۔ بس میں سوار بہت سے لوگ میری معصومیت اور ظاہری حالت سے مرعوب ہو کر میرا ساتھ دینے لگے تھے۔ میرا حوصلہ بڑھ گیا اور پھر میں نے کنڈکٹر سے یہ کہہ کر اسے لاجواب کر دیا کہ ''اگر دوبارہ پیسے لینے ہیں تو میں دینے کو تیار ہوں مگر پہلے یہ قبول لو کہ میں کرایہ ادا کر چکا ہوں''۔ کنڈکٹر میری حمایت میں لوگوں کو دیکھ کر بڑبڑاتا ہوا آگے بڑھا۔ اسنے میرے قریب کھڑے ہوئے ایک سہمے سے لڑکے سے جو غالباً کسی گیراج میں کام کرتا تھا کرایہ طلب کیا۔ لڑکے نے آہستہ سے کہا۔ ''سولجر بازار جانا ہے دس پیسے کم ہیں''۔ کنڈکٹر نے ہاتھ میں لیکر پیسے گنے ور پھر لڑکے کی ہتھیلی پر واپس لوٹاتے ہوئے بولا۔ ''رکھو انہی پیسوں سے گھر واپس جانا''۔ اتنا کہہ کر وہ معنی خیز نظروں سے مجھے دیکھتا ہوا آگے بڑھ گیا۔ گرومندر اتر کر میں نے کنڈکٹر کے دوسرے ساتھی کے ہاتھ پر تیس پیسے رکھے اور خاموشی سے آگے بڑھ گیا۔

## فٹ پاتھ

''اے...اُٹھو! یہاں کیوں سوئے ہوئے ہو''۔ پولیس والے نے اسکے پاؤں پر ڈنڈے سے چوٹ لگائی تو وہ ہڑبڑا کر اٹھ گیا۔ ''تمہیں معلوم ہے کہ فٹ پاتھ پر سونا خلاف قانون ہے۔'' پولیس والا بولا۔ ''پھر کہاں سوؤں؟'' اس نے عجیب نظروں سے پولیس والے کو دیکھتے ہوئے کہا۔ ''گھر میں اپنے'' پولیس والے نے جھنجھلاتے ہوئے کہا۔ ''گھر!'' اس نے زیرلب دہرایا اور صبح کا منظر اسکی نگاہوں میں پھر گیا جب کرایہ نہ ادا ہونے کی وجہ سے مالک مکان نے اسکا سامان اٹھا کر باہر پھینک دیا تھا۔ وہ لاکھ منتیں کرتا رہا کہ ہفتواری ملتے ہی ادا کر دونگا مگر مالکِ مکان نہ مانا۔ اسکے پاس اتنے ہی پیسے تھے کہ چند وقت کھانا کھا سکتا بھلا ہوٹل میں کہاں ٹھہرتا۔ ''کیا سوچنے لگے''۔ پولیس والے کی آواز پر وہ چونکا۔ ''گھر نہیں ہے تو لاؤ دو روپے نکالو۔ ورنہ بھاگ جاؤ یہاں سے۔'' ایک لمحے کی کشمکش کے بعد نیند کا لطف غالب آ گیا اور اسنے جیب سے دو روپے نکال کر پولیس والے کی پھیلی ہتھیلی پر رکھ دیئے۔ اور پھر ٹانگیں پسار کر نیند کی وادی میں دوبارہ کھو گیا۔ اسکے چہرے پہ گہرا سکون اور طمانیت چھا گئی۔

## تعویذ

کئی دن تک وہ مسلسل مجھے چکمہ دینے میں کامیاب ہوتا رہا۔ آخر ایک دن میں نے اسے پکڑ ہی لیا۔ وہ کوئی پیشہ ور نہ تھا بلکہ میرے ہی محلے کا ایک بچہ تھا۔ جسے کوئی بہلا پھسلا کر یا چند سکوں کے عوض بھیج کر کام لیا کرتا تھا۔ کلائی میری گرفت میں آتے ہی اس کی حالت خراب ہو گئی اور وہ منمنانے لگا۔ پہلے تو جی میں آیا کہ اسے دو تھپڑ رسید کر کے چلتا کر دوں۔ لیکن اس طرح اصلی پیر کا پتہ نہ چلتا۔ میں نے اسے بہت پیار سے بہلایا اور پھر چند کرارے نوٹ اس کی مٹھی میں دبا دیئے۔ اب وہ میرا جاسوس بن چکا تھا۔ کئی دن تک وہ مجھ سے مختلف اوقات میں ملتا رہا اور آخر ایک دن اسنے مجھے خوشخبری سنائی۔ ''بابو جی! آپ کا کام بن گیا۔'' میں نے اشتیاق سے کہا۔ ''اچھا! جلدی سے بتاؤ کیا ہوا؟'' میری بیتابی پر وہ کسی ماہر کی طرح بولا۔ ''صبر صبر بابو! میرا انعام تو یاد ہے نا...'' ''ابے ہاں''۔ میں نے جھنجھلاتے ہوئے کہا۔ ''دکھاؤ کیا لائے ہو...؟'' اس نے بڑی ادا سے سیدھے ہاتھ کی مٹھی کھولی اور ایک پرچی نکال کر بولا۔

''یہ رہی تمہاری آج کی خوراک جسے مجھے تمہاری کھڑکی میں اڑسنی ہے اور یہ رہی وہ پرچی جو بڑی بی نے مجھے لکھ کر دی ہے''۔ اس نے دوسرے ہاتھ کی مٹھی سے ایک اور پرچی نکالی۔ ''یہ پرچی وہ لاتی کہاں سے ہے یہ تو تم نے بتایا ہی نہیں۔'' میں نے پرچی کھول کر اس پر لکھے ہندسے کو دیکھتے ہوئے پوچھا۔ متعدد لکیروں سے پرچی کو چار خانوں میں تقسیم کیا کر کے ہر ایک خانے میں ایک ہندسہ لکھا گیا تھا ''ارے بابو!'' اس نے آنکھیں مٹکاتے ہوئے کہا۔ ''سنو میں نے بڑی بی سے کہا کہ میری امی کو پتہ چل گیا ہے کہ میں آپ کی پرچی لوگوں کے گھروں کی کھڑکیوں میں اڑسنے کا کام کرتا ہوں۔ پہلے تو انہوں نے مجھے خوب ڈانٹا پھر کہنے لگیں کہ میں تمہیں ایک شرط پر معاف کر سکتی ہوں کہ تم میرے لئے بھی ایک پرچی لا دو۔ امی نے کہا تھا کسی کو سدھانا ہے۔'' ''پھر!'' میں نے اسے ٹوکا۔ ''پھر کیا۔ بڑی بی نے میرے لئے یہ پرچی لکھی اور مجھے دے دی۔'' وہ بولا۔ 'یعنی خود لکھی۔'' میں نے حیرت سے اس کا منہ تکتے ہوئے پوچھا۔ ''ہاں جی بالکل میرے سامنے ہی خانے بنائے اور ہر خانے میں ایک ہندسہ لکھا اور ہاں مجھے پرچی تھماتے ہوئے بولیں۔ اسے صرف بدعقیدہ لوگوں کے لئے استعمال کرنا یہ تعویذ صرف ان ہی لوگوں پر اثر کرتا ہے۔'' ''لاؤ میرا انعام''۔ لڑکے نے میری حیرانی کو نظرانداز کرتے ہوئے کہا۔

## بزدل

''میں تمہارا جسم نہیں تمہاری محبت حاصل کرنے آیا ہوں! میں تم سے محبت کرتا ہوں اور تمہیں ہر قیمت پر حاصل کروں گا۔'' لڑکے نے جذباتی انداز میں کہا۔ اور لڑکی کے چہرے پر ایک طنزیہ مسکراہٹ پھیل گئی اور وہ بولی۔ ''تم

بہت بھولے ہو۔'' ''یہاں محبت نہیں جسم کا سودا ہوتا ہے۔اپنا وقت نہ ضائع کرو۔'' ''میں تمہیں یہاں سے نکال لے جاؤنگا، پھر ہم ایک باعزت زندگی گذاریں گے سمجھیں!۔'' ''باعزت ہونہہ!'' لڑکی نے غصے سے الفاظ چباتے ہوئے کہا۔اسے لڑکے کی باتوں سے شدید تکلیف پہنچی تھی۔'' چلے جاؤ یہاں سے۔' اسنے تقریبا چیختے ہوئے کہا۔''تم ایک بزدل انسان ہو۔رات کی تاریکی میں یہاں آنے والے انسان بہادر نہیں ہوتے ان کے جذبے کی صداقت پر کوئی یقین نہیں کرتا اور ہاں مجھے یہاں سے نکالنے کا خواب بھی مت دیکھو۔ ایسی کوشش ہی موت کو دعوت دینے کے مترادف ہے۔''

''ہاں میں واقعی بزدل انسان ہوں ۔'' لڑکے نے زیرلب کہا۔''اسی لئے میں یہاں سے چھلانگ لگا کر خودکشی کررہا ہوں۔''ممکن ہے پولیس کی توجہ تمہیں یہاں سے نجات دلا سکے اتنا کہہ کر لڑکے نے الوداعی نگاہ لڑکی پر ڈالی اور کھڑکی سے چھلانگ لگادی...

## روگ

تم آخرکس کا غم غلط کرنے کے لئے یہاں آتے ہو۔'' روجر کی آغوش میں لیٹی خوبصورت دوشیزہ نے اسکے بالوں کی لٹیں کھیلتے ہوئے پوچھا۔روجر دوشیزہ کے اس اچانک سوال پر بوکھلا گیا۔وہ کافی عرصے سے اس کلب کا رکن تھا مگر آج تک کسی لڑکی نے اس سے ایسا سوال نہیں کیا تھا۔ابھی وہ اپنی کہانی سنانے کیلئے الفاظ جمع ہی کررہا تھا کہ لڑکی پھر بولی ''کیا تمہیں میرے سوال سے تکلیف پہنچی ہے ۔ مجھے معاف کردو۔'' ''نہیں۔'' روجر سوچتے ہوئے بولا اور ماضی کی یادوں میں کھو گیا۔ ایک لمحے توقف کے بعد اس نے کہنا شروع کیا۔

'' آج سے پانچ سال قبل میں ایک ہنسی خوشی زندگی گذار رہا تھا۔ میری شادی کو فقط ایک سال ہوا تھا ایک منحوس شام جب میں کام سے لوٹا تو مجھے معلوم ہوا کہ چند نامعلوم افراد میری بیوی کو اٹھا لے گئے ہیں۔ میں نے بہت کوشش کی لیکن میری بیوی مجھے نہ مل سکی۔تب میں نے اپنے روگ کا علاج ڈھونڈ لیا۔'' اتنا کہہ کر روجر خاموش ہوگیا۔لڑکی نے انتہائی کرب سے ہونٹ کاٹتے ہوئے کہا! '' ہاں میں بھی تب صرف پانچ سال کی تھی جب عامر اور اسکے گروہ کے لوگ مجھے اٹھا کر لائے تھے۔ دونوں خاموش تھے۔ اور ماحول پر گہرا سکوت تھا۔ اور روجر آہستہ سے اٹھا اور دروازہ کھول کر باہر چلا گیا۔

## شادی کارڈ

''ہوں میرے دوست!'' وہ ٹھنڈی سانس لیتے ہوئے بڑبڑائی۔'' آج تمہاری شادی کا کارڈ میرے پاس بھی پہنچ گیا۔لیکن جانتے ہو اس سفید لفافے میں بند رنگین کارڈ مجھے کیسا لگا۔'' ہاں جیسے سفید کفن میں لپٹا ہوا رنگین لیکن مرجھایا ہوا بدن۔ ناراض مت ہونا میرے دوست میں تمہاری دل آزاری نہیں چاہتی لیکن کیا کروں تمہاری شادی کا کارڈ میرے ہاتھوں آیا تو کچھ تلخ حقیقتیں زباں پر آ گئیں ہیں۔'' '' مجھے معلوم ہے اس کے بھیجنے میں تمہارے ارادے کو دخل نہیں۔ بھلا میں تمہیں کیوں الزام دوں تمہارا تو اس سارے مکافات عمل میں بھی کوئی حصہ نہیں۔'' باوجود اسکے کہ یہ کارڈ اسکے لئے سامان اذیت تھا اس نے کارڈ نکال کر پڑھنا شروع کردیا۔محترمی جناب...کی شرکت میرے بیٹے ...برخوردار...کی شادی...کی دختر نیک اختر...سلمہ.. بتاریخ ...باقی مضمون کی سرخ سرخ روشنائی اسکی نگاہوں کے سامنے پھیل پھیل کر قطروں میں بدل گئی۔اس نے کرب سے سوچا ہمارے معاشرے میں نہ جانے ایسے کتنے کارڈ روزانہ چھپتے ہیں کم وبیش سب کا مضمون ایک سا ہوتا ہے۔آخر میں چشم براہ...اور متمنی شرکت کے ساتھ جلی حرفوں میں نام لکھے ہوتے ہیں۔ جیسے فیصلہ لکھنے والے نے فیصلہ لکھ کر دستخط ثبت کردیئے ہوں۔کم ہی ایسے کارڈ مسرت وشادمانی کے ساتھ دو دلوں کے ملنے کا سندیسہ ہوتے ہیں۔ بیشتر خوشیوں اور ارمانوں کے خون سے لکھے ہوتے ہیں۔ ان برخورداروں اور دختر نیک اختروں کو یہ پیغام ایسے ملتا ہے جیسے...کسی سزا کا حکم کسی مجرم کو۔اور یہ سزا کاہے کی ہوتی ہے۔کبھی پیار کرنے کی اور کبھی دولت یا خوبصورت چہرہ نہ رکھنے کی۔ان سارے قصوروں کے جرم میں سرے محفل بانگ دہل سزا سنائی جاتی ہے...اور...ان چھپے ہوئے خوبصورت کارڈوں کے ذریعہ اسکا اعلان ہوتا ہے۔

## پدرم سلطان بود

سر آپ کا آج کا لیکچر بہت ہی خوب تھا۔آپ تو انگریزی اس طرح بولتے ہیں کہ جیسے کوئی اہل زبان بولتا ہو۔آپ اپنی اعجاز بیانی کا راز ہمیں بھی بتائیں گے۔'' لڑکے نے گفتگو ختم کرتے ہوئے خوشامدانہ لہجہ اختیار کرلیا۔استاد تمکنت سے بولا۔''ہوں!اتنی آسانی سے نہیں آجاتی انگریزی۔بڑی ریاضت کرنی پڑتی ہے۔ میرے باپ نے گوراصاحب کی خدمت کرکے انگریزی سیکھی تھی اور پھر مجھ تک منتقل کی۔میرا باپ گوراصاحب کا سائیس تھا...''

## گورکن

مجھے تھوڑی سی مہلت اور دیردے دو۔'' گورکن گھگھیاتے ہوئے بولا۔''تم نے بہت زندگی گذار لی۔ستر برس اب بھی تم میں جینے کی خواہش ہے۔''موت کے فرشتہ نے حیرانی سے کہا۔''نہیں۔نہیں۔مجھے اب جینے کی تمنا نہیں۔لیکن ...لیکن میں چاہتا ہوں کہ مرنے سے قبل اپنی قبر خود تیار کرلوں۔بس اتنی سی مہلت چاہیے۔'' گورکن گڑگڑایا۔''اچھا...''موت کا فرشتہ راضی ہوگیا اور بولا۔''تمہارا کوئی وارث نہیں۔''''نہیں۔'' کہہ کر بوڑھا گورکن اپنے نحیف ہاتھوں سے جلدی جلدی پھاوڑا چلانے لگا۔کچھ دیر بعد قبر تیار ہوگئی۔گورکن اس میں جاکر لیٹ گیا اور آواز لگا کر موت کے فرشتے سے مخاطب ہوا۔''ہاں! اب تم میری روح قبض کر سکتے ہو۔''''مگر ایک بات تو بتاؤ'' موت کے فرشتے نے قبر کے اوپر سے جھانکتے ہوئے پوچھا۔''تمہارے کفن دفن کا انتظام کون کریگا؟''''وہ...وہ۔!!'' گورکن ہکلایا۔''دیکھو کفن کا لٹھا میری جھونپڑی میں پڑا ہے اور کفن دفن کا انتظام قبرستان آنے والوں میں سے کوئی ضرور کردے گا۔بھلا اتنا بھی نہ کرے گا کوئی میں ساری عمر لوگوں کی خدمت کرتا رہا ہوں'' موت کے فرشتے کے ہونٹوں پر مسکراہٹ پھیل گئی اور وہ اسکی روح قبض کر کے آگے چلدیا۔دوسری صبح جب موت کا فرشتہ اسی قبرستان کے پاس سے گذرا تو اس نے دیکھا کہ گورکن کی لاش کھدی ہوئی قبر سے باہر پڑی ہوئی تھی۔چند لوگ اپنے مُردوں کو دفنانے اور اس قبر کو حاصل کرنے کے لئے جھگڑ رہے تھے۔

## ضرورت رشتہ

وہ آج بھی حسب معمول اپنی میز پر آکر بیٹھ گیا۔اس وقت ہوٹل عام طور سے خالی ہوا کرتا تھا اور اسی وجہ سے اسے ہمیشہ ایک مقررہ میز پر با آسانی جگہ مل جایا کرتی تھی۔بیرے نے میز پر بسکٹ اور چائے کی پیالی رکھی اور چلا گیا۔یہ اس کا روز کا معمول تھا،جس سے ہوٹل کے بیرے بھی آشنا تھے۔اور اسے آڈر بک کرانے کی بھی ضرورت نہ ہوتی تھی۔اس نے چائے کی پیالی ہونٹوں سے لگائی۔پہلا ہی گھونٹ نہایت کڑوا اور بدمزہ تھا۔''ہونہہ۔'' وہ غصے سے پھنکارا اور...چائے کی پیالی زمین پر دے ماری۔چھناکے کی آواز سن کر بیرے اور منیجر دوڑتے ہوئے اسکے پاس آئے۔''کیا ہوگیا۔؟'' منیجر نے سخت لہجے میں پوچھا۔''انتہائی بدمزہ چائے۔''اس نے چیختے ہوئے کہا۔

''بدمزہ چائے'' منیجر نے اس کا جملہ دہرایا۔''یہاں تو ایسی ہی چائے ملے گی۔پھر یہ کون سا طریقہ ہے شکایت کا۔آپ نے پیالی توڑی ہے آپ کو چائے کے علاوہ پیالی کے پیسے بھی دینے ہوں گے یہ ہوٹل ہے آپ کا گھر نہیں۔'' منیجر بڑبڑاتا رہا۔بیرے جلدی جلدی صفائی میں لگ گئے۔اس نے خاموشی سے پانچ روپے کا نوٹ نکال کر طشتری میں رکھا اور چھوٹے قدموں سے گھر چلا آیا۔بستر پر لیٹے ہوئے منیجر کا جملہ اس کے کانوں میں گونجتا رہا۔''یہ ہوٹل ہے آپ کا گھر نہیں۔'' اور بار بار یہی جملہ صدائے بازگشت بننے لگا۔شام کے وقت وہ ایک مقامی اخبار میں ضرورت رشتہ کا اشتہار بک کروا رہا تھا۔

## چلا ہوا کارتوس

''اپنی اوقات دیکھ کر بات کرو'' نیلت نے تیز آواز میں کہا۔''تمہیں یہ کہنے کی جُراَت کیسے ہوئی کہ میں تم سے محبت کرتی ہوں۔؟ کبھی آئینہ دیکھا ہے تم نے۔''''مگر تم نے تو خود ہی کہا تھا کہ تم مجھ سے محبت کرتی ہو...'' سہیل گڑگڑاتے ہوئے بولتا رہا۔''یونیورسٹی کے اسی لان پر ہم نے محبت کی قسم کھائی تھی۔دیکھو نیلت! اس لان کی فضا،گلوں کی مہک سب ہی ہمارے پیمان وفا کے گواہ ہیں۔''''وہ سب کچھ سراب تھا جسے بھول جاؤ تو اچھا ہے۔'' نیلت نے بے رخی سے کہا۔''وہ ڈرامہ میں نے سلیم کو اپنی جانب متوجہ کرنے کیلئے رچایا تھا۔میں جانتی تھی کہ تم جیسے لڑکے کے ساتھ مجھے دیکھ کر سلیم میں حسد کا جذبہ پیدا ہوگا اور وہ ضرور میری طرف متوجہ ہوگا۔میں اپنے مقصد میں کامیاب ہو چکی ہوں۔'' اتنا کہہ کر نیلت پرس اُچھالتے قریب آتے ہوئے سلیم کو ہیلو کہتی ہوئی چلدی۔دور ہوتے ہوئے سلیم اور نیلت کے قہقہے اسکے کانوں میں کسی پگھلے ہوئے سیسے کی مانند اُتر رہے تھے جو مدھم ہوکر آہستہ آہستہ ختم ہوگئے۔

## گٹر کا ڈھکن

بھوک کے مارے نیند بھی نہیں آرہی تھی۔دن بھر کے بعد وہ تھک ہار کر مایوسی میں اس فٹ پاتھ پر آبیٹھا تھا کہ نیند کے بہانے چند گھنٹے بھوک سے جان چھوٹے۔لیکن بھوک کی حالت میں تو نیند بھی بے رحم ہوگئی تھی۔پریشانی کے عالم میں اس نے کروٹ بدلی تو اسٹریٹ لائیٹ کی روشنی میں چمکتا ہوا گٹر کا ڈھکن اس کی توجہ کا مرکز بن گیا۔چند لمحے وہ اسکو گھورتا رہا۔پھر اچانک ایک نئے خیال سے وہ اٹھ کر بیٹھ گیا۔اسے لوہے کا یہ ڈھکن اس لمحے سونے کی اینٹ معلوم ہورہا تھا۔پھر وہ ڈھکن کھولنے کی کوشش کرنے لگا۔ڈھکن آرام

سے کھل گیا۔قمیض اتار کر اس نے ڈھکن اس میں لپیٹا اور اِدھر اُدھر دیکھ کر وہاں سے نو دو گیارہ ہو گیا۔کچھ دنوں بعد اسے ایک ہوٹل میں ملازمت مل گئی ۔ وہ میز صاف کرتے ہوئے اپنی عادت کے مطابق کان منیجر کی آواز پر لگائے ہوئے تھا جو زور زور سے اخبار پڑھ رہا تھا۔اچانک ایک خبر نے اسکے حواس گم کر دئے۔

’’گٹر میں گر کر بچی ہلاک ہو گئی۔‘‘وہ اس سے آگے نہ سن سکا۔ دوپہر کے کھانے کے وقفے تک وہ عجیب کجروی کا شکار رہا۔وقفے کی چھٹی ملتے ہی وہ کاؤنٹر پر گیا اور منیجر کی خوشامد کر کے اس نے اپنی پندرہ یوم کی تنخواہ پیشگی وصول کی اور باہر نکل کر بازار کی طرف چلدیا۔دوسری رات جب وہ اس گلی میں اسی گٹر کے قریب سے گذرا تو وہاں...ڈھکن پہلے کی مانند اسٹریٹ لائٹ میں چمک رہا تھا۔

## جہد للبقا

’’آپ اُس نوجوان نسل کے نمائندے ہیں جو ہمارے بعد آئے گی۔‘‘

صحافی نے خوش پوش نوجوان سے جو اُسے حیرانی سے تک رہا تھا کہا۔

’’میرے لباس پر جو آپ گردِ سفر اور ماتھے پر تردّد کی سلوٹیں دیکھ رہے ہیں وہ اس لئے ہیں کہ میں ماضی کا طویل سفر طے کر کے آپ کے پاس آیا ہوں۔کیا آپ میرے رسالے ’مستقبل کی جھلک‘ کے لئے انٹرویو دینا پسند کریں گے۔‘‘

نوجوان صحافی کی طویل اور اکتا دینے والی باتوں سے الجھ کر بولا۔’’دیکھئے میں بہت مصروف آدمی ہوں۔‘‘ ’’مجھے معلوم ہے۔‘‘صحافی پھر بولا۔’’لیکن آپ ہمیں بتائیں گے نہیں تو ہمیں کیونکر معلوم ہو گا کہ واقعی آپ کی مصروفیت واقعی قابلِ ستائش ہے۔‘‘’’اچھا پوچھئے‘‘نوجوان بے بسی سے بولا۔’’مگر یاد رکھیئے سوالات مختصر ہوں۔آپ کے دور اور ہمارے زمانے میں طویل وفلسفیانہ گفتگو سے پرہیز ہی کا فرق ہے۔‘‘’’اچھا اچھا‘‘صحافی شکرگذارانہ انداز میں بولا۔

’’یہ بتائیے کہ آپ کی مصروفیات کن مقاصد کے لئے ہوا کرتی ہیں؟‘‘

’’ارے۔‘‘نوجوان حیرانی سے بولا۔’’آپ کو یہ بھی نہیں پتہ۔ارے ہم نے جو یہ چند قدم فاصلے طے کیے ہیں۔یہ صنعتی،سائنسی اور سیاسی آزادی حاصل کی ہے اسے بقا دینے کی جدو جہد کے لئے۔آپ کا کیا خیال ہے کہ کرکٹ،ہاکی یا پھر باکسنگ کی ریل دیکھنے اور فلم بینی۔‘‘’’نہیں نہیں...میرا مقصد یہ ہرگز نہ تھا‘‘صحافی بولا۔صحافی سوال کرتا گیا اور نوجوان ٹھہر ٹھہر کر جواب دیتا گیا۔

’’اچھا میرا آخری سوال یہ ہے۔‘‘صحافی نے کہا۔’’کیا آپ ہماری نسل یعنی اپنی گذشتہ نسل کیلئے کوئی پیغام دینا چاہتے ہیں۔‘‘نوجوان سوچتا رہا۔اور پھر بولا

’’پیغام تو نہیں البتہ خراجِ عقیدت۔آپ کے زمانے کے صرف اُن چند لوگوں کے نام جن کی جدو جہد اور کاوشوں نے ہمیں یہ مقام عطا کیا۔ورنہ اگر آپ کے زمانے کہ سارے کے سارے لوگ ویسے ہی ہوتے جیسی اکثریت تھی تو یقین کریں قرض چکانے کو ہم یوم الحشر میں ان کے پیشانی اور چہروں کے بال پکڑ کر انہیں خدا کے حضور پیش کرتے۔۔‘‘

## نیلو

شاید میں غلطی کر ہی بیٹھتا مگر میری نگاہ اپنی ٹوٹی ہوئی چپل اور میلے کچیلے کپڑوں پر پڑ گئی اور میں پلٹ کر اسے اجنبی نگاہوں سے دیکھنے لگا۔’’معاف کیجئے گا میں نے آپ کو پہچانا نہیں۔‘‘ میں نے کہا۔’’ہائیں...سہیل! تمہارا دماغ تو نہیں خراب ہو گیا ہے۔تم نیلو کو نہیں پہچانتے۔‘‘نیلو ایک رئیس خاندان کی فرد تھی میں اس کے سامنے سہیل کو شرمندہ نہیں کرنا چاہتا تھا۔بوسیدہ گلیوں کے بوسیدہ مکانات کے درمیان میں رہنے والے خستہ حال سہیل کو دیکھ کر وہ جانے کیا سوچتی؟ میں نے آہستہ سے کہا۔’’آپکو غلط فہمی ہوئی ہے محترمہ...‘‘ اتنا کہہ کر میں تیزی سے آگے بڑھ گیا۔دوسرے دن لائبریری میں میں نے نیلو کو دیکھ کر بڑی سادگی سے پوچھا۔’’کیا حال ہے نیلو؟‘‘لیکن اس نے نفرت سے منہ پھیر لیا۔میں گھوم کر اسکے سامنے آ گیا۔’’کیا ناراض ہو؟‘‘میں نے پھر پوچھا۔’’میری نگاہیں تمہیں ہزار شبیہوں میں پہچان سکتی ہیں۔‘‘ نیلو ہونٹ کاٹتے ہوئے بولی۔’’اگر تم غریب ہو تو یہ کونسا جرم ہے۔اور تم آخر کب تک امارت کے بوسیدہ پردے میں خود کو فریب دیتے رہو گے۔جاؤ آج سے ہماری دوستی ختم۔میں با حوصلہ لوگوں کو پسند کرتی ہوں۔۔‘‘ اتنا کہہ کر وہ بوجھل قدموں سے چلتی ہوئی میری نظروں سے اوجھل ہو گئی۔

## یقین

ایک مسجد کے سامنے شراب خانہ کُھلا ،مسجد میں نمازی ہر نماز کے بعد اس کاروبار کی ناکامی کے دُعائیں مانگتے۔کچھ دن بعد شراب خانے میں شارٹ سرکٹ ہونے کی وجہ سے سب کچھ جل کر خاکستر ہو گیا۔شراب خانے کی مالک نے امام مسجد اور نمازیوں کے خلاف کیس درج کروا دیا۔اس نے موقف اختیار کیا کہ میری دوکان جلنے کی وجہ وہ دُعائیں تھی جو ہر روز مسجد میں کی جاتی تھیں۔مسجد کے نمازیوں اور امام مسجد نے اس بات سے انکار کیا کہ آگ ان کی دُعاؤں کی وجہ سے لگی ہے۔جج نے اپنا فیصلہ سُناتے ہوئے کہا کہ اس مقدمے کا فیصلہ کرنا بہت مُشکل ہے کیونکہ شراب خانے کے مالک کو دُعاؤں کی طاقت پر یقین ہے،جبکہ نمازی اس پر یقین نہیں رکھتے۔

# ''سندھ رینجرز کا کھوج''

یہ 80 کی دہائی کا آغاز تھا جب کراچی کے تعلیمی اداروں میں پہلی بار کلاشنکوف متعارف ہوئی۔ اگر سچ کو'' حکمت'' کی چادر میں لپیٹنے پر ثواب ملتا ہے تو یوں کہہ لیتا ہوں کہ ایک مذہبی سیاسی جماعت کی طلبہ تنظیم نے یہ کارنامہ انجام دیا اور اگر تاریخ کی صداقتوں کو واقعات کے درست تجزیئے کے لئے لاگ لپیٹ کے بغیر پیش کرنا بدستور دانشمندی ہے تو پھر کہنے دیجئے کہ کراچی کے تعلیمی اداروں میں یہ لعنت اسلامی جمعیت طلبہ نے متعارف کرائی تھی اور یہ کلاشنکوفیں افغان جہاد میں جماعت اسلامی کی ہم ذہن حزب اسلامی کے ٹریننگ سینٹروں سے کراچی پہنچی تھیں۔ مرنجان مرنج نظر آنے والے میاں طفیل محمد کا دور ہی وہ دور ہے جس میں جماعت اسلامی اوراس کی طلبہ تنظیم متشدد جماعت کے طور پر اُبھریں۔

اس زمانے کے کراچی میں اسلام پھیلانے کی غرض سے جماعت اسلامی مساجد پر قبضے کے معاملات میں ملوث ہوئی اوراس ضمن میں یہ مساجد کے آئمہ کرام کی تذلیل سے بھی دریغ نہ کرتی۔ دوسری طرف اسلامی جمعیت طلبہ تھی تو وہ کراچی کے تعلیمی اداروں میں دہشت کی علامت بن بیٹھی تھی۔ خدا کے شکر کے بعد قاضی حسین احمد مرحوم اور سراج الحق کو داد دیئے بنا چارہ نہیں کہ اوّل الذکر جماعت اسلامی کے امیر بنے تو انہوں نے کراچی جماعت پر خصوصی توجہ مرکوز کر کے اسے لگام دے ڈالی اور جماعت اسلامی کو تیزی سے راہ اعتدال کی جانب لے آئے۔ منور حسن جیسے جذباتی رہنماء کی جگہ پروفیسر غفور احمد زیادہ فعال نظر آنا شروع ہوئے تو حالات خود بخود بہتر ہوتے چلے گئے۔ قاضی صاحب نے کراچی جماعت کو پابند کروایا کہ آپ کو کراچی کی مساجد کا کنٹرول حاصل کرنے کی قطعاً اجازت نہیں۔ آپ نے درس قرآن کی مجالس منعقد کرنی ہیں تو گھروں پر کیجئے۔ اور یہ درس قرآن کی مجالس ہی تھیں جن کی آڑ میں کراچی جماعت مساجد پر قبضے کی واردات انجام دیتی تھی۔ ساتھ ہی قاضی صاحب نے کراچی کے آئمہ کے لئے جماعت کے روزنامے کی اعزازی کاپی، تفہیم القرآن کا سیٹ اور کچھ دیگر اشیا ملا کر تحائف کے سیٹ بھجوا کر پیغام محبت بھی دیا۔ اسی طرح جب لالہ سراج الحق اسلامی جمعیت طلبہ کے ناظم اعلیٰ بنے تو انہوں نے اس اُبھرتی شدت پسند تنظیم کا مزاج ہی بدل کر رکھ دیا۔ وہ دن جائے یہ دن آئے نہ جماعت اسلامی مساجد پر قبضوں کے چکر میں پڑی اور نہ ہی اسلامی جمعیت طلبہ نے ہتھیار لہرانے کی مزید جرات کی۔ قاضی حسین احمد مرحوم اور سراج لالہ کی مخلصانہ اور دیانتدارانہ کوششوں کے مثبت نتائج جماعت اسلامی اور اسلامی جمعیت طلبہ کے سدھرنے کی صورت تو نکل آئے لیکن تب تک دیر بہت ہو چکی تھی۔ میاں طفیل محمد کے دور کی جماعت اسلامی اور اسلامی جمعیت طلبہ کی جارحیت کے ردّعمل میں ایم کیو ایم جیسی فاشسٹ تنظیم وجود میں آ چکی تھی۔


وہ کلاشنکوفیں جو 80 کی دہائی کے آغاز سے کراچی کی درسگاہوں میں گرجا کرتی تھیں ایم کیو ایم اور اے پی ایم ایس او کے ہاتھوں میں پہنچیں تو 1986ء کے بعد سے کراچی کے گلی کوچوں میں گرجنی شروع ہو گئیں۔ اس زمانے میں اس شہر کی تاریخ میں وہ وہ قتل عام ہوئے کہ آج تیس سال بعد بھی یاد کر کے رُوح کانپ اُٹھتی ہے۔ شہر قائد ایک بہت بڑے مقتل میں بدلتا چلا گیا اوراس مقتل کے کئی علاقے تو نوگوایریاز میں بدل گئے۔ لسانی تعصّبات نے پہلے جنم لیا اور پھر اس شدت پر پہنچ گئے کہ یہ شہر مہاجر پختون، مہاجر پنجابی، مہاجر سندھی اور مہاجر بلوچ کے خونریز تصادم دیکھ چکا۔ مشرف دور کے بعد لسانی تصادم پس منظر میں چلے گئے اور ان کی جگہ سٹریٹ کرائم اور ٹارگٹ کلنگ نے لے لی۔ یہ ٹارگٹ کلنگ اس حد تک منظم تھی کہ مخصوص دورانیوں میں مخصوص طبقات کو نشانہ بنایا گیا، مثلاً ایک دورانیہ ایسا آیا کہ ڈاکٹرز کو چن چن کر قتل کیا گیا۔ ایک دورانیے میں علماء دین کو نشانے پر رکھ لیا گیا۔ ایک دورانیے میں تاجروں کی شامت آ گئی۔ اور ایک دورانیہ وہ بھی آیا جب یونیورسٹیز کے اساتذہ کا قتل عام شروع ہوا۔ اگر آپ ان چاروں طبقات پر غور کریں تو حیرت ہوتی ہے کہ کوئی ان کو کیوں نشانہ بنائے گا مگر یہ چاروں طبقے منظم طور پر نشانہ بنے۔ خدا خدا کر کے نون لیگ کا موجودہ دور حکومت آیا تو سابق وزیراعظم نواز شریف نے وقت ضائع کئے بغیر کراچی آپریشن کا آغاز کر کے شہر کا امن لوٹانے کی سنجیدہ کوششیں شروع کر دیں۔ کچھ عرصے بعد سانحہ اے پی ایس ہوا تو دہشت گردی کے خلاف ملک گیر آپریشن کا بھی آغاز ہو گیا جس سے کراچی آپریشن میں مزید تیزی آ گئی۔

آج ہم 2018ء کے آغاز میں کھڑے ہیں تو کراچی کی ٹارگٹ کلنگ اور سٹریٹ کرائم کو قابو ہوئے تین سال ہو چکے مگر اب ایک نئی آفت کھڑی ہو گئی ہے اور بدقسمتی دیکھئے کہ یہ آفت قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کچھ کالی بھیڑوں کے ہاتھوں اس شہر کے باسیوں پر مسلط ہے۔ سابق ایس ایس پی ملیر راؤ انوار کا معاملہ تو میڈیا میں آ چکا مگر بدقسمتی یہ ہے کہ میڈیا اب بھی پوری بات نہیں بتا رہا۔ راؤ انوار صرف نقیب اللہ کے قتل میں ہی نہیں بلکہ کئی دیگر مشکوک پولیس مقابلوں میں بھی ملوث ہے اور صرف کلنگ ہی اس کے کریڈٹ پر نہیں بلکہ وہ اربوں روپے کی کرپشن میں بھی ملوث ہے۔

ملیر ضلع ایران سے سمگل ہو کر آنے والے پٹرول کی آخری منزل ہے اور یہاں لاکھوں گیلن تیل یومیہ فروخت ہوتا ہے۔ اس پٹرول کا کاروبار کرنے والا ہر

شخص بتاتا ہے کہ ہمارے ہر لیٹر پر ایک روپیہ راؤ انوار کی جیب میں جاتا ہے۔اور یہی وہ ضلع ہے جہاں سے پوری کراچی کی تعمیرات کے لئے ریتی بجری جاتی ہے۔ اس ریتی بجری میں بھی راؤ انوار کا حصہ زبان زد عام ہے۔ پھر اسی ضلع میں لاکھوں ایکڑ زمینوں پر قبضے کی الگ داستانیں اور ہر داستان کا دیباچہ راؤ انوار سے ہی منسوب ہے۔ بدقسمتی کی انتہاء دیکھئے کہ اب سندھ رینجرز سے بھی عوامی شکایات سامنے آرہی ہیں اور عجیب وغریب داستانیں گردش کر رہی ہیں۔ میری سندھ رینجرز کے بعض متاثرین سے ملاقاتیں بھی ہوئی ہیں اور جو کچھ سنا وہ ہوش اُڑانے کے لئے کافی تھا۔ اس ضمن میں ایک حساس ادارے کے اہم ذمہ دار سے راولپنڈی میں رابطہ کیا تو انہوں نے سندھ رینجرز کے کرتوتوں کی نہ صرف تصدیق کی بلکہ اس کے اسباب سے بھی تفصیل سے آگاہ کیا اور ساتھ ہی خوشخبری بھی سنادی کہ راولپنڈی اس معاملے کو پوری سنجیدگی سے دیکھ رہا ہے اور اس کے سدّ باب کے لئے دور رس نتائج والا منصوبہ تشکیل پا رہا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ آپریشن ضرب عضب ہو یا ردّ الفساد دونوں ہی کے بہت زبردست نتائج نکلے ہیں اور ملک کے قریہ و بازار ہر گزرتے دن کے ساتھ زیادہ محفوظ ہوتے جا رہے ہیں لیکن یہ جو کچھ راؤ انوار یا سندھ رینجرز کی بعض کالی بھیڑیں کر رہی ہیں اس سے خدانخواستہ ان کامیابیوں کو ریورس گیئر بھی لگ سکتا ہے۔ جنرل قمر جاوید باجوہ چونکہ آپریشن ردّ الفساد کے کمانڈر ہیں سو انہیں کراچی کے معاملات پر خصوصی توجہ دینی ہوگی کیونکہ اس شہر کے باسی الطاف حسین اور رحمان ڈکیت کے آسمان سے گر کر سندھ رینجرز کے کھجور میں اٹکنے لگے ہیں! ***

## قائداعظم محمد علی جناحؒ کی زندگی کا خاکہ



☆ ولادت ۲۵ دسمبر ۱۸۷۶ء کراچی ۱۸۷۶ء ابتدائی تعلیم کا آغاز۔ ۱۸۹۲ء شادی مع عمی بائی۔ ۱۸۹۳ء تعلیم کے لئے انگلستان روانگی۔ ۱۸۹۷ء بمبئی میں وکالت کا آغاز۔ ۱۹۰۰ء میں بمبئی میں بطور پریذیڈنسی مجسٹریٹ مقرر۔

۱۹۰۶ء بمبئی میں ہائی کورٹ میں بطور ایڈووکیٹ۔ ۱۹۰۹ء سپریم امپیئریل کونسل کے لئے بلا مقابلہ انتخاب۔ ۱۹۱۰ء قانون ساز اسمبلی کے رُکن منتخب ہوئے۔ ۱۹۱۳ء مسلم لیگ میں شرکت۔ ۱۹۱۴ء کانگرس کے ایک وفد کے رکن کی حیثیت سے انگلستان گئے۔ ۱۹۱۶ء مسلم لیگ کے تاریخی اجلاس لکھنو کے صدر مقرر۔ میثاق لکھنو کی منظوری۔ ۱۹۱۹ء رولٹ ایکٹ کے خلاف بطور احتجاج امپیئریل کونسل سے استعفیٰ۔ ۱۹۲۰ء ترک موالات کے سلسلے میں اصولی اختلاف کی بناء پر کانگرس سے علیحدگی۔ ۱۹۲۷ء مسلمانوں کے مشترکہ اجلاس دہلی کی صدارت۔ ۱۹۲۹ء مسلم لیگ کے اجلاس دہلی میں چودہ نکات کا اعلان۔ ۱۹۳۰ء کانگرس کی تحریک سول نافرمانی کی مخالفت۔ انگلستان میں مستقل سکونت۔ ۱۹۳۱ء دوسری گول میز کانفرنس میں شرکت اور ہندوستانی سیاست سے عارضی کنارہ کشی۔

۱۹۳۳ء مولانا عبدالرحیم درد کی کوششوں سے ہندوستانی سیاست میں واپسی۔ ۱۹۳۴ بمبئی کے شہری حلقے سے مرکزی اسمبلی کے انتخاب میں کامیابی۔ ۱۹۳۵ء جناح راجندر پرشاد فارمولا۔ ۱۹۳۶ء قانون ہند ۱۹۳۵ء کے تحت صوبائی انتخاب، مسلم لیگ پارلیمنٹری بورڈ کا قیام۔ مسلم لیگ کے مستقل صدر کی حیثیت سے منتخب۔ مسلم لیگ کی نئی جدوجہد کا آغاز۔ انتخابات میں مسلم لیگ کی شاندار کامیابی۔ ۱۹۳۷ء آل انڈیا مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن کے پہلے سالانہ اجلاس کلکتہ کی صدارت۔ ۱۹۳۹ یکم نومبر کو وائسرائے کی خواہش پر ان سے ملاقات۔ ۱۹۴۰ء ۲۳ مارچ لاہور میں مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس میں قرار داد کی منظوری۔ ۱۹۴۱ء مسٹر راج گوپال اچاریہ کی پیشکش۔ ۱۹۴۲ء ہندوستان میں کرپس مشن کی آمد۔ قائداعظم سے ملاقاتیں اور پاکستان کے اصول کو تسلیم کر لینا۔ کرپس مشن کی تجاویز کا استرداد۔

۱۳۔دسمبر ۱۹۴۳ کو تقسیم ہند کے مطالبے کی اٹل شرط کا اعلان۔ ۲۳ فروری ۱۹۴۶ کو وزارتی مشن کا دورہ ہند۔ ۲۴۔اگست ۱۹۴۶ کو لارڈ ویول کی طرف سے عبوری حکومت کے قیام کا اعلان۔ کانگرس کو حکومت بنانے کی دعوت۔ قائداعظم کا وائسرائے کی اس تیاری پر زبردست احتجاج۔ ۲۱ مارچ ۱۹۴۷ء بطور وائسرائے اور گورنر جنرل لارڈ ماؤنٹ بیٹن کی ہندوستان میں آمد۔ وائسرائے سے ملاقاتیں۔ اور مطالبہ پاکستان کی منظوری۔ ۱۲۔ اپریل ۱۹۴۷ کو کانگرس کی طرف سے بنگال اور پنجاب کی تقسیم کا مقابلہ۔ ۳ جون ۱۹۴۷ء قیام پاکستان کا اعلان۔

۱۴۔اگست ۱۹۴۷ء کو پاکستان کا قیام۔ ۱۹۴۸ء یکم جولائی کو بینک دولت پاکستان کا افتتاح۔ ۱۴۔اگست ۱۹۴۸ء جشن استقبال کے موقع پر زیارت سے قوم کے نام جرات آموز پیغام۔ ۱۱ ستمبر ۱۹۴۸ء نو بجے شام کے قریب کراچی میں بذریعہ ہوائی جہاز آمد۔ شب کو دس بج کر پندرہ منٹ پر انتقال۔ ۱۲ ستمبر ۱۹۴۸ء چار لاکھ انسانوں نے نماز جنازہ پڑھی اور آپ کو کراچی میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

# جونک

افسانہ

امجد مرزا امجد

''اگر تم ایک مہینہ کی مہلت دو تو میں تمہارا سارا قرضہ ادا کر دوں گا بلکہ میں انشاء اللہ تمہاری رقم کے ساتھ کم از کم تیس فیصد نفع بھی دوں گا۔بس جہاں اتنا انتظار کیا ہے وہاں ایک ہفتہ اور صبر کرلو۔'' ''رقم کے ساتھ منافع بھی...وہ کیسے۔؟'' ''میں نے چار اور دوستوں کی رقم بھی لگائی ہے اور امید ہے کہ بہت اچھا نفع ملے گا سب کو...'' ''مگر وہ کون سا ایسا کاروبار ہے۔مجھے بھی تو بتاؤ۔؟'' ''نہ بھئی! یہ کاروباری راز ہیں۔۔بس تم بتاؤ مزید کتنی رقم انویسٹ کرو گے۔30 فیصد منافع ایک مہینے میں کم نہیں ہوتا۔۔رقم کی کوئی بھی گارنٹی لے لو...ویسے تو تم مجھے کتنی مدت سے جانتے ہو۔تمہیں پتہ ہے میرے دو مکان بھی ہیں جو کرایہ پر لگے ہیں۔یاد ہے نا تمہیں دکھائے بھی تھے!'' ''ہاں دو مکان کرایہ پر لگے ہیں اور خود جناب کونسل کے مکان میں رہتے ہیں۔۔!!'' ''ارے بھئی اس کاروباری مصلحت کو تم نہیں سمجھتے۔۔کونسل کی مفت رہائش کو چھوڑ کر کون پاگل اپنے مکان میں رہ کر ٹیکس بھی دے اور مورگیج بھی...یہ تم جیسے کم فہم لوگ کرتے ہیں...خیر بزنس کی بات کرو...ایک ہزار مزید لگاؤ گے...تمہارے کل دو ہزار پونڈ ہو جائیں گے۔۔انشاء اللہ پورے چار ہفتے کے بعد چاہے پستول لے آنا اگر دو ہزار چھ سو پونڈ گن کر نہ دیئے تو خدا قسم گولی مار دینا میں اپنا خون معاف کرتا ہوں تمہیں...'' ''ٹھیک ہے۔شام کو آ کر لے جانا۔مگر یاد رکھنا۔۔اگلے ماہ تمام رقم لے کر ہی جاؤں گا۔'' ''کہا نا یار۔زبان دے دی ہے۔ہم تو زبان کے پیچھے جان دے دیتے ہیں۔۔تم یہ دو ہزار لئے پھرتے ہو...میں ایک کاروباری شخص ہوں...شام کو آؤں گا رقم تیار رکھنا...'' ''بھائی صاحب! میں ملک صاحب سے ملنے آیا ہوں گھر ہی ہیں؟...'' ''ہو...تو آپ بھی ملک صاحب کو ڈھونڈتے پھر رہے ہیں...؟'' ''کیا مطلب...؟'' ''مطلب بڑا آسان ہے جی۔یہ فلیٹ مجھے دس دن ہوئے کونسل نے الاٹ کیا ہے،اس روز سے آج تک آپ چھٹے آدمی ہیں جو ملک صاحب کو پوچھ رہے ہیں۔ابھی ابھی پولیس والے بھی یہی پوچھ کر گئے ہیں کہ مسٹر ملک کہاں ہے۔اندر کونسل بینک اور لون کمپنیوں کے ڈھیر سارے خطوط پڑے ہوئے ہیں۔میں نے کونسل کے دفتر فون کر کے پوچھا تو پتہ چلا کہ پچھلے ماہ کی چار تاریخ کو انہوں نے بیلف کے ذریعے اس فلیٹ پر قبضہ کیا تھا۔کیونکہ مسٹر ملک نے پورے سال کا کرایہ نہیں ادا کیا تھا۔۔اور اب پتہ چلا رہا ہے کہ وہ کئی کمپنیوں سے ادھار کی رقم،بینک کارڈ سے کئی ہزار پونڈ کی شاپنگ اور آپ جیسے کئی لوگوں سے ہزاروں پونڈ اُدھار لے کر کہیں غائب ہو گیا ہے...'' ''مگر میں اسے کئی برسوں سے جانتا ہوں اس کے اپنے دو مکان بھی ہیں۔دونوں مکان میں نے خود دیکھے تھے جب اس نے نئے نئے خریدے تھے...'' ''بھائی صاحب! کسی ایجنٹ کو دس پونڈ ڈیپازٹ دے کر خالی مکان کی چابی لے کر کسی کو بھی دکھا کر رعب ڈال سکتے ہیں۔ویسے آپ سے کتنے ہزار پونڈ ادھار لیا ہے اس نے...؟'' ''مجھ سے...میں اتنی کچی گولیاں نہیں کھیلتا بھائی صاحب۔آپ نے تو مجھے دیکھتے ہیں رام کہانی شروع کر دی ہے۔میرا وہ پرانا دوست ہے کافی دن ہوئے ملا نہیں تھا سو چا جا کر پوچھ لوں کیسا ہے۔'' یہ کہہ کر وہ وہ پلٹا...گھر آنے تک وہ کئی بار بے جان ہو کر راستے میں بیٹھا...جیسے اس کے جسم سے وہ دو ہزار پونڈ کے ساتھ خون بھی نچوڑ کے لے گیا ہو۔۔***

# ''دل بسمل''



ڈاکٹر منور احمد کنڈے کی شاعری کی چودھویں کتاب

رانا عبدالرزاق خان،ایڈیٹر ماہنامہ ''قندیلِ ادب انٹرنیشنل''لندن

''دل بسمل''ڈاکٹر منور احمد کنڈے کی شاعری کا چودھواں مجموعہ ہے۔ان کی شاعری پر کچھ لکھنا جوئے شیر لانے کے مترادف ہے۔میں ذاتی طور پر ان کی شاعری،نثر و کردار سے بہت متاثر ہوں۔جو انسان نصف صدی سے دیارِ غیر میں سکونت پذیر ہو،اور اس علاقے کا کوئی بھی منفی رنگ اُس کی شخصیت پر نہ چڑھا ہو اُردو ادب سے وابستہ اور خوش خلق،خوش گفتار،ایفائے عہد کا دھنی،حسن و احسان کا مجسمہ،اور اپنے کردار پر معمولی سا بھی کوئی دھبہ تک نہ رکھتا ہو۔ایسے کردار کو عرفِ عام میں مثلِ فرشتہ کہا جاتا ہے۔راجپوت ہونے کے ناطے اس قوم کی ہر اچھائی کا مالک اور سب برائیوں سے دور رہنے والا یہ انسان یقیناً ایمان و ایقان سے منور ہے۔ادب کی اس قدر خدمت اور عامتہ الناس سے اس قدر اخلاق واقعی ان ہی کا حصہ ہے۔شاعری میں اُن کی کوشش رہی ہے کہ ہر موضوع پر کچھ لکھا جائے۔منور احمد کنڈے ایک جمال پسند شاعر ہیں۔ان کی غزلوں کا جمالیاتی پہلو وسیع تر ہے۔ایک شعر ملاحظہ فرمائیں:

منورؔ آپ کے ہونٹوں پہ آ کر
یہ دردِ دل تبسم ہو گیا ہے

اُن کے اشعار زندہ،پہلو دار اور فکری بلندیوں کا بین ثبوت ہیں۔اولوالعزمی کے ساتھ سنجیدگی اور متانت ان کے ادبی سفر کی خصوصیات ہیں۔وہ سادگی،روانی،سلاست اور عام فہم زبان میں اشعار کہتے ہیں:

زمانے کی حقیقت جانتا ہوں
جسے دیکھوں اُسے بے نام لکھوں
منورؔ اب وہ عالم ہے کہ اب اپنی نسل کو بھی
ہمیں یقیں نہیں ہے کہ یاد آئیں گے ہم
ہر طرف چیختے ہیں سناٹے
شہر میں کس کو بے زباں لکھوں

زیرِ نظر تصنیف میں بھی طویل تجربے اور شوق کی چھاپ ہے۔ان کی تمام تصنیفات میں ان کے کردار کا پرتو،محبت،حق گوئی،اور بے باکی جھلک رہی ہے۔حقائق کے تناظر میں روئیداد اشعار میں بیان کرنے کا ڈھنگ انہیں خوب آتا ہے۔میں اس کتاب کی اشاعت پر منور احمد کنڈے صاحب کو مبارک باد دیتا ہوں،اور ان کی صحت و درازیِ عمر کے لئے دعا گو ہوں۔



# عرب شاعر ابونواس اور نواز شریف صاحب

(تحریر چوہدری اصغر بھٹی)

کہتے ہیں سورج غروب کا وقت قریب ہو تو انسان کا اپنا سایہ بھی اس سے زیادہ لمبا ہو جاتا ہے۔ ایسے میں عقلمند مسافر اپنے سفر کو تیز کرتے ہوئے اندھیرا چھانے سے پہلے قریب کسی منزل تک پہنچنے کی کوشش کرتے ہیں۔ کسی روشنی کو ہم سفر بنانے کا اہتمام کرتے ہیں۔ اور کسی رہبر کی مدد کے متمنی ہوتے ہیں جبکہ ناعاقبت اندیش اپنی چالاکیوں میں مگن یہ سوچنے کی زحمت ہی گوارا نہیں کرتا کہ جنکے پاس فراست اور صداقت کی روشنیاں نہیں ہوتیں ایسے لوگوں کی منزلیں جلد اندھیروں میں کھو جایا کرتی ہیں۔ چڑھتے سورج کو سلام کرنے والے صرف چڑھے ہوئے سورج میں کورنشیں بجاتے ہیں۔

مکرم نواز شریف صاحب کو آج شام پارٹی صدارت کے لئے بھی نا اہل قرار دے دیا گیا تو مجھے ان کی ڈوبتے سورج کو روکنے کی اور سپریم کورٹ کو ٹوکنے کی وہ حرکت یاد آگئی جب انہوں نے خود سے ایک مولوی صاحب کو بلوایا اسے سمجھایا اور اسلام آباد کی طرف روانہ کر دیا۔ میں نے اُن دنوں کچھ لکھا اور رکھ چھوڑا مگر آج کی شام جب تمام پاکستانی دانشور اور فیس بکی مفکر اونچے سروں میں سپریم کورٹ کی ڈفلی پیٹ رہے ہیں تو مجھے عباسی دور کا ایک مشہور عرب شاعر کا قصہ یاد آگیا ابونواس عربی کا بے مثل شاعر تھا۔ باپ عرب اور ماں ایرانی النسل تھی۔ عربی زبان کا ایسا شاعر تھا جس نے ایسے مضامین پر شعر کہے جن پر اس سے پہلے طبع آزمائی نہیں کی گئی تھی۔ ابونواس نئے مضامین کے حوالے سے معتوب و مطعون بھی ہوا اور اس کی ستائش بھی کی گئی۔ عرب میں شاعری باعزت فن سمجھا جاتا ہے۔ اس کی شاعری پر سر دھننے والوں کی تعداد شمار سے باہر تھی۔ ابونواس کا شہرہ دنیا عرب کے کونے کونے میں تھا۔ کئی لوگ اُس کو پہچانتے نہ تھے مگر اُس کے نام کا ڈنکا ہر طرف بجتا تھا۔ وہ ایک خوش حال اور خوش شکل آدمی تھا۔ تب امارت اور خوش حالی کی نشانیاں پجیرو یا لینڈ کروزر نہیں تھیں۔۔۔۔ سرخ اونٹ۔

مہنگا اور اعلی نسل کا۔ اسی طرح ریشمی لباس، قیمتی پوستین، سمرقند کی نفیس ٹوپی، اصفہان کی جوتی اور کشمیر کی پشمینے کی چادر۔۔ یہ امارت کی نشانیاں تھیں۔ ابونواس کے پاس ایسی ہر چیز تھی جو اُس کی مالی آسودگی اور خوش حالی پر دلالت کرتی تھی۔ ابونواس ایک قصبے سے گزر رہا تھا کہ اسے ایک نہائیت حسین و جمیل خاتون نظر آئی۔ شاعر پیشہ، حسن کا دلدادہ۔ ابونواس کا دل اس خاتون پر آگیا اور اس نے آگے بڑھ کر خاتون سے اظہار محبت کر ڈالا۔ خاتون نے کہا کہ وہ شادی شدہ ہے ابونواس کہنے لگا کہ وہ کون سا اس سے شادی کا طلب گار ہے وہ تو صرف اس کا بوسہ لینا چاہتا ہے۔ خاتون یہ سن کر ناراض ہوئی لیکن باتونی ابونواس نے اسے اپنی چکنی چپڑی باتوں سے ٹھنڈا کیا اور اس سے کہا کہ وہ صرف ایک بوسے کے عوض اپنی ہزاروں درہم کی قیمتی پشمینے کی شال اس کی نذر کر دے گا۔ یہ آفر سن کر خاتون کی رال ٹپک پڑی اور اس نے سوچا کہ اس قیمتی اور نایاب شال کے عوض ایک بوسہ دینے سے اس کا کیا بگڑ جائے گا۔ خاتون نے اس کی آرزو پوری کی اور شال لی اور گھر کے اندر چلی گئی۔ خاتون کے پیچھے پیچھے ابونواس بھی اس کے گھر پہنچ گیا۔ خاتون اندر چلی گئی اور وہ باہر بیٹھ گیا۔ تھوڑی دیر بعد اُس نے دروازہ کھٹکھٹایا، ملازم نے دروازہ کھولا، ابو نواس نے اپنا تعارف کروایا اور پانی مانگا۔

ابونواس کا نام سن کر ملازم نے اسے قیمتی بلوریں گلاس میں پانی پیش کیا۔ ابونواس نے پانی پیتے ہوئے گرا کر گلاس توڑ دیا۔ اپنی لا پروائی پر معذرت کی اور بات ختم ہو گئی۔ ملازم اندر چلا گیا اور ابونواس اس گھر کے سامنے والے درخت کے نیچے بیٹھ گیا۔ چند گھنٹوں بعد ایک شخص جو گھر کا مالک معلوم ہوتا تھا گھر میں داخل ہونے لگا تو اُس نے آواز دے کر روک لیا اور اپنا تعارف کروایا۔ اُس شخص نے ابونواس کا نام سن کر اس سے اپنی محبت اور عقیدت کا اظہار کیا اور پھر اُس سے وہاں بیٹھنے کی وجہ دریافت کی ابونواس نے اُسے بتایا کہ اسے پیاس لگی تھی اس نے گھر کا دروازہ کھٹکھٹا کر پانی مانگا۔ پانی پینے کے دوران اُس سے قیمتی گلاس گر کر ٹوٹ گیا۔ گھر کی مالکہ نے اُس کی قیمتی کشمیری شال تاوان میں رکھ لی ہے۔ گھر کا مالک اندر گیا اور اپنی بیوی سے کہا کہ وہ ابو نواس کی قیمتی چادر واپس کرے۔

یہ عرب مہمان نوازی اوراس کے گھر کی روایات کے منافی ہے کہ مہمان سے ہونے والے اتفاقی نقصان پر تاوان کے طور پر اس کی چادر اتروالی جائے۔خاتون کے لئے یہ ممکن نہ تھا کہ وہ شال کی اپنے پاس موجودگی کی وجہ بیان کرتی۔خاتون نے چادر شوہر کو دی۔اُس نے چادر ابونواس کو واپس کر دی ۔بیوی کی زیادتی اور مہمان نوازی کے منافی رویے پر معافی مانگی۔شرمندگی کا اظہار کیا اور ابونواس کو چادر سمیت عزت و احترام سے رخصت کیا۔مولوی صاحبان نے نواز شریف اور اُس کی ہم نوا پارٹی سے بالکل وہی کام کیا۔اِن کا بوسہ بھی لیا اور اِن کے ووٹ بینک اور حکومت کا قیمتی گلاس بھی توڑ دیا،اِن سے پیسے اور نذرانے بھی وصول کر لئے اور آئیندہ کے الیکشن میں اپنی سیٹیں بھی پکی کر کے اپنی چادر بھی واپس لے لی۔نواز شریف صاحب کے ساتھ ساتھ بیچارے شہباز شریف صاحب اور رانا ثناء اللہ صاحب اُس عرب عورت کی طرح شرمندگی کے مارے یہ بھی نہیں بتا سکتے کہ چلنے سے پہلے ان مولوی حضرات کے ساتھ کیا ڈیل ہوئی تھی ؟اور کیوں ہوئی تھی؟ اور کیوں اِن کو بحفاظت اسلام آباد تک پہنچایا گیا تھا۔


یہ 50 کروڑ 21 کروڑ اور ساڑھے پانچ کروڑ کے جھگڑے کا کیا مسئلہ تھا؟۔خود جج پوچھ رہے ہیں کہ ان کے روزانہ کی 26 لاکھ کے کھانے کا بل کون دے رہا تھا؟ اور کیوں دے رہا تھا؟ اور یہ کام کاج چھوڑ کر بیٹھے ہوئے تھے؟ کیا یہ سب ملنگ تھے؟ شرمندگی کے بارے ارباب اقتدار کیا جواب دیں۔جن کا خیال تھی کہ مذہبی انارکی پھیلانے سے ہماری طرف سے توجہ ہٹ جائے گی ۔کیس رک جائیں گے۔فساد کی صورت میں فوج مظاہرین کے مقابل آئے گی تو عوام کے دل میں ان کے لئے نفرت پیدا ہو جائے گی۔سپریم کورٹ ہاتھ کھڑے کر دی گی ۔اور ہماری چادر بچ جائے گی مگر ہوا کچھ بھی نہیں ۔نواز شریف صاحب اینڈ کمپنی کو مولوی حضرات کو بوسہ بھی دینا پڑ گیا ہے۔ انہوں نے اپنی چادر بھی واپس لے لی اور مستزاد یہ کہ گھر کے فوجی سربراہ سے ڈانٹ بھی پڑ گئی کہ اسلامی ہجوم سے سختی کرنا ہمارے گھر کی روائیت نہیں۔اگر صرف خاوند سے ڈانٹ پڑتی تو پھر بھی کچھ بات تھی اب تو یہ سپریم کورٹ والے جج صاحبان گھر کے بڑے دادا ابو کی طرح ڈنڈا لے کر ڈیوڑھی میں بیٹھ گئے ہیں اور اونچی آواز میں اپنے بیٹے کو سمجھا رہے ہیں کہ اس نالائق بہو نے مہمانوں کے ساتھ بدتمیزی کر کے ہماری ناک کٹوا دی ہے۔جاؤ اس کو کچھ دیر کے لئے میکے چھوڑ آو۔اس کا دماغ ٹھیک ہو۔اسے پتہ لگے کہ خاندانی لوگ کیسے رہتے ہیں۔اب بے چارے نواز شریف صاحب دادا ابو کو کیا بتائیں کہ ہوا کیا ہے؟اصل چالاکی کیا کی تھی؟ اور گلے کیا پڑ گیا؟ کرپشن کیا ہوا مال بھی واپس ہو رہا ہے اور ذلت کے ساتھ گھر سے بھی دھتکارا جا رہا ہے۔اور اس سے بھی بڑا دکھ کہ بتا بھی نہیں سکتا کہ اتنی چادریں کرپشن کی ہیں اور یہ یہ چادر تو میری اپنی ہے۔شاعر سے تو صرف یہ والی لی تھی۔

***

## آنسو۔ محمد بشیر مالیرکوٹلوی

پہلی بار وہ جب اپنے ننھے ننھے پیروں سے لڑکھڑا کر چلی تو مارے خوشی کے ماں کی آنکھوں سے آنسو چھلک اُٹھے۔وہ بیٹی پر جی جان سے نچھاور ہو گئی۔اُنیس سال بعد ماں کے آنسو نہیں رُک رہے۔وہ سوچ رہی ہے کہ کاش!وہ معذور پیدا ہوئی ہوتی،چلنے پھرنے کے قابل نہ ہوتی۔

خالی تجوری اور بیٹی کے اُٹھائے غلط قدم نے ماں کو توڑ کر رکھ دیا تھا۔






# عاصمہ جہانگیر

رانا عبدالرزاق خان

ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے
بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ وَر پیدا

ایک درخشاں ستارہ،غروب ہوگیا۔تیغِ براں،غریبوں کی ماں،اقلیتوں کی ڈھارس، جمہوریت کی حامی،عورتوں کے لئے ایک درخشندہ مثال اس دنیا سے باعزت رُخصت ہوگئی۔ایک آئرن لیڈی کی طرح جینا جی کر ملک عدم کو سدھاریں۔سپریم کورٹ آف پاکستان کی پہلی عورت صدر بار ایسوسی ایشن، ایک نڈر عورت جس کو دیکھتے ہی ججوں کی زبانیں گنگ ہوجاتی تھیں۔آمروں کے چھکے چھوٹ جاتے تھے۔علمائے سُو اس کا سامنا نہ کر سکتے تھے۔غدار اور منافق ساری عمر اس سے منہ چھپاتے رہے۔اسے کافرہ کہنے والے، کبھی قادیانی کہنے والے ناکام و نامراد ٹھہرے۔ظالم اس کے سامنے آنے سے کتراتے تھے۔مذہب کو ہتھیار بنانے والے اس سے منہ چھپاتے رہے۔
یحییٰ خان کے زمانے میں اس کے والد غلام جیلانی مرحوم پر ناجائز مقدمہ بنانے والے اس ناکردہ گناہ کو عاصمہ جہانگیر کے کھاتے میں ڈالنے کی ناکام کوشش کرتے رہے۔شیخ مجیب الرحمن کے رفقائے کار بہت سے تھے۔کیا وہ پاکستانی نہیں تھے جسٹس حمودالرحمن نے اسی لئے جیلانی صاحب کو رہا کر دیا تھا۔یہ لوگ ساری زندگی عاصمہ جہانگیر کی شخصیت پر ایک داغ بھی تلاش نہ کر سکے۔عاصمہ جہانگیر نے ہر مظلوم طبقے کی دادرسی کی۔فلسطین ہو، کشمیر ہو، روہنگیا ہو، بنگلہ دیش ہو، شام ہو، عراق ہو، پاکستان میں توہین رسالت کے شکار ہوں۔مرد کے مقابلے میں دو مردوں کی گواہی ہو، یا عورت کے نکاح کے موقع پر ولی کا معاملہ ہو۔اس نے عورت کو ساری زندگی کبھی تن تنہا نہیں چھوڑا۔
آمر، ظالم طبقات اور علمائے سُو ہمیشہ اس کے مخالف رہے۔آمریت کو بھی اس نے ہمیشہ کھری کھری سنائیں۔جمہوریت کی ہمیشہ حامی رہیں۔اس کے لئے اس نے قید و بند کی صعوبتیں بھی برداشت کیں، ڈنڈے کھائے۔جیلیں کاٹیں۔ایسی بے باک اور نڈر خاتون جو مردِ آہن کی طرح آنکھیں کھول کر سیاسی بھیڑیوں اور درندوں کا مردانہ وار مقابلہ کرتی رہی۔میں سلام کرتا ہوں اس آئرن لیڈی کو۔جو ہماری آنے والی آئندہ نسلوں کے لئے ایک لائحہ عمل چھوڑ گئیں۔عاصمہ جہانگیر نے یو این او کے خصوصی نمائندہ کے طور پر بہت سے ممالک کا دورہ کیا۔فلسطین اور انڈیا میں کشمیر اور مظلوم طبقہ پر ہونے والے مظالم کی قلعی کھولی۔یو این او کو ان پر بہت اعتماد تھا۔محترمہ طاہر جہانگیر ایڈووکیٹ کی بیوی اور مولانا صلاح الدین ایڈیٹر (ادبی دنیا) کی نواسی تھی،علمی اور ادبی، گھرانے سے تعلق تھا۔زرخیز ذہن کی مالک تھی دقیانوسیت سے نالاں تھی، آزادی مذہب، آزادی ضمیر، کی حامی تھیں۔بولنے کا انداز مدلل اور دبنگ تھا۔سچائی اس کا ہتھیار تھا۔بہادر اور دلیر تھیں۔مخالف پر عقاب کی جھپٹنا اس کا شیوہ تھا۔ظالم، غدار، منافق، بے عمل، کرپٹ عناصر کی اس کے نام سے جان جاتی تھی۔عاصمہ جہانگیر کا سامنا کرتے ہوئے بڑوں بڑوں کے پتّے پانی ہوجایا کرتے تھے۔عاصمہ جہانگیر کو ہر جدو جہد میں سپریم کورٹ، وکلاء اور روشن خیال اور مظلوم طبقات کی ہمیشہ اشیر باد حاصل رہی۔انسانی حقوق، اور مذہبی انتہاپسندی، توہین رسالت کی آڑ میں مظالم کی ہمیشہ مخالف رہیں۔یحییٰ خان کا دور ہو، ضیاع الحق کا، مشرف کا ہو یا کسی بھی ظالم کا۔وہ حقوق کی جدوجہد میں سب سے منفرد اور نڈر اور بہادری سے مردانہ وار مقابلہ کرنے والی خاتون تھیں۔وہ فاطمہ جناح اور بے نظیر کی طرح بہادر خاتون تھیں۔علمائے سُو اور مکفرین کی ہرزہ سرائی عاصمہ جہانگیر کے آگے دم توڑ چکی تھی۔بڑے بڑے جغادری روایتی ملاں اس کا سامنا تک نہ کر سکے۔بعض دقیانوسی روایات کو علمائے سُو نے بزعم خود اسلام حصہ بنا لیا ہے۔مثلاً قرآن سے شادی، عورت کی مرد سے کمتری، قاروقاری، عورت کا حصہ جائیداد میں نہ ہونا، وغیرہ وغیرہ۔عاصمہ جہانگیر نے اس ڈھونگ کی مخالفت کر کے عورت کو اس کے جائز اسلامی مقام سے آگاہ کیا ہے۔پاکستان میں جو جنگل کا قانون نافذ ہے اور کرپٹ پارلیمنٹ کو ہر شہری کے ایمان کے فیصلہ کرنے کا جو اختیار دے رکھا ہے۔عاصمہ جہانگیر بانگِ دہل اس کی مخالفت کرتی رہیں اس نے ہر جابر، ظلم، کرپٹ کو ہمیشہ آئینہ دکھایا ہے۔ایسی ہستیاں صدیوں بعد ہی پیدا ہوتی ہیں۔خدا مغفرت کرے عجب نڈر اور دلیر عورت تھی۔***





# غزل میں سچے جذبوں کا شاعر

## ”طاہر مجید“




شاعری اہلِ علم و ادب کی نظر میں سوئے ہوئے جذبوں کو بیدار کرنے اور انہیں پیکرِ خیال عطا کرنے کا نام ہے۔

ایک آرزو اپنی حسین سنگ تراشی سے ایک مصور اپنے رنگوں کے خوبصورت امتزاج سے اور ایک موسیقار اپنی دلکش راگ راگنیوں سے پیکر تراشتا ہے اور یہی کمالِ فن اس کے تخلیق کردہ اوصاف میں شاہکار کی صورت میں نظر آتا ہے۔ یوں تو شاعری میں زمانۂ ماضی سے لے کر آج تک بے شمار لوگوں نے شاعری کی ہے بہت سے نام آج بھی دنیائے ادب میں تابندہ اور زندہ ہیں لیکن ان کی تعداد زیادہ نہیں۔ لیکن آج پاکستان انڈیا یا یورپ میں جس لب و لہجہ اور جس اسلوبِ فکر کی شاعری ہو رہی ہے جس کو صفِ اول میں شمار کیا جا سکتا ہے ان میں ایک نام طاہر مجیدؔ کے مزاج کا خاصہ ہے۔ ان کے لب و لہجے میں دید و قدیم کا حسین امتزاج ہے۔

طاہر مجید نے اپنی شاعری کی خوشبو سے پاکستان انڈیا ہی نہیں بلکہ یورپ کے اہلِ ادب کو بھی متاثر کیا ہے۔ اس لئے طاہر مجید کو پوری عزت و وقار کی نظر سے دیکھا جاتا ہے۔ بقولِ علامہ اقبال

ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے
بڑی مشکل سے ہوتا ہے، چمن میں دیدہ ور پیدا

علامہ اقبال کا یہ شعر طاہر مجید پر پوری طرح صادق آتا ہے۔ طاہر مجید کی غزلوں کا مطالعہ میرے لئے اک خوشگوار تجربہ ہے۔ ان کی شاعری میں تازگی کی جو لہر ہے اس کا تعلق جدید اردو غزل میں ہونے والی رنگا رنگ اور خوش صورت تبدیلیوں سے ہے ان کی شاعری ایک خوبصورت دل و دماغ کی واردات ہے۔ جس سے قاری کو خوشگوار ہوا کا احساس ہوتا ہے۔ طاہر مجید کی غزلوں میں سے سچے جذبے کیفیت اور احساسات حیرت انگیز طور پر محسوس کئے جا سکتے ہیں جو اُن کی شعری لفظیات کی خوبی اور سادگی سے پُر اثر ہے ایسی سادگی اور اثر انگیزی خال خال نظر آتی ہے۔

طاہر مجید کی شاعری میں وطن سے دوری کا اظہار بڑے کھلے انداز میں ملتا ہے اور اسی کیفیت کو بھانپتے ہوئے ایک عظیم شاعر احمد ندیم قاسمی کہتے ہیں ”وطن سے بچھڑنا ہو یا ماں باپ سے بچھڑنا یا محبوب سے بچھڑنا ہر صورتِ حال سے طاہر مجید سراسر فنکارانہ انداز سے نمٹا ہے“

ایک پاکستانی شاعر جب المانیہ میں بیٹھ کر غزل یا نظم کہے گا تو اس کے ہاں وطن کی دوری ایک گھمبیر درد بن کر اس کے فن میں سرائیت کر جائے گی۔ یہ لہر طاہر مجید کے ہاں بعض مقامات پر نمایاں مگر بیشتر مقامات پر اس کے باطن میں رچی ہوئی ہے اس کے لئے اس کی غزل میں (اور بعض نظموں میں بھی) یہ درد نبض کی طرح لرزاں محسوس ہوتا ہے۔

ایک سچے فنکار کی پہچان ہے وہ اپنے فن کے ذریعے اپنے معاشرے کی اصلاح کرے اور محبت کے چراغ جلا کر بغض و منافرت کے اندھیروں کو دور کرے۔ طاہر مجید کی شاعری ایک ایسا ہی نغمہ ہے جسے سُن کر دوست دشمن دونوں بیک وقت محظوظ ہو سکتے ہیں۔

مہذب لوگوں سے ملنے کو میں اپنے لئے ایک اعزاز سمجھتا ہوں، اور طاہر مجید میرے لئے ایک انتہائی محترم شخصیت ہیں۔ شائستگی کا معیار جو میں متعین نہیں کر سکا ہوں اس پر وہ اپنے تمام رویوں کے ساتھ پورے اترتے ہیں۔ طاہر مجید ایک انوکھے انسان ہیں، وہ مختلف شاعر ہیں چکا چوند کر دینے والی روشنیوں کے درمیان رہتے ہوئے بھی ان کے دل میں مٹی کا دیا جلتا ہے اور یہ دیا ان کے اندر بجھتا جلتا رہتا ہے، اور خاص بات یہ کہ وہ کسی بھی مضمون کو اس خوبصورتی سے نظم کرنے کی قدرت رکھتے ہیں کہ شعر کے جمالیاتی وقار کو بھی ٹھیس نہیں پہنچتی۔ ایک اچھے شاعر کو اچھا انسان بھی ہونا چاہئے بلکہ اگر یہ کہا جائے کہ ایک شاعر کو اچھا آدمی ہونا ہی چاہئے تو بے جا نہیں ہوگا اس لئے بھی کہ وہ غیر معمولی حساس ہوتا ہے۔ میرا عرض کرنے کا منشا یہ ہے کہ جناب طاہر مجید ایک اچھے شاعر ہونے کے ساتھ ساتھ ایک اچھے انسان بھی ہیں۔ طاہر مجید ایک فطری شاعر ہیں پختہ گو شاعر ہیں صاحبِ دل شاعر ہیں، ان کے کلام میں تخیل نادرہ کاریاں اور فکر کی بلندیاں پائی جاتی ہیں زبان و بیان کے اعتبار سے بھی طاہر مجید کی شاعری قابلِ صد تحسین ہے۔ ان کا شاعرانہ مزاج اور ان کی شاعری سب خُدا کی دین ہے وہ کہتے بھی خوب ہیں اور پڑھتے بھی خوب ہیں۔ شاعری خود جادو اور پھر اندازِ ادا جادو۔ غرض یہ کہ طاہر مجید ان تمام صفات سے متصف ہیں جن سے ایک اچھے شاعر اور ایک اچھے انسان کی شناخت ہوتی ہے، میں کوئی دانشور نہیں ہوں لیکن جو کچھ میں نے آپ کے مجموعہ کلام ”خوشبو کا سفر“ کو پڑھ کر محسوس کیا وہی نوکِ قلم سے لکھ دیا۔ اب طاہر مجید کے دو تین اشعار آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔

خوشبو بچھڑ رہی تھی ہمیشہ کے واسطے
چہرہ مگر تھا پھول کا پھر بھی کِھلا ہوا

اب لوٹ کے گھر جانے کا امکان بھی کم ہے
میں دور بہت دور نکل آیا نگر سے

روشنی مجھ سے چھیننے والو میرے گھر میں بھی اُجالا ہے

SARMAD GLOBAL
CHARTERED ACCOUNTANTS

QUALIFIED CHARTERED ACCOUNTANTS
WITH BIG 4 EXPERIENCE

FREE TELEPHONE / EMAIL & WHATSAPP SUPPORT

- ✓ Company incorporation / Registered Office Address
- ✓ Personal Income Tax Return investigations,
- ✓ Rental Income Tax Returns
- ✓ UK State Pension Entitlement Review
- ✓ Advice on filling Gaps in UK State Pension
- ✓ UK State Pension / (Contracted Out) Tracing
- ✓ Private UK Pension Tracing.
- ✓ Assets Review for Inheritance Tax
- ✓ Appealing-Past years HRMC Penalties
- ✓ Preparation / Filing of Prior year tax returns
- ✓ Duplicate-Payslips/ P60s

ICAEW CHARTERED ACCOUNTANTS

SARMAD KHAN ACA, FCCA

OFFICE 115 LONDON ROAD MORDEN SURREY SM4 5HP UK
TEL +44(0)208 646 3666 FAX +44 (0)208 082 5002
E-MAIL: INFO@SARMADGLOBAL.COM
WEB. WWW.SARMADGLOBAL.COM
CELL +44 (0) 7903 416966

MORDEN SOLICITORS
Building Your Future Together

*We deal in:-*

- Property Matters, Residential & Commercial, Conveyancing, Wills and Probate, etc
  Unfair dismissal, Discrimination at work, etc
- Unfair dismissal, Discrimination at work, etc
- Appeals, Asylum, Removals, Judicial reviews, immigration, work permit, HSMP, etc
- Injury at work or had an accident
- Matrimonial, Adoption, Divorce, etc.

We offer Quality Assistance and services to you for making a difference to .

Family Matters | Employment | Immigration | Personal Injury | Conveyancing

If you have any of the above problems
Call us **WHY WAIT**
just give us a **CALL NOW** and book your
FREE appointment at **020 8646 9691**

Our highly skilled and qualified ADVOCATES/ SOLICITORS & accredited staf
will provide you with quality service

All calls are dealt with **Strict Confidentiality**

You can email us at: mail@mordensolicitors.co.uk
Address: 7-7A London Road, Morden, Surrey SM4 5HT





property renting
made
EASY & SIMPLE

N2 LETTINGS ESTATE AGENTS
020 34170607 www.n2lettings.com

خدا کے فضل اور رحم کے ساتھ
سونے کے اعلیٰ زیورات کا مرکز
شریف جیولرز







Sharif Jewellers

WEDDING – PARTY – EVERYDAY

Excelling in Gold jewellery for more than 60 years




28 London Road, Morden, SM4 5BQ
0044 – (20) 36094712
Aqsa Road, Rabwah
0092 – (47) 6212515

# Earlsfield Properties





**Letting & Estate Agents,**
**Surveyors, Valuers**
**(Group of Companies)**

We will manage your
property at 0% commission
Guaranteed
Rent Schemes for 3&5 years.

**Free Management Service**
**Guaranteed Vacant Possession.**
**Member National Landlord Association**
**Member Deposit Protection Schemes**

Please contact: Naveed Sarwar (MA European Real Estate)

175 Merton Road, London SW18 5EF Tel: 02082656000 02088770762 Fax: 02088749754
Email: earlsfieldproperties1@hotmail.com Web: www.earlsfieldproperties.com